اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝

کتاب لاجواب مسمّٰی بہ
عکسِ

آفتابِ عملیات مکمّل

حصّہ دوم

ترتیب و تالیف
فقیر حافظ حکیم جمیل احمد نائل سکندرپوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۝

کتاب لاجواب مسمّٰی بہ

عکسی

مکمل آفتابِ عملیات

ترتیب وتالیف

فقیر حافظ حکیم جمیل احمد عامل سکندر پوری

مُشتاق بُک کارنر

الکریم مارکیٹ، اُردو بازار لاہور

نام کتاب	☆	آفتاب عملیات (مکمل)
		جلد دوم (حصہ چہارم، پنجم، ششم)
مصنف	☆	فقیر حافظ حکیم جمیل احمد عامل سکندر پوری
ناشر	☆	مشتاق احمد
باہتمام	☆	سلمان خالد
پرنٹرز	☆	اسد نیئر، پرنٹرز لاہور۔
قیمت	☆	250 روپے

استدعا

پروردگار عالم کے فضل، کرم اور مہربانی سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو از راہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ (ناشر)

انتساب

الحمدللہ میں اپنی اس ناچیز تالیف
کو سلطان العارفین سلطان الصابرین
حضرت مخدوم علاء الدین علی احمد صابر کلیری رحمتہ
اللہ علیہ کے نام نامی، اسم گرامی پر معنون کرتا ہوں
کہ جن کی ذات عالی مرتبت سے میری
نسبت اور عقیدت میرے لئے
فلاح دارین کا موجب ہے
فقط۔ جمیل احمد جمیل
سکندر پوری

مکمل

آفتابِ عملیات

حصہ چہارم

فہرست

حمد باری تعالیٰ

اے خلاقِ جہاں پیدا کئے ہیں کل جہاں تونے
بنائے انس وجاں تونے زمین وآسماں تونے

بنایا آدمی کو کشتِ عقبیٰ کا کساں تونے
لیا انسان کا طرز فکن سے امتحاں تونے

بہت ڈھونڈا تجھے رازِ حقیقت کچھ نہیں سمجھا
کیا ہے جستجو میں گم مجھے اے لامکاں تونے

کیا تیار دوزخ منکروں کے واسطے تونے
بنایا مؤمنوں کے واسطے باغِ جناں تونے

مجھے انساں بنا کر دولتِ ایماں بخشی ہے
مرے مولا کیا ہے مجھ پہ لطفِ بیکراں تونے

پھر اس پر اہل سنت والجماعت میں کیا شامل
کیا پھر عالموں کا ساتھ دیکر شادماں تونے

جمیلؔ پر معاصی پڑتہے فضل وکرم تیرا
کہ اس کو دینِ برحق کا بنایا قدرداں تونے

جمیل عاجز رہا پھر بھی ادائے شکر سے تیرے
عطا کی تھی ادائے شکر کو یارب زباں تونے

تعارف

رشحاتِ قلم: جناب قاری عبدالرحیم صاحب مغفور ادیب ماہر سابق صدر مدرس مدرسہ ضیاء المومنین سہارنپور

پیش نظر کتاب "اسرار عملیات" آفتاب عملیات کا چوتھا حصہ ہے۔ یہ سلسلۂ عملیات کی ایک کڑی ہے۔ اس میں مولف نے خوابوں کے متعلق مفید معلومات پیش کی ہیں۔ اورام الصبیان کے اقسام اور علاج پر روشنی ڈالی ہے۔ عقیم اور عقیمہ کے علاج میں ادعیہ اور ادویہ کا مفصل تذکرہ کیا ہے۔ حفاظت حمل اور مولود کیلئے مخصوص نقش لکھے ہیں جن سے عوام الناس خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں یہ ایک قیمتی خزانہ ہے جو قابلِ قدر ہے۔

حقیقت میں یہ کتاب کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے اس سے قبل کئی کتابیں اس موضوع پر اس کے مولف کی لکھی ہوئی منظر عام پر آچکی ہیں جو عوام میں بہت مقبول ہوئیں تاہم حافظ صاحب کے ارشاد کی تعمیل میں چند سطور قلمبند کی جاتی ہیں۔

مولف کی قابلیت اور علم عملیات سے واقفیت پر آپ کی تالیفات شاہد ہیں۔ ایک قلیل عرصہ میں کئی کتابوں کا تالیف کرنا مہارت تامہ کی دلیل ہے اور کتابوں کی افادیت اور مقبولیت ان کی مانگ اور طلب سے ظاہر ہے کہ تھوڑے ہی عرصہ میں بعض کتابیں ختم ہو چکی ہیں۔ دوبارہ ان کی اشاعت کی تیاری ہو رہی ہے۔

حکیم حافظ جمیل احمد صاحب کو ابتدائے سن شعور سے عملیات کا شوق

رہا ہے اور اس فن کے کاملین کی صحبت میں وقت گذارا ہے۔ اہل اللہ سے فیض حاصل کیا ہے اور بمصداق مَنْ جَدَّ وَجَدَ، اس فن میں کمال حاصل کیا ہے۔

حافظ صاحب خوش خلق، ملنسار، ہمدرد خلائق انسان ہیں۔ خدمت خلق کو اپنا شیوہ بنا رکھا ہے۔ یہی سبب ہے کہ آپ مرجع خلائق بنے ہوئے ہیں۔ دور دراز سے ضرورتمند روزانہ آتے ہیں اور کامیاب ہو کر جاتے ہیں

اللہ تعالیٰ مولف موصوف کی عمر و عمل میں برکت عطا فرمائے اور راہِ ہدایت پر قائم رکھ کر خلقت کو ان سے مستفیض فرمائے۔ آمین

بندۂ اثیم، راجی رحمتِ رب کریم
عبدالرحیم مغفور سہارنپوری

تمہید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع کرتا ہوں تیرے نام سے مشکل کشا ہے تو
رحیم و مہرباں ہے صاحبِ جود و سخا ہے تو

امابعد:-

بندۂ فقیر، حقیر، پُرتقصیر، فقیر حافظ جمیل احمد جمیلؔ سکندرپوری مقیم حال بیت الجمیل ۱۲/۱۹۰۳ بالمقابل اسلامیہ انٹر کالج عیدگاہ روڈ سہارنپور ثَبَّتَ اللّٰہُ عَلٰی صِرَاطِ السَّوِیّ:- فضل ربی سے اس کتاب کے تین حصے مکمل ہو گئے ہیں۔ اب چوتھے حصہ "آفتاب عملیات" موسومہ بہ "اسرارِ عملیات" کی ابتداء عنایت ربی سے اور توفیق خداوندی سے کرتا ہوں۔

جیساکہ بندہ فقیر نے اس کتاب کو سات حصوں میں مکمل کرنے کا ارادہ کیا ہوا ہے۔ اللہ تبارک تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے اور نبی کریم صاحبِ تعظیم محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ سے اس کی تکمیل و تسوید فرمائے۔ آمین

مشتاقانِ عملیات و شائقین حاضرات کے مبارکبادی خطوط نے اور عاملین کی طلب کتب نے اس فقیر کے حوصلہ کو تقویت پہونچائی تو ہمت کمربستہ کرکے یہ چوتھا حصہ "آفتاب عملیات" موسومہ بہ "اسرار عملیات"... شائقین عملیات کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

جیساکہ پچھلے تین حصوں میں مستند و مصدقہ مجربہ قاعدے، قوانین عملیات اور نکات حاضرات اور طریقۂ صحیحہ پیش کرچکا ہوں، اسی طرح حتی الامکان کوشش وسعی کے ساتھ اس حصہ میں بھی باطل و فرسودہ عملیات سے اجتناب کرتے ہوئے صحیح و مصدقہ، مدللہ و مجربہ عملیات پیش کروں گا۔

ناظرین کرام اگر کہیں کوئی غلطی لفظی یا معنوی پائیں تو عفو فرماکر اور اصلاح فرماکر مشکور فرمائیں۔ اور نفع اٹھانے کی صورت میں دعائے خیر میں فقیر کو بھی یاد فرمائیں۔

فقیر کے پاس جو خزینۂ عملیات و نقوشات قلمی بیاضوں سے نیز بزرگانِ دین کی خدمت سے اکٹھا ہوئے ہیں اس میں سے کچھ اور حصہ لیکر ترکیب و ترتیب کے ساتھ بندگانِ خدا کی نذر کرتا ہوں۔ تاکہ خاص و عام فائدہ اٹھائیں۔ اور فقیر کو اپنی مخصوص دعاؤں میں یاد فرمائیں۔

وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط وَبِالْاِجَابَۃِ جَدِیْرٌ ط

جمیل احمد جمیلؔ سکندرپوری

افتتاحیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ٥

اللہ کا نام لیکے کرتا ہوں ابتدا ؛ روح نبی کی نذر ہے تحفہ درود کا

امابعد: فقیر نے اس کتاب کو چند حصوں میں ترتیب دینے کا جو ارادہ کیا تھا، اللہ رب العزت نے اپنے فضل وکرم سے تین حصوں کو پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔ اب بندہ فقیر نے اس چوتھے حصہ کی ابتدار کی ہے، اللہ جل شانہٗ اپنی رحمت کاملہ سے اپنے فضل وکرم سے کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

پہلی تین کتابوں میں تاثیر عمل، ابجدات، مستحصلات، طریقہ زکوٰۃ، عمل ونقوش، علم الآثار، علم الحروف، شناخت امراض، سوالات، مع حل الجواب اسم باری کی خصوصیات، رموز موکلات، علم النجوم، زائچہ دلگن بنانے کا طریقہ عملیات، خاصیت الحروف مع زکوٰۃ، کشف قلوب، کشف قبور، حاضرات علوی وروحانی، موکلاتی، جناتی اور قل ہو اللہ شریف کے متعدد حاضرات مجربہ، آسیب جنات، خبیثات، چڑیل، مڑیل، پری امری، دیو، وغیرہ کو حاضر کرنا، بھگانا

اور جلانا، کلام کرنا، قید کرنا، اور آسان طریقہ سے مکمل علاج کرنیکا طریقہ۔

اب اس چوتھے حصہ میں مکمل طریقہ علاج عقیم وعقیمہ (بانجھ مرد وعورت) کا کرنا، ام الصبیان، جوگیان، کلبیان، ثمرہان، کفتاران بیابان، عفریت مسان خام وپختہ، سوکھا مسان کا علاج مکمل، اولاد نرینہ کا علاج بذریعہ ادعیہ وادویات، حفاظت اطفال (بچوں کا علاج) وغیرہ کا مکمل علاج کرنے کا طریقہ بیان ہوگا۔ اور متفرقات مختلف الانواع واقسام کے تجربات پر یہ چوتھا مشتمل ہوگا

بامداد رب العالمین وصدقہ شفیع المذنبین وآل وازواج مطہرات وصحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، تابعین وتبع تابعین، اولیاء کرام بزرگان دین کی برکتوں سے یہ چوتھا حصہ پایۂ تکمیل کو پہونچیگا۔ یہ مشکل کام آسان ہوکر منزل مقصود کو پہونچیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقط

فقیر حافظ، حکیم جمیل احمد جمیل سکندرپوری

دربیانِ خواب

نیند کی حالت میں انسان جو کچھ دیکھتا ہے اس کو خواب کہتے ہیں۔ بچے، جوان، بوڑھے، امرد، عورت سبھی خواب دیکھتے ہیں کچھ خواب بشارت الٰہی پر مبنی ہوتے ہیں جو کہ اہل اللہ اور مومنین کو نظر آتے ہیں۔ کچھ خواب جنات و آسیب کی وجہ سے نظر آتے ہیں۔ جنات و آسیب و خبیثات مختلف شکلوں میں آکر ڈراتے ہیں۔ کچھ خواب شیاطینی وساوس کی وجہ سے آتے ہیں۔ کچھ خواب سحری وجوہات کی بنار پر نظر آتے ہیں اور کچھ خواب امراض کی وجہ سے نظر آتے ہیں مثلاً گیس کی زیادتی کی بنار پر نظر آتے ہیں۔ عام طور سے عورتوں کو ایام کی خرابی کی بنار پر بھی خواب نظر آتے ہیں۔ ہر قسم کے خواب یعنی آسیبی، جناتی، شیاطینی، سحری، امراضی وغیرہ ہر قسم کے خواب کی بندش کیلئے نقوش و ادعیہ تحریر کرتا ہوں تاکہ خواب کا تانتا ٹوٹ جائے اور مریض کو سہولت اور افاقہ حاصل ہو۔

برائے بندشِ خواب ۱/

اگر کسی شخص کو خواب نظر آتے ہوں تو اس شخص کو مندرجہ ذیل نقش دو عدد لکھ کر دیے جائیں۔ ایک عدد نقش تعویذ بناکر گلے میں باندھیں اور ایک نقش بوتل میں ڈال کر رکھیں اس بوتل میں پانی ڈال لیں اور اس پانی کو صبح و شام پیتے رہیں انشاء اللہ ہر قسم کے خواب بند ہو جائیں گے اور مریض کو سکون و راحت میسر ہوگی۔

۷۸۶

۲۵۴	۲۵۷	۲۶۰	۲۴۶
۲۵۹	۲۴۷	۲۵۳	۲۵۸
۲۴۸	۲۶۲	۲۵۵ع	۲۵۲
۲۵۶	۲۵۱	۲۴۹	۲۶۱

یا اللہ ہر قسم کے خواب دور فرما

برائے بندشِ خواب ۲/

جس شخص کو آنکھ بند کرتے ہی ڈراؤنے خواب نظر آنے لگتے ہوں اور اسی خوف و دہشت میں نیند سے بھی ڈر لگنے لگا ہو تو اس نقش کو بروز جمعہ یا دوشنبہ لکھ کر رکھے اور ضرورت کے وقت خوف زدہ و خواب زدہ کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ خوف و دہشت دور ہوگی، خواب بند ہوگے

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۶	۱۳۲۹	۱۳۱۶
۱۳۲۸	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۷
۱۳۱۸	۱۳۳۱	۱۳۲۴	۱۳۲۱
۱۳۲۵	۱۳۲۰	۱۳ ۱۹	۱۳۳۰

یا اللہ ڈراؤنے خواب ڈراؤنی شکلوں کو بند فرما۔

برائے بندشِ خواب ۳/

اگر کسی شخص کو معمولی غنودگی میں بھی ڈر، خوف اور خواب نظر آنے لگتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر بروز شنبہ تیار کر کے رکھے اور خواب زدہ کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ و سلامت رہیگا۔

۷۸۶

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۵	۲۱۶۱
۲۱۷۴	۲۱۶۲	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۳	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۶

یا اللہ ہر قسم کی بدخوابی سے محفوظ فرما۔

برائے بندشِ خواب ۴/

اگر کسی شخص کو ڈراونے خواب رات بھر تنگ کرتے ہوں اور گندے خواب زیادہ تر نظر آتے ہوں یہاں تک کہ کثرت احتلام کی شکایت واقع ہو جاتی ہو تو اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ کر رکھے اور خواب زدہ کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ڈر، خوف اور وحشت و کثرت احتلام سے محفوظ و مامون رہیگا۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

یا اللہ بدخوابی و شیطانی وساوس کو دور فرما۔

برائے بندش خواب ۵/

اگر کسی شخص کو سحر سفلی کی وجہ سے بدخوابی کی شکایت ہو اور کسی صورت بدخوابی دور نہ ہوتی ہو تو اس نقش کو بروز دوشنبہ لکھ کر رکھے ضرورت کے وقت خواب زدہ کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سفلی دور ہوگا۔ اور ڈراؤنے خواب بند ہوں گے اور مریض کو شفا ہوگی۔

۷۸۶

۱۵۷۵	۱۵۷۹	۱۵۸۲	۱۵۶۸
۱۵۸۱	۱۵۶۹	۱۵۷۴	۱۵۸۰
۱۵۷۰	۱۵۸۴	۱۵۷۷	۱۵۷۳
۱۵۷۸	۱۵۷۲	۱۵۷۱	۱۵۸۳

یا اللہ جمیع سحر و بدخوابی کو دور فرما

برائے بندش خواب ۶/

جس کو کثرت احتلام کی شکایت ہو اور خواب دیکھ کر احتلام ہوتا ہو اور ڈراؤنے خواب آتے ہوں اور دل و دماغ دن رات شیاطینی وساوس میں مبتلا رہتا ہو تو اس نقش کو بروز جمعہ لکھ کر رکھے اور جب کوئی سائل اس ضمن کا آئے تو اس نقش کو گلے میں باندھے انشاء اللہ ہر قسم کی بدخوابی دور ہوگی اور جملہ وساوس دور ہوں گے۔

۷۸۶

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲
۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱

یا اللہ کثرت احتلام بند فرما بدخوابی کو دور فرمائے

برائے بندشِ خواب وکابوس

بہت سے عاملین خواب بندی کیلئے مختلف الانواع واقسام کے تعویذات استعمال کرتے ہیں، مگر ڈراؤنے خواب بند نہیں ہوتے بلکہ بدستور نظر آتے رہتے ہیں اور لبسا اوقات خوابوں میں زیادتی ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے مریض یا وارثانِ مریض بدظن و بدعقیدہ ہوکر دوسری طرف رجوع کرتے ہیں۔ مگر وہاں بھی یہی صورت پیش آتی ہے پھر تیسری طرف رجوع کرتے ہیں، یہاں تک کہ عاملین ہی سے نہیں بلکہ کلام الٰہی سے بدعقیدہ ہو جاتے ہیں۔ جو کہ مریض کے مفاد میں ہے نہ عاملین کے۔

اسی ضمن میں عاملین نے بہت محنت شاقہ اٹھائی اور تلاش و جستجو کو جاری رکھا بالآخر عاملین وکاملین واستادانِ فن نے منزل مقصود کو پالیا اور پریشان حال مریضوں کیلئے ان کا علاج تلاش کیا۔ اور علاج کیا وہ علاج بدخوابی و پریشاں حال مریضوں کیلئے باعث شفا ثابت ہوا۔ وہ تلاش و جستجو "ریح احمر" و "داء اکبر" اور "کابوس" ہے جسکی تفصیلی پہچان حضرت آصف بن برخیا وزیر حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام مندرجہ ذیل طریق سے بیان کرتے ہیں: حضرت آصف بن برخیا نے فرمایا کہ "حضرت سلیمان علیہ السلام ایک مرتبہ اپنے تخت پر تشریف فرما تھے۔ اکابرینِ سلطنت وارکان دولت اور وحوش وطیور اور زہاد یعنی بزرگان دیو وپریاں ان کی حضوری میں حاضر تھے۔ اور حضرت سلیمان علیہ السلام حکمرانی فرما رہے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ

اللہ تعالیٰ نے تمام ارض وسما کی مخلوق کو میرا تابع بنایا اور فرمایا کہ اے آصف! کیا کوئی ایسی مخلوق یا گروہ ہے؟ جو تابع نہ ہو یا میری تابعدار نہ ہو؟ تو اس پر آصف بن برخیا نے کہا کہ یا نبی اللہ دنیا ومافیہا کی جتنی مخلوق ہے وہ سب آپ کی تابع فرمان ہے ملک الٰہی اور اس کی بادشاہی میں ذرہ برابر بھی کوئی مخلوق ایسی نہیں جو کہ اطاعت گذار نہ ہو اور تابعدار نہ ہو۔ ہر شے بحکم ربی آپکی تابعدار ہے۔ اسی اثناء میں ایک عجیب الخلقت شخص ظاہر ہوا جس کی درازی کم وبیش ۴۰ ہاتھ یا چالیس گز تھی اور طول وعرض بھی اسی قدر تھا۔ اور اس کے جسم سے آگ کے شعلے نکل رہے تھے۔ کچھ اصحاب اس عجیب الخلقت شخص کو دیکھ کر گھبرا گئے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے تین مرتبہ اللہ اکبر پکارا اور اس کی طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا کہ اے شخص آتشی بزرگ جثہ تو کون ہے؟ اور تیرا کیا نام ہے؟ اور تیرے ساتھ یہ کیا آفت وشامت ہے؟ اس شخص نے جواب دیا کہ یا نبی اللہ میں ریح احمر ہوں اور داء اکبر ہوں یعنی بہت بڑا آزار ہوں میں ایک بیماری ہوں اور مرضوں میں سے ایک مرض ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا اور میرے سپرد بہت سے اعوان وانصار کئے وہ سب بامر خدائے تعالیٰ میرے کام کیلئے حاضر رہتے ہیں۔ اور خدائے تعالیٰ نے مجھے چار سو امراض سپرد کئے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر فضل وکرم فرماتے ہوئے ان چار سو امراض کی دوا بھی تخلیق کی اور وہ دوائیں مجھے بھی بتادیں جب اللہ جل جلالہٗ اپنے کسی بندے پر عتاب نازل فرماتا ہے تو مجھے اس پر مامور فرما دیتا ہے اور جب اس بندے پر رحم وترس کھا کر معاف فرما دیتا ہے تو ان دواؤں یعنی ان کلمات سے اس بندے کو استعمال کرنے کی توفیق عطا فرما دیتا ہے جسکی وجہ سے

وہ شخص میرے آزار سے بچ نکلتا ہے۔ حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام نے اس عجیب الخلقت ریح احمر سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ قسم ہے تجھے اس پاک ذات ہستی کی جس نے تجھ کو پیدا کیا اور دوائیں پیدا کیں بتلا تیرے کتنے فرع ہیں یعنی کتنے تیرے ہم جنس وہم پیشہ ہیں؟ ریح احمر نے کہا یا نبی اللہ میرے فرع تو بہت ہیں لیکن جو امراض میرے ساتھ خاص ہیں وہ یہ ہیں (۱) میرے ساتھ باسور ہے یعنی بواسیر خونی وبادی۔ (۲) ناسور (۳) درد کمر بمعہ جریان (۴) شکست کمر بمعہ مذی سیلان (۵) ریاح (۶) قراقر شکم (۷) نفخ (۸) قلب معدہ اور اس کا ماوف کرنا (۹) فساد معدہ وورم معدہ (۱۰) وجع الجنین یعنی مرض پوشیدہ (۱۱) آزار نہفتہ جو کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ درد حرکت کرتا ہے پیچ ناف وتعب جگر (۱۲) اول اور آخر شب ہواؤں کا چلنا جو کہ لوگوں کے سروں میں مورث ضارب ہوتا ہے یعنی قرع دماغ یعنی جس سے دماغ ماؤف ہو جاتا ہے۔ جس کو وہ ریاح لگ جاتی ہے اس کا دماغی توازن بگڑ جاتا ہے یہاں تک کہ وہ مصروع ہو جاتا ہے یعنی جس کو صرع (مرگی) کہا جاتا ہے۔ (۱۳) درد نیم سر اور دوران سر اور طیر کا عارضہ ہوتا ہے یعنی جس کو سبکی سر کہتے ہیں جس کی وجہ سے جنون ومالیخولیا ووہم ووساوس وپاگل پن سوار ہو جاتا ہے۔ اس کی شکل وصورت بدل جاتی ہے اور میری قوت اس کے جسم میں سرایت کر جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے ایسے شخص کے جسم میں قوت وطاقت بے اندازہ ہو جاتی ہے۔

صداع یعنی درد شقیقہ ودرد نیم سر وسالم کا علاج یہ ہے کہ مریض کو سرکہ انگور خالص کھلائے اور غاریقون کی معجون دونوں وقت کھانا کھانے کے

بعد کھلائے۔ تو انشاء اللہ وہ شخص درد شقیقہ وصداع ودرد سر سے محفوظ رہیگا۔

طیر وجنون ووساوس ومالیخولیا اور طلسان ودوران سر وسبکی سر کا علاج یہ ہے کہ تخم برسیم یعنی حب القرط کو باریک پیس کر گرم پانی میں ملا کر سر پر لگا دیا جائے اور مریض کی نگرانی رکھی جائے۔ اگر مریض کے مزاج میں سوداویت یا دمویت کا عنصر غالب ہوتا ہے تو اس کو عارضہ تخیلات پیدا ہوتا ہے اور وہ کچھ سے کچھ بکواس کرے گا اور خوف زدہ بھی رہیگا اور آتشی عنصر غالب ہو تو اس کی حالت ایسی ہوگی کہ وہ اپنے پرائے سب سے ڈرے گا۔ ایسا محسوس کریگا کہ یہ سب لوگ میرے قاتل ہیں، وہ لوگوں کو دیکھ کر گھبرائے گا، چلائیگا، گالیاں دیگا، یہاں تک کہ کپڑے پھاڑے گا۔ اگر اس کے قریب کوئی شخص آئیگا تو اس سے لپٹ جائیگا، اور شور مچائیگا۔ اس کیلئے روغن کدو مریض کے سر کے بیچ میں خوب ملے یعنی تر کردے اور دونوں کنپٹیوں پر ملے۔ اور روغن کدو ہی کو سنگھائے، چند دن اسی طرح کرنے سے مریض کو صحت کامل ہوگی۔

دفع کابوس کیلئے ذیل کا نسخہ مجرب وآزمودہ ہے۔ علامات کابوس یہ ہیں کہ رات کو سوتے وقت لیٹتے ہی ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اسے کوئی وزنی شے دبا رہی ہے وہ شخص اتنا مغلوب ہو جاتا ہے کہ حرکت وجنبش تک نہیں کرسکتا دم سا گھٹنے لگتا ہے چلانا چاہتا ہے مگر چیخ بھی نہیں مار سکتا۔ بعض مرتبہ چیخ نکل جاتی ہے اور ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھتا ہے۔ صبح کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جیسے تمام جسم لوہے سے جکڑا ہوا ہے۔ اس شخص کا علاج یہ ہے کہ اس شخص کو رات کو سوتے وقت سبز کشنیز دو درم کھلائے اگر مریض کا مزاج بادی ہے تو سونے سے قبل ایک درم مصطگی رومی کھلائے اور سبز نخود کو سبز باتھوا کے پانی سے کھلائے یا نیم گرم پانی کے ساتھ کھلائے تو امید ہے کہ عارضہ کابوس ختم ہو جائے گا:

اور ہر قسم کے خواب بند ہو جائیں گے۔ اس کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اے ریح احمر! تبلا اور کیا عوارض تیرے ساتھ ہیں؟ ریح احمر نے کہا کہ یا نبی اللہ میرے ساتھ عاصفہ یعنی باد سخت ہے جو درختوں کو اکھاڑ ڈالتی ہے اور توڑ ڈالتی ہے اور عاصفہ ہے یعنی باد تند جو درختوں اور کھیتوں کو پامال کر ڈالتی ہے۔ اور باد صرصر ہے یعنی باد شدید البرد اور عقیم ہے یعنی باد خزاں اور باد عاصم و سموم ہے جو ایام میں چلتی ہے۔ ایام نحس کا بیان آفتاب عملیات کی جلد اوّل میں بیان ہو چکا ہے وہاں نقشہ دیکھ لیں۔ مختصراً وہ تواریخ یہ ہیں۔ ہر ماہ کی تیسری، پانچویں، تیرھویں، سولہویں، اکیسویں، چوبیسویں اور پچیسویں تاریخوں کو خاص کر ہر ماہ کے آخری چہار شنبہ کو علماء عاملین اور استادان کاملین نے متفقہ طور پر مندرجہ بالا تاریخوں کو منحوس قرار دیا ہے ان تاریخوں میں مندرجہ ذیل کاموں کا آنا درست نہیں ہے مثلاً بیع و شراء یعنی خرید و فروخت کرنا اور سفر وغیرہ کرنا سزاوار نہیں ہے۔ ایسے ہی نیا کپڑا پہننا، نئی پوشاک پہننا، نکاح کرنا، درخت کا پودا لگانا، کنواں کھودنا، نل وغیرہ لگانا، نیا مکان بنانا، کسی حاکم کے پاس کسی غرض و مطلب سے جانا وغیرہ وغیرہ ایسے کام ہیں جو مذکورہ تاریخوں میں کرنے مناسب نہیں ہیں۔ بعدہٗ حضرت سلیمان نے فرمایا کہ اے ریح احمر! کیا تیری ریاح سے اور بھی کوئی ریاح ہے؟ ریح احمر نے جواب دیا اور کہا کہ یا نبی اللہ مجھ سے اور بھی ریاح ہیں یعنی غلیظہ و شدیدہ جن سے حق تعالیٰ نے شہر مدائن کو برباد و ہلاک کیا تھا۔ اور مجھ سے ہی وہ ریح ہے جو آخر زمانہ میں پہاڑوں کو منہدم کرے گی اور مجھ سے ہی ایک اور فرع ہے جس کا نام جبوب ہے اگر وہ ریح کسی شخص کے قریب سے بھی گذر جائے اور جتنا بھی حصہ جسم کا اس سے مس ہو جائے یعنی لگ جائے تو اتنا ہی دھڑ جسم کا بیکار ہو جائے

اور جسم کے اس حصہ سے حرکت و جنبش نہ کر سکے۔ اسکو عرف عام میں فالج کہتے ہیں اور حق تعالیٰ نے اس کی شفا روغن بلساں میں رکھی ہے اور روغن زیتون میں نیز روغن شونیز یعنی کلونجی کے تیل میں رکھی ہے۔ ان روغنوں کو اکلاً و شرباً و خارجاً یعنی داخلی اور خارجی دونوں طریق سے استعمال کیا جا سکتا ہے مریض کو ہدایت کیجائے کہ وہ تمام سرد چیزوں کو ترک کر دے لذات و شہوات بند کرے اور ایک تنہا کمرے میں رہ کر علاج کرے جہاں ہوا کا گذر نہ ہو اور اسم یا لطیف یَا لَطِیفُ کا ورد کرے حق تعالیٰ صحت کامل و شفائے مرحمت فرمائیں گے۔ اسم یالطیف کا نقش ذوالکتابت تیار کرے اور مریض کے مفلوج حصہ میں باندھے اور برابر اسم یالطیف کو پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ صحت کامل و شفائے عاجل پائے

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
۱۱	۷۹	۳۱	۸
۷۸	۸	۱۱	۳۲
۱۰	۳۳	۷۷	۹

یا اللہ فلاں بن فلاں کو کابوس کے ضرر سے محفوظ فرما

نقش ذوالکتابت اسم لطیف کا یہ ہے اگر عامل اس کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں اسم لطیف کو ۱۲۹ مرتبہ روز پڑھے اور ایک سو انتیس نقش لکھ کر دریا میں بہائے۔ بروز پنجشنبہ بعد نماز فجر شروع کرے چالیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی اس نقش کو مبتلائے کابوس کو باندھنے کے واسطے دیگا تو کابوس زدہ صحت کامل پائیگا مجرب ہے ::

پھر ریح احمر نے کہا مجھ ہی سے ایک اور فرع ہے کہ اطفال کو مصیبت زدہ کرتی ہے۔ جب بچے کو میں آزار پہونچانا چاہتا ہوں تو بچہ کا رنگ زرد و سیاہ ہو جاتا ہے اس کی آنکھیں چڑھ جاتی ہیں اور بچہ چلو انس ہو جاتا

ہے یعنی ضدی پنا اور شور مچا کر چلا چلا کر رونا شروع کر دیتا ہے جس کی وجہ سے سارا گھر پریشان ہو جاتا ہے اسکی شفا ان چیزوں میں اللہ تعالیٰ نے رکھی ہے میسر القرع یعنی مربائے کدوئے شیریں اور شربت نیلوفر چٹانا یا پلانا سود مند ہے اور اَلْحَافِظُ کا نقش ذوالکتابت بچہ کو باندھنا اور پلانا بھی سود مند ہے نقش ذوالکتابت یہ ہے۔

ح	ا	ف	ظ
۸۱	۸۹۹	۹	۰
۸۹۸	۷۸	۳	۱۰
۲	۱۱	۸۹۷	۷۹

یا اللہ بچہ کو ریح احمر کے ضرر سے محفوظ فرما

اور یہ دوسرا نقش بھی بچے کیلئے مفید اور سود مند ہے اس کو موم جامہ کر کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ چلوانس کے مرض سے محفوظ رہیگا۔ وہ نقش یہ ہے :

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹

ط ط ط ط ط ط ط ط ط

ح ح ح ح ح ح ح ح ح

یا اللہ بچہ کو ریح احمر و چلوانس سے محفوظ فرما۔

ریح احمر نے کہا مجھ میں ایک فرع اور ہے وہ ہے رعشہ جس کو فالج بھی کہتے ہیں یعنی لقوہ اور رعشہ والے اعضاء بلا کسی حرکت کے خود بخود ہمیشہ لرزاں و لرزاں رہتے ہیں اور یہ مرض بوقت طربہ یعنی فرط شادمانی یا دقت صدمات جنگ و جدل یا افتادگی یا غرقہ یعنی غوطہ لگانے سے یا بہت پانی پینے سے یا آسیب خانگی کا سایہ پڑنے سے ہوتا ہے۔

علاج اسکا یہ ہے کہ روغن بلساں یا روغن زیتون کی مالش کرے اور حرز شریف کا تعویذ بنا کر گلے میں ڈالے اور حرز شریف کو لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر صبح نہار منہ پیئے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل ہو گی۔ حرز شریف آگے لکھی جائیگی۔ پھر حضرت سلیمان نے فرمایا کہ اے ریح احمر کیا اور کوئی فرع بھی

تجھ سے باقی ہے؟ تو ریح احمر نے کہا یا نبی اللہ مجھ سے یہ فرع بھی وابستہ ہے کہ جب میں کسی آدمی کے دماغ میں داخل ہوتا ہوں تو اس کی عقل زائل کر دیتا ہوں اور اسکو پاگل کر دیتا ہوں اور جب کسی شخص کے نتھنوں میں داخل ہوتا ہوں تو باسور یا ناسور کر دیتا ہوں اور اسی طرح ہر عضو کی بنسبت سبب آزار ہوتا ہوں یہاں تک کہ اس شخص کے سارے اعضاء وقویٰ بیکار کر دیتا ہوں۔ اس وقت سیدنا حضرت سلیمان علیہ السلام نے آصف بن برخیا سے فرمایا "اس عظیم الخلقت ریح احمر کو پکڑ وا اور جلا دو۔ تب ریح احمر نے کہا۔ یا نبی اللہ اس امر پر کسی کو قدرت نہیں کہ مجھ کو جلا دے۔ کیونکہ اللہ رب العزت نے مجھے عمر دراز بخشی ہے اور پھر وہ ریح احمر حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے سے غائب ہو گیا اور تا زمانۂ سرور کونین خاتم الانبیا محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم غائب رہا اتفاقاً ایک روز حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ درد شکم سے بیمار ہوئے اور منہ سے خون اگلا یہ حال نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور صحابہ کرام کو سنایا گیا۔ تبھی حضرت جبرئیل امیں بارگاہ نبوت میں تشریف لائے اور عرض کیا "یا رسول اللہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ریح احمر نے مس کیا ہے تب جناب سرور کائنات جناب رسول اللہ نے ارشاد فرمایا کہ "اے جبرئیل امین! اس کی کوئی دوا اور علاج ہے؟ جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا "ہاں ہے" اور چند ساعت کو غائب ہو گئے اور پھر آکر عرض کیا۔ حق تعالیٰ نے آپ کیلئے ایک ہدیہ و تحفہ بھیجا ہے۔ وہ دعائے مستجاب ہے" اگر کوئی امتی یا اور کوئی شخص زندگی میں ایک بار بھی پڑھ لیگا تو زندگی بھر ریح احمر کے شر و ضرر سے محفوظ رہیگا" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی وقت دعائے مستجاب کو پڑھ کر امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر دم کیا حق تعالیٰ نے اسی وقت شفا بخشی اور وہ اٹھ کر کھڑے ہو گئے گویا کہ بیمار ہی نہ ہوئے

ہوں۔ اسی وقت بعض صحابہ نے اس دعا کو سیکھا آپ نے فرمایا اس دعا کو یاد رکھو اور آنے والوں کو تعلیم کرو تاکہ میری امت کے لوگ ریح احمر کے شر و ضرر سے محفوظ و مامون رہیں بہت سے فقرا نے اس کو اپنی قلمی بیاضوں میں تحریر کیا ہے اور بہت سی فضیلتیں بیان کی ہیں۔ درویشوں نے لکھا ہے کہ دعائے مستجاب کو لکھ کر گلے میں باندھے اور ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے اور سرسوں کے تیل پر دم کرکے مالش کرائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض شفا پائے۔ کاملین نے فرمایا ہے کہ اس دعائے مستجاب کو پابندی سے ایک ایک مرتبہ صبح و شام پڑھنے والا جمیع اثراتِ جنات و کلبیان، سار و ثمر ہان، جوگیان و کفتاران، بیابان و عفریت سے محفوظ رہیگا۔ اور ہر قسم کے سحر سفلی و علوی و عطائی و سیفی سے محفوظ و مامون رہیگا۔ اور مصائب و شدائد و مکائد سے نجات پائیگا۔ اور جمیع اقسام کے علل و خلل سے محفوظ رہیگا۔ دشمنوں پر حاوی رہیگا۔ مخالفین و دشمنان جان و مال پر غالب رہیگا۔ اور ان کے آزار سے محفوظ و سلامت رہیگا۔ گناہ کبیرہ صغیرہ سے بچا رہیگا۔ اور نیک و صالح رہیگا۔ ریح احمر و دار اکبر و وساوس شیطانی سے جسمانی و روحانی امراض سے مامون و سلامت رہیگا۔ بدخوابی سے کابوس وغیرہ سے محفوظ و سلامت رہیگا۔ یہ دعائے مستجاب بہت ہی پر تاثیر ہے اور یہ فوری اثرانداز ہوتی ہے ہر طرح کے صدمات کرب و بلا سے ہر قسم کے رنج و بلا سے محفوظ رکھتی ہے۔ دعائے مستجاب یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بہٖ نستعین بسم اللہ وباللہ ومن اللہ والی اللہ وعلی اللہ وفی سبیل اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر واعز واجل واعظم واقدر مما اخاف واحذر واللہ اکبر کبیرا والحمد للہ

کثیرا وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا ٥ بسم اللہ الشافی وبسم اللہ الکافی وبسم اللہ المعافی بسم اللہ لا یضرہ مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ٥ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ٥ اللھم انا الراقی وانت الشافی اعوذ بک من شر ما قضیت اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر ایھا الملکان العظیمان اعوذ باللہ ربی وربکما وخالقی وخالقکما ومصوری ومصورکما خالق الصور ورازق البشر اعوذ باللہ من جمیع الآفات والعاھات والبلیات والامراض والاورام والاسقام والاسل والخمود والآلام اعیذ حامل کتابی ھذا باسمائہ الکرام وآیات العظام وبنور وجہ اللہ ذی الجلال والاکرام مالک الملک والملکوت والعزۃ والجبروت الحی الدائم الباقی الذی لا یموت سبحنک ما اعظم شانک یا فاطر السمٰوٰت والارض عالم الغیب والشھادۃ الرحمٰن الرحیم ٥ ملجاء القاصرین مغیث الملھوفین یا راحم الضعفاء والمساکین و رازق الخلق اجمعین ٥ ذی العظمۃ والسلطان ذو الرافۃ والاحسان والجود والامتنان یا حنان یا منان یا روف یا دیان یا قھار الذی لا یقھر الغالب الذی لا یغلب المجیر الذی لا یجار علیہ اعوذ بہ من شر الفتن والمحن وجمیع الامراض البدن من الریح الاحمر والداء

الاکبر فی النفس والروح والدم واللحم والعظم والجلد و
العروق والعصب والشعر بعزة من اذا قضی امراً فانما
یقول له کن فیکون فسبحان الذی بیده ملکوت کل
شیء والیه ترجعون اللّٰه اکبر اللّٰه اکبر اللّٰه اکبر یا رب
یا باری یا بر یا مغیث یا جبار یا قہار یا باسط یا مقسط یا
دائم یا مبدی یا معید یا مصور یا ودود یا کافی یا شافی
یا معافی یا وافی یا باقی یا صریخ المستصرخین یا
غیاث المستغیثین یا من امرہ بین الکاف والنون
یا شکور یا منصور یا عطوف یا رؤوف یا ناصر یا منصور
یا ودود یا مقتدر یا اھیا یا اشرا ھیا یا براھیا
ادونائی اصباؤت آل شدائی الوھیم یا بیوتا
یا شیخیا یا شمخشیا یا عظیم یا مقدم یا موخر یا علیم
یا حکیم یا عظیم یا حی یا قیوم یا قائماً علی کل نفس بما
کسبت یا جامع یا نافع یا رباہ یا سیداہ یا مولاہ یا
مالکاہ یا غایۃ رغبتاہ یا مجیر یا من یعلم ما تخفی
وما تعلن یا احکم الحاکمین یا ولی المومنین
یا عون الضعفاء والمساکین ویا کافی المتوکلین
یا مکور اللیل علی النہار ویا مکور النہار علی اللیل
یا قاھر کل شیطان مرید یا قامع کل جبار عنید یا نعم
المولی ونعم النصیر یا رازق الطفل الصغیر یا راحم الشیخ

الکبیر یا جابر العظم الکسیر یا الٰہ الاولین والآخرین
یا ارحم الراحمین یا حبیب التوابین یا خیر الغافرین
یا خیر الوارثین یا خیر الفاصلین یا مالک یوم الدین اللّٰھم
ایاک نعبد وایاک نستعین ۰ وعلیک نتوکل وفیک
نرغب وفیما لدیک نرجو منک نخاف اللّٰھم
اشف حامل کتابی ھذا من جمیع الامراض
والاسقام والعلل والخبل والخلل والالام و
الملل والکسل والوجل والاوھام والذلل الذھل
والاورام والدم الاسود والمرض الاکند والریح
الاحمر والداء الاکبر والدم الاصفر وجمیع
الآفات والعاھات والھموم والغموم والکروب
والسکتۃ والدھشۃ والرعشۃ والحزن والسحر
والمکر والعذر والفتور والوحوش والھوام و
مشاحنۃ العوام والانھزام وشر الشیطان
والسلطان والحکام والظلام والقحط والغلاء
والوباء والزلزال وھدم البناء وعضال الداء وخیبۃ
الرجاء وشماتۃ الاعداء وشر الاشرار وکید الفجار
والانھزام وما اختلف علیہ اللیل والنہار ومن
طوارق الانس والجان الا طارقاً یطرق بخیر یا رحمٰن ومن شر
کل شیطان الرجیم ومن کل دابۃ انت اخذ بناصیتھا ان ربی علی صراط
مستقیم انت ربی وعلمک حسبی توکلت والیک النجاۃ یا نعم

الْمَوْلٰى وَيَا نِعْمَ النَّصِيْرُ وَاَنْتَ حَسْبِیْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۔

برائے بندشِ خواب ۸

اگر کوئی شخص ڈراونے خواب دیکھتا ہو سونا بھی دوبھر ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ اگر کسی بچہ کو جلوانس جموگا ڈیوگا کی شکایت ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے انشاء اللہ ڈراونے خواب بند ہوں گے۔ مجرب ہے۔

٧٨٦

فتاح	فتاح	فتاح	فتاح
فتاح	فتاح	فتاح	فتاح
فتاح	فتاح	فتاح	فتاح
فتاح	فتاح	فتاح	فتاح

یا اللہ ہر قسم کے ڈراونے خواب دور فرما

برائے بندشِ خواب ۹

اگر کسی شخص کو بدخوابی میں احتلام کی شکایت ہو جاتی ہو یا کسی عورت کو خواب میں ہمبستری کی شکایت ہو یا بچہ کو ڈر خوف لگتا ہو یا کسی بچہ کو مرض جموگا، ڈیوگا کی شکایت ہو تو اس نقش سورہ معارج کو جس کے اعداد کل ٧٣٥٢٥ ہیں بروز پنجشنبہ یا دوشنبہ میں لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام و بدخوابی کی شکایت جموگا ڈیوگا وغیرہ سے نجات

٧٨٦

١٨٣٨١	١٨٣٨٤	١٨٣٨٧	١٨٣٧٣
١٨٣٨٦	١٨٣٧٤	١٨٣٨٠	١٨٣٨٥
١٨٣٧٥	١٨٣٨٩	١٨٣٨٢	١٨٣٧٩
١٨٣٨٣	١٨٣٧٨	١٨٣٧٦	١٨٣٨٨

یا اللہ بدخوابی اور احتلام کو دور فرما۔

ملے گی۔ مجرب ہے

برائے بندشِ خواب ۱۰

اگر کسی شخص کو خواب میں پریشان کن مناظر نظر آتے ہوں بدصورت شکلیں نظر آتی ہوں یا پانی میں ڈوبنے کے خواب زیادہ نظر آتے ہوں یا گوشت، مچھلی، سانپ وغیرہ نظر آتے ہوں تو اس آیت شریف کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے پریشان کن خواب سے محفوظ و سلامت رہیگا۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِی الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ؕ

برائے بندشِ خواب ۱۱

اگر کسی شخص کو ڈراونے خواب نظر آتے ہوں تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ڈراونے خواب بند ہو جائیں گے اور صحت ہوگی وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٨	١١	١٩٥٨	١
١٩٥٧	٢	٧	١٢
٣	١٩٦٠	٩	٦
١٠	٥	٤	١٩٥٩

یا اللہ ڈراونے خواب بند فرما۔

برائے بندش خواب

اگر کسی شخص کو خواب زیادہ نظر آتے ہوں اور کسی صورت بھی خوابوں سے چھٹکارا نہ ہو تو اس نقش کو بروز پنجشنبہ یا دوشنبہ لکھ کر گلے میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے خوابوں سے چھٹکارا ملیگا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

قابض	قابض	قابض	قابض
قابض	قابض	قابض	قابض
قابض	قابض	قابض	قابض
قابض	قابض	قابض	قابض

یا اللہ ہر قسم کے خواب بند فرما۔

"دفعِ امّ الصبیان"

عقیم، عقیمہ، ولادت، استقرار حمل وغیرہ کے بارے میں عملیات نقوشات و نسخہ جات شائقین عملیات کیلئے تحریر کر دیے جو کہ فقیر کے تجربہ میں ہیں اور معمول مطب ہیں۔

جو حضرات عاملین اس کتاب سے فیضیاب ہوں فقیر کو اپنی دعاؤں سے نوازیں اس لئے کہ یہی توشہ آخرت ہوگا۔ فقط۔

دربیانِ ام الصبیان

مسانِ خام و پختہ

تابعہ یعنی ام الصبیان وہ ڈائنہ، اجنۃ اور بلا ہے جو گھروں کو گرا دیتی ہے۔ محلوں کو برباد کر دیتی ہے۔ رات و دن روزی کو کم کر دیتی ہے اور شرارت و مصیبت کو بڑھاتی ہے۔ روایت ہے کہ جبرئیل امین نے اللہ تعالیٰ کا پیغام حضرت سلیمان علیہ السلام کو پہونچایا کہ تمام شرکش و شریر جنوں اور شیطانوں کو قید کیا جائے تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے تمام قوم جنات کو حاضر کیا تو تمام لشکر جنات جو کہ زمینوں اور آسمانوں کے درمیان تھے حاضر ہوئے۔ مگر ام الصبیان نہ آئی۔ کچھ جنات کے لشکروں نے عرض کیا۔ "یا نبی اللہ! آپ نے ام الصبیان کو امان دی ہے؟" حالانکہ بنی نوع انسان کو زیادہ تر تکلیف و مصیبت میں ام الصبیان ہی ڈالتی ہے۔ حضرت سلیمان نے آصف بن برخیا کو حکم دیا کہ جلد گرفتار کر کے ام الصبیان کو حاضر کرو۔ چند ساعت میں آصف بن برخیا نے ام الصبیان کو زنجیر دل میں جکڑا ہوا حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار عالی میں آپ کے حضور میں پیش کیا جو کہ بڑی ہیبت ناک و خطرناک شکل و صورت کی عورت تھی جس کے دانت ہاتھی کے دانتوں کے مانند تھے۔ اس کے بال کھجور کے ریشوں کی طرح تھے اس کے منہ اور نتھنوں سے دھواں نکلتا تھا۔ اس کی آواز گرجدار بادلوں جیسی تھی۔ اس کی آنکھیں بجلی کی طرح چمکتی تھی۔ تو حضرت سلیمان علیہ السلام اس

کی ہیبتناک شکل وصورت دیکھ کر خداوند قدوس کی بارگاہ عالی میں سجدہ ریز ہو گئے پھر سر اٹھا کر اس ملعونہ سے فرمایا کہ بتلا تیرا کیا نام ہے؟ اور کیا کام ہے؟ اس نے کہا کہ میرا نام ھمتہ بنت ھمتہ ہے اور کنیت ام الصبیان ہے۔ زمین وآسمان کے درمیان ہواؤں میں میں رہتی ہوں۔ کام یہ ہے کہ گھروں کو خالی کرتی ہوں، قبرستانوں کو آباد کرتی ہوں۔ بچوں کو ہلاک کرتی ہوں۔ مادر شکم میں بچوں کو نقصان پہونچا کر ضائع واسقاط کرتی ہوں اور بڑے مرد وعورتوں کو مختلف الانواع والاقسام کے اوجاع وامراض ومصیبت وبلا وفقر وفاقہ میں مبتلا کرتی ہوں۔ عورتوں کی گودوں کو بچوں سے خالی کر دیتی ہوں۔ تاجروں کے کاروبار میں دخل انداز ہو کر تباہ وبرباد کر دیتی ہوں۔ تیز وتند ہواؤں میں زہریلا مادہ گھول کر ہرے بھرے کھیتوں کی فصلوں کو برباد کر دیتی ہوں۔ پھلوں کو خراب کرتی ہوں۔ پانی میں زہریلا مادہ پیدا کرتی ہوں۔ مرد وعورتوں کے خون کو چوس کر ہلاک کرتی ہوں۔ بچوں کی ہڈیاں کمزور کرتی ہوں اور ہڈیوں کا گودا کھا جاتی ہوں اور ان کا گوشت کھا جاتی ہوں۔ عورتوں ومردوں وبچوں میں سے ان کا انتخاب کرتی ہوں جن کی آنکھیں سیاہ وچہرہ سرخ ہوتا ہے۔

حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس خبیثہ سے فرمایا۔ اے ملعونہ! کیا ان تمام وجوہات کے موجود ہوتے ہوئے تیرے ساتھ رعایت کیجا سکتی ہے؟! اور کیا عذاب میں تخفیف کیجا سکتی ہے؟ ناممکن۔ بلکہ تجھ کو سخت سے سخت عذاب دیا جائیگا۔ امت اور بنی نوع انسان کی ہمدردی کیلئے میں تجھ کو قید وبند کی صعوبت میں ڈالوں گا تاکہ بنی نوع انسان تیرے شر سے اور ضرر سے محفوظ ومامون رہے۔ اس پر ام الصبیان ملعونہ نے کہا۔ "یا نبی اللہ! بیشک آپ مجھے آپ ہر قسم کی سزا دے سکتے ہیں۔ مگر مجھے عمر دراز عطا کیگئی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ مجھ کو بطور عذاب

کچھ لوگوں پر مامور کرتا ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ اے خبیثہ! بتا وہ کون لوگ ہیں؟ جن پر تجھ کو مسلط کیا جاتا ہے"۔ ام الصبیان نے کہا۔ یا نبی اللہ! وہ لوگ ہیں ردی یعنی وہ مرد وعورت جن کے پاس اسم ذات وصفات میں سے کوئی اسم نہ ہو اور آیاتِ آسمانی میں کوئی آیت نہ ہو اور جس کے پاس آپ کی خاتم سلیمانی نہ ہو میں ان لوگوں پر مسلط کیجاتی ہوں۔ میں مردوں عورتوں اور بچوں کے جسم میں اس طرح سرایت کر جاتی ہوں جس طرح بدن کے اندر رگوں میں خون دوڑتا ہے۔ اور ہزار ہا رنگ بدلتی ہوں۔ گدھے کی طرح رینگتی ہوں اونٹ کی طرح کراتی ہوں۔ بھیڑیے اور کتے کی طرح بھونکتی ہوں۔ سانپ کی طرح سیٹی مارتی ہوں اور چیتے کی طرح غراتی ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کوئی وجہ جواز نہیں کہ تجھ کو سزا نہ دی جائے اور تیرے ساتھ نرمی اور سلوک کا برتاؤ کیا جائے۔ ام الصبیان ملعونہ نے کہا۔ آپ کیلئے مجھے معاف کر دینا بہتر ہے۔ لہذا میرے لئے نرمی ورعایت کیجئے: میرے پاس ایک خاتم ہے وہ میں آپ کو بتلاتی ہوں اور عہد میثاق کرتی ہوں کہ جس کے پاس یہ خاتم ہوگی میں اس کے پاس نہ جاؤں گی۔ اگر کوئی شخص یہ خاتم اپنے پاس رکھیگا تو میں اس کے جسم سے، گھر سے نکل جاؤں گی۔ اور پھر اس کے مکان یا جسم میں دوبارہ نہیں آؤنگی اور میرے پاس سات عہد اور ہیں۔ ان میں سے اگر ایک بھی عہد کسی پاس ہوگا تو میں اسکو ہرگز کسی طرح کا نقصان نہیں پہنچاؤں گی بلکہ اس شخص سے دور رہوں گی۔ اور میرے بارہ نام ہیں (۱) قلقوش (۲) متقلوش (۳) ہیلوش (۴) قرقوش (۵) عمروش (۶) ایلاقوش (۷) قمنطنوس (۸) قوش، (۹) مقرقنوش (۱۰) ام ملام (۱۱) ہمتہ بنت ہمتہ (۱۲) اور ام الصبیان۔ میں آپ سے عہد ومیثاق کرتی ہوں کہ عہد ومیثاق ساتوں جس کے پاس ہوں گے اور خاتم ہوگی میں ہرگز اس

کے پاس سے نہ گذروں گی بلکہ دور رہوں گی۔

عہدِ اوّل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِحَقِّ الَّذِیْ لَہُ التَّہْلِیْلُ وَالتَّکْبِیْرُ وَالتَّعْظِیْمُ وَالتَّحْمِیْدُ وَالنُّوْرُ وَالْبَہَاءُ صَادِقُ الْوَعْدِ الْفَعَّالُ لِمَا یُرِیْدُ۔

جس کے پاس یہ عہد ہوگا میں اس کے پاس ہرگز نہ پھٹکوں گی۔

عہدِ ثانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ بِحَقِّ الَّذِیْ تَجَلّٰی لِلْجَبَلِ جَعَلَہٗ دَکًّا وَّخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا مِنْ نُّوْرِہٖ وَنَظَرَ فَتَدَکْدَکَ مِنْ جَلَالِہٖ

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا انشاء اللہ ام الصبیان ملعونہ کا اسکے پاس گذر نہ ہوگا

عہدِ ثالث

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلْبَسْمَلَۃُ وَحَقِّ الَّذِیْ اَمْسَکَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ الْمُحْیِ الْمُمِیْتُ بَاعِثُ النُّفُوْسِ۔

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا انشاء اللہ ام الصبیان اس سے دور ہو جائیگی۔

عہدِ رابع

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلْبَسْمَلَۃُ وَحَقِّ الطُّوْرِ وَکِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ ۔ وَبَحْرٍ مَّسْجُوْرٍ وَحَقِّ خَالِقِ النُّوْرِ وَبَاعِثِ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ ۔

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا انشاء اللہ وہ ام الصبیان کے ضرر سے محفوظ رہیگا۔

عہدِ خامس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَبِحَقِّ مَنْ ھُوَ نُوْرٌ فَوْقَ نُوْرِ النُّوْرِ وَنُوْرٌ یَظْہَرُ مِنْ نُّوْرٍ وَحَقِّ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ الْمَلِکِ الدَّیَّانِ الْمُہَیْمِنِ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ الَّذِیْ ھُوَ فِیْ کُلِّ مَکَانٍ۔

یہ عہد بھی جس شخص کے پاس ہوگا گلے میں یا بازو میں وہ انشاء اللہ تعالیٰ ریح احمر، دار اکبر، وام الصبیان کے اثرات و شر و ضرر سے محفوظ و مامون رہیگا۔

عہدِ سادس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلْبَسْمَلَۃُ وَحَقِّ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ طِبَاقًا بِغَیْرِ عَمَدٍ وَّلَا مِقْلَافٍ وَّاَبْرَأَ ذِمَّۃَ النِّفَاقِ وَیَسَّرَ الرِّزْقَ لِلْخَلَائِقِ ذٰلِکَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْعَرْشِ۔

یہ عہد سادس بھی جس شخص کے بازو یا گلے میں ہوگا وہ انشاء اللہ تعالیٰ ملعونہ ام الصبیان کے ہر شر و ضرر سے محفوظ و مامون رہیگا اور اس شخص کے پاس ام الصبیان اپنی جملہ حرکتوں اور تمام تر وسیلوں کے ساتھ رسائی حاصل نہیں کر سکے گی۔

عہدِ سابع

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَبِحَقِّ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ السِّرِّ وَمَا ھُوَ اَخْفٰی وَبِحَقِّ کُرْسِیِّکَ وَعِزَّتِکَ وَنُبُوَّتِکَ وَخَاتَمِکَ مُلِکَتْ بِہِ الْجِنُّ وَالْاِنْسُ وَالطَّیْرُ الصَّافَّاتُ وَالرِّیْحُ الْعَاصِفَاتُ

یہ عہد سابع بھی جس شخص کے پاس ہوگا وہ انشاء اللہ تعالیٰ جن و آسیب اور ام الصبیان، جوگیان، کلبیان، ثمرہان، کفتاران دبیابان، عفریت وچڑیلان ومڑیلان ودیو، پری وغیرہ کے اثراتِ بد سے محفوظ رہیگا۔ ہر طرح سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہیگا۔

پھر ام الصبیان نے روبرو حضرت سلیمان علیہ السلام قسم کھائی کہ میں اس شخص کے پاس نہ جاؤں گی جس کے پاس ان عہدوں میں سے کوئی بھی عہد ہوگا۔ بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

العلیّ العظیم ہ

پھر حضرت سلیمان نے وزیر آصف بن برخیا کو بلایا اور فرمایا کہ اس عہد کو لکھ دو۔ آپ کے ارشاد کے بموجب آصف بن برخیا نے لکھ دیا۔ یہ عہد ثامن جامع ہے یہ عہد جس شخص کے پاس ہوگا وہ شخص انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جن و شیاطین و آسیب و دیو و پری وغیرہ کے اثرات سے محفوظ رہیگا۔ اور ام الصبیان کا گذر اس شخص پر نہ ہوگا۔ جس مکان میں یہ عہد جامع ہوگا اس مکان میں ام الصبیان مال کو، اولاد کو نیز کاروبار کو کوئی نقصان نہ پہونچا سکیگی۔

عہد ثامن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ حجابٌ من العینۃ الملعونۃ ام الصبیان وجمیع عفاریتھا و الاعوان ومن کان منھم من البحر والرمال و الکھوف والغیطان والادویۃ والشعبان والطرقات والموارد والبراری والقفاری والطائرین فی الھواء والمسترقین السمع من السماء والغواصین والعطامین والغیلان والتوابع وجمیع الجن والطاعنین اجمعین من المشرق والمغرب فی البر والبحر اعزم علیکم بعزائم سلیمٰن بن داؤد علیھما السلام وجمیع ھذہ الاسماء والعھود وحجبتکم وطردتکم ابعدتکم عن حامل ھذا کتابی وعن اکلہ وشربہ وقعودہ ومقامہ ونومہ ویقظتہ حجبتکم باسم اللہ العظیم الاعظم وبخاتم سلیمٰن بن داؤد علیھما السلام

وننزل من القراٰن ما ھو شفاءٌ ورحمۃٌ للمؤمنین فاللہ خیرٌ حافظًا وھو ارحم الراحمین ہ انہ من سلیمٰن وانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الا تعلوا علی واتونی مسلمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم تسلیما لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم واٰخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین ہ

اب طریقۂ علاج تحریر کرتا ہوں عقیم مرد و عقیمہ عورت کے بارے میں جو کہ سحر و ام الصبیان، جوگیان، شمرہان، گفتاران بیابان کی ایذا رسانی سے عقیم و عقیمہ ہو جاتے ہیں یا سحر کے ذریعہ بستہ کردیا جاتا ہے۔ مختصر مگر جامع الفاظ ہیں

برائے عقیم مرد

اگر کوئی شخص ام الصبیان یا ریح احمر یا دار اکبر یا سحر کی وجہ سے عقیم ہوگیا ہو تو اس کے واسطے سات مصفّی انجیر لاوے اور ہر انجیر پر یہ اسم سات سات لکھے اور مرد عقیم کو کھلاوے سات روز تک سات انجیر کھلائے انشاء اللہ مرد عقیم بستہ کھل جائیگا۔ خواہ ام الصبیان زدہ ہو یا سحر زدہ ہو وہ اسماء یہ ہیں۔ ںٮ ص سیاہ کلو عش عم عاہ ہ

برائے عقیم مرد

سحر زدہ یا ام الصبیان زدہ مرد بستہ کیلئے مندرجہ بالا جو اسماء لکھے گئے ہیں انکو صاف فولاد کے ٹکڑے پر لکھے اور آگ میں تپائے اور سرخ ہونے پر پانی میں بجھائے سات روز تک اس طرح

کر کے پیئے انشاءاللہ تعالیٰ مرد بستہ کھل جائے گا اور قوت مردانگی حاصل ہوگی اور صاحب اولاد ہوگا۔

برائے عقیمہ اس عمل کو عقیمہ عورت کیواسطے کام میں لائے۔ اول حلوا مع مغزیات کے تیار کرے۔ بعد نماز ظہر غسل کرے اور سات نمازیوں کو حلوا کھلائے۔ اور ایصال ثواب کرے بعدہٗ مندرجہ ذیل دس نقش لکھ کر تیار کرے ایک نقش تو عقیمہ کے گلے میں باندھے اور ۹ نقش تو روز تک روزانہ ایک صبح نہار منھ پلائے حیض کے غسل سے فارغ ہونے کے بعد۔ تعویذ پینے کے دوران مرد و عورت باہم ہمبستر ہوں انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الھی	بحرمتہ	یملیخا	مکسلمینا	کشفولط	تبیولس
بحرمتہ	یملیخا	مکسلمینا	کشفولط	تبیولس	اذرقطیوس
یملیخا	مکسلمینا	کشفولط	تبیولس	اذرقطیوس	کشافطیوس
مکسلمینا	کشفولط	تبیولس	اذرقطیوس	کشافطیوس	یوانس بوس
کشفولط	تبیولس	اذرقطیولس	کشافطیولس	یوانس بوس	کلبہم
تبیولس	اذرقطیولس	کشافطیولس	یوانس بوس	کلبہم	قطمبر

برائے زن عقیمہ اگر کوئی عورت جسمانی طریقہ سے عقیمہ ہو۔ یعنی رحم کے منہ پر چربی کی تہہ جم گئی ہو تو اس عقیمہ عورت کیلئے پھمنا بوٹی (سفید کٹھیلی) کو صاف کر کے دودھ میں پکا کر عورت عقیمہ کو بعد از فراغتِ حیض تین روز تک پلائے۔ صرف ایک کٹھیلی روزانہ۔ انشاءاللہ تعالیٰ زنِ عقیمہ بارآور ہوگی اور چربی زائل ہو کر نطفہ قرار پائیگا۔ اور صاحب اولاد

ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

برائے زن عقیمہ مندرجہ ذیل طریقہ بھی اسی عقیمہ کیلئے سودمند ہے جس کے رحم پر چربی کا جماؤ ہو یا بدن (رحم) ٹیڑھا ہو گیا ہو تو اس شافہ کو استعمال میں لائے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک مرغی کا انڈا لے انڈے کو توڑ کر اس کی سفیدی جدا کرے۔ پھر گائے کا دودھ پاؤ بھر خوب گرم کرے انڈے کی سفیدی دودھ میں ڈالے اور پکاتا رہے کچھ دیر بعد یعنی دودھ گاڑھا ہوجانے کے بعد روئی کے تین ٹکڑے ڈالے اور ایک تولہ شہد اصلی ڈالے اور پکاتا رہے یہانتک کہ دودھ، شہد، سفیدی اور روئی میں جذب ہو جائے۔ پھر نیچے اتار کر سرد کرے ایک شافہ روز صبح کو اندام نہانی میں رکھے شام کو اسے نکال کر طہارت کرے تین دن اسی طرح کرے اور روزآنہ ہمبستر ہووے اور قبل ہمبستری کے تھوڑی افیم پانی میں گھول کر اندام نہانی پر لیپ کرے بعدہٗ ہم صحبت ہوا کرے انشاءاللہ تعالیٰ زن عقیمہ حاملہ ہووے اور اگر پہلے مہینے حمل قرار نہ پائے تو تین ماہ تک اسی طرح کرے مجرب و آزمودہ ہے۔

برائے زن عقیمہ ایک تولہ افیون لیکر اس کو روئی کے دو پھایوں کے درمیان رکھے اور کتیا کے دودھ میں خوب تر کرے اور مقام محفوظ پر رکھے خشک ہونے پر باہم ملا کر بیر کے برابر چار گولی تیار کرے۔ حیض سے فراغت کے بعد ایک گولی روزانہ رات کو زن عقیمہ بطور شافہ استعمال کرے۔ پانچویں روز سے شوہر سے ہمبستر ہوا کرے۔ اول ہی ماہ ورنہ تیسرے ماہ تک زن عقیمہ انشاءاللہ حاملہ ہو اور اولاد نرینہ پیدا ہو مجرب و آزمودہ ہے۔

برائے زن عقیمہ کے استقرارِ حمل ذیل کا نسخہ بھی استقرار حمل کیواسطے لاجواب شے ہے۔ ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد ۳۔۳ ماشہ مرد و عورت دونوں استعمال کریں تین روز اور تین ماہ تک بعد ایام حیض کے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ پیدا ہووے اور صاحب اولاد ہو مجرب ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ زعفران ایک ماشہ، کمرکس ایک تولہ، ناگ کیسر ۶ ماشہ، چھوٹی الائچی ۶ ماشہ، طباشیر ۶ ماشہ، اڈاڑھی بڑ ۶ ماشہ براده دندان فیل ۶ ماشہ، جملہ ادویہ کو کوٹ پیسکر باریک سفوف بنالیں اور رات کو ۳۔۳ ماشہ سفوف ملائی، مکھن یا حلوہ میں رکھ کر دونوں فریق کھائیں۔

برائے زن عقیمہ و استقرارِ حمل عوارضات جسمانی میں سے مانعِ حمل وجوہات کا تلاش کرنا بھی ضروری ہوتا ہے۔ جن عورتوں کا رحم ٹیڑھا ہوتا ہے، یا رحم پر چربی ہوتی ہے۔ ایسی عورتوں کو حمل نہیں ٹھہرتا۔ کیونکہ قطرۂ منی داخلِ رحم نہیں ہو پاتا۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ ایسی عورتوں کو بوقت ہمبستری درد ہوتا ہے اور خاص کر ناف کے نیچے شدید درد ہوتا ہے اور صحبت سے نفرت ہوتی ہے۔ اس کیلئے مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں۔ سیاہ مرغی کا پتہ، گدھ کا پتہ، چڑیا کا پتہ، ہر سہ ایک ایک عدد۔ ان تینوں کے عرق میں روئی کا شافہ تر کرکے بعد از فراغتِ ایامِ حیض صبح کو اندام نہانی میں رکھے اور بعد عصر نکالدے۔ رات میں ہمبستر ہووے۔ اسی طرح تین ہفتہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ مرض بھی جاتا رہیگا۔ اور حمل بھی قرار پائیگا۔ مجرب ہے۔

برائے زنِ عقیمہ و استقرارِ حمل مندرجہ بالا عوارضات میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت سی عورتوں کو بادی بلغمی مزاج ہونے کی بنا پر حمل قرار نہیں پاتا۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ ایسی عورتوں کا

بوقت ہمبستری پیٹ پھول جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ چڑیا کا پتہ، گدھ کا پتہ، سیاہ مرغی کا پتہ ہر سہ ایک، ایک عدد۔ ان تینوں پتوں کے عرق میں شافہ تر کرکے روزآنہ صبح کو ایک شافہ اندامِ نہانی میں رکھے اور شام کو نکال دے۔ رات کو ہم صحبت ہووے اسی طرح ایک ماہ تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ مرض بھی جاتا رہیگا اور حمل بھی قرار پائیگا۔ مجرب ہے۔

برائے زن عقیمہ و استقرار حمل ان ہی عوارض میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت سی عورتوں کو کم سنی کی عمر میں ایام بند ہو جاتے ہیں یا کم ہوتے ہیں یا پھر درد کے ساتھ ہوتے ہیں اس کی پہچان یہ ہے کہ ایسی عورتوں کو بوقت ہمبستری زن عقیمہ کے بدن پر سفید سفید اور کبھی نیلے نیلے مثل پتی کے نشان پڑجاتے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے۔ نسخہ سیاہ کتے کا پتہ، خانگی چڑیا کا پتہ، لومڑی کا پتہ، ہر سہ ایک۔ ایک عدد۔ ان تینوں کے پتوں میں (عرق میں) شافہ تیار کرکے شرمگاہ میں رکھے روزآنہ صبح کو رکھے اور شام کو نکالدے۔ رات کو ہمبستر ہووے اسی طرح ایک ماہ تک کرے انشاء اللہ مرض بھی جاتا رہے گا اور حمل بھی قرار پائیگا۔ مجرب ہے۔

برائے زنِ عقیمہ و استقرارِ حمل ان ہی عوارضات میں ایک عارضہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض عورتوں کا رحم بالکل الٹا ہوتا ہے یعنی بجائے نیچے کے اوپر کو منہ ہوتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ ایسی عورتیں جب ہمبستر ہوتی ہیں تو کمر میں درد ہوتا ہے اس کا علاج یہ ہے۔ جل کوے کا پتہ، ایک عدد جنگلی کوے کا پتہ ایک عدد قرنفل ہر یک ۴ ماشہ تبر ۵ ماشہ ان دونوں دواؤں کو کوٹ کر دونوں پتوں کے عرق میں تر کرکے شافہ تیار کرے اور صبح کو شرمگاہ میں رکھے شام کو نکالدے ایک ہفتہ اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

رحم بھی سیدھا ہو جائیگا اور حمل بھی ٹھہر جائیگا اور صاحب اولاد ہوگی۔ مجرب ہے۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

ان ہی عوارضات میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہے کہ بہت سی عورتوں کو بوقت ہمبستری رحم سے پانی بہت چھوٹتا ہے۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ بعد صحبت کے پہلو میں درد ہوتا ہے۔ اور صحبت میں کوئی لطف اندوزی نہیں ہوتی۔ بلکہ نفرت ہوتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ پوست ہلیلہ زرد چھ ماشہ پوست بلیلہ ۶ ماشہ، آملہ خشک ۶ ماشہ گوند ببول ۶ ماشہ، چیل سیاہ کا پتہ ا عدد ان سب ادویہ کو کوٹ پیسکر باریک کریں اور چیل کے پتہ کے عرق میں شافہ تیار کرے صبح کو شرمگاہ میں رکھے اور شام کو نکالدے رات ہم صحبت ہووے اسی طرح تین ہفتہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عارضہ بھی جاتا رہیگا۔ اور حمل بھی قرار پائیگا۔ مجرب ہے۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

ان ہی عوارضات میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بعض عورتوں کو ہمبستری سے فارغ ہونے کے بعد سر میں درد ہوتا ہے۔ اور بوقت ہمبستری سرخ خون رحم سے نکلتا ہے۔ ویسے جسم میں خون سفید محسوس ہوتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ سیاہ گائے کا پتہ، سیاہ بلخ کا پتہ، سیہ کا پتہ، ہر سہ ایک، ایک عدد۔ تینوں پتوں کے عرق میں شافہ تیار کر کے صبح کو شرمگاہ میں رکھے اور شام کو نکالدے اور رات کو ہم صحبت ہو۔ اسی طرح ایک ماہ تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھی دفع ہوگا۔ اور حمل بھی قرار پائیگا۔ یہ نسخہ ان عورتوں کیلئے بھی از حد مفید ہے جن کے ساتھ خواب میں جنات، آسیب، ام الصبیان، کلبیان، جوگیان دشمریان مختلف شکلوں میں ہمبستری کرتے ہیں۔ انشاء اللہ جملہ جنات وغیرہ اس عورت کے ساتھ ہمبستری کرنے سے قاصر رہیں گے۔ مجرب ہے۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

ان ہی عوارضات میں سے ایک عارضہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بہت سی عورتوں کا رحم باہر نکلنے لگتا ہے۔ ایسا ان عورتوں کو ہوتا ہے، جن عورتوں کے ساتھ... مختلف شکلوں میں جنات ہمبستری کرتے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے۔ تج، مجیٹھ، گل فوفل، مازو سبز، گل دھاوا، کھانڈ ۵، ۵ تولہ۔ اول سب ادویہ کو کوٹ پیس کر باریک کریں اور پھر کھانڈ ملاکر رکھیں۔ سفوف تیار ہے خوراک صبح وشام ۶، ۶ ماشہ ہمراہ دودھ۔ دوسرا نسخہ شافہ کا یہ ہے شب یمانی گداختہ ایک تولہ، چینیا گوند ۳ ماشہ۔ گل دھاوا ۶ ماشہ، ان تینوں دواؤں کو باریک پیس کر پانی میں ملاکر شافہ تیار کر کے اندام نہانی میں رکھے۔ اسی طرح تین ہفتہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ رحم کا باہر نکلنا بند ہو جائیگا۔ اور رحم میں استقرار حمل کی صلاحیت ہو جائیگی۔ مجرب ہے۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

حمل کے قرار پانے میں ذیل کا یہ نسخہ بھی تاثیر رکھتا ہے۔ فقیر کے تجربہ اور معمول مطب بھی ہے۔ اس نسخہ کی گولیاں تیار کر کے رکھے۔ صبح وشام ہمراہ دودھ تین ماہ تک کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ زن عقیمہ حاملہ ہوگی۔ تجربہ شاہد ہے کتنی ہی جگہ ایک ہی ماہ میں کامیابی ہوگئی اور ایسا بھی ہوا کہ دو ماہ میں کامیابی ہوئی۔ تیسرے ماہ تو نوے فی صدی کامیابی ہوتی ہے۔ وہ نسخہ پر تاثیر یہ ہے بچ، فلفل دراز، ناگرموتھ، دانہ الائچی کلاں، کاکڑا سینگی، ایک، ایک تولہ، شہد اصلی حسب ضرورت، سب ادویہ کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولی بنالیں۔ خوراک ۱، ۱ گولی صبح ورات کو دودھ سے دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ زن عقیمہ کے شوہر کو بھی چاہیئے کہ وہ صبح ورات کو تین گری بادام شیریں، تین دانے منقے، ایک بیج

شونکی کا دودھ سے کھائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

اس ضمن میں یہ ذیل کا نسخہ بھی عجیب تاثیر رکھتا ہے اور بار ہا کا آزمایا ہوا ہے۔

سمندر پھل ایک عدد لونگ ایک عدد، دودھ کے ہمراہ مرد و عورت دونوں صبح و رات برابر تین ماہ تک کھائیں۔ انشاءاللہ پہلے مہینہ، دوسرے مہینہ ورنہ تیسرے مہینے یقیناً زن عقیمہ حاملہ ہو جائیگی۔ اور مرد عقیم درست ہوگا۔ اور صاحب اولاد ہوں گے۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

ذیل کا یہ نسخہ بھی عجیب تاثیر کا حامل ہے بار ہا کا آزمایا ہوا ہے اور سہل الحصول ہے

نسخہ:- ڈاڑھی بڑ، ناگ کیسر، تخم شونکی، سمندر پھل، دو، دو تولہ، سونٹھ ۳ ماشہ ان سب ادویہ کو کوٹ چھان کر نخود کے برابر گولی بنالیں۔

خوراک:- ایک، ایک گولی صبح و رات کو ہمراہ دودھ کھائیں۔ انشاءاللہ ایک ہی ماہ میں یا دوسرے مہینے ورنہ تیسرے قدرتِ خداوندی کا کرشمہ ظہور ہوگا۔ مرد و عورت دونوں استعمال کریں بفضل رب کریم صاحب اولاد ہوگی۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

ذیل کا یہ نسخہ بھی عجیب و غریب خوبیوں کا حامل ہے۔ بار ہا کا آزمایا ہوا ہے۔

نسخہ:- زہرہ کنجنگ لیکر قضیب پر مالش کرے اور خشک ہونے پر عورت سے مواصلت کرے انشاءاللہ تعالیٰ چند روز کے معمول سے حمل قرار پائیگا۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

اس ضمن میں مندرجہ ذیل نسخہ بھی لاجواب ہے اور عجیب تاثیر رکھتا ہے۔

نسخہ:- فرفیون ۵ ماشہ، جندبیدستر ۶ ماشہ، سنبل ۶ ماشہ، قسط

۶ ماشہ، میعہ سائلہ ۵ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ کر باریک پیس کر اعضاء تناسل پر مالش کرے خشک ہونے پر عورت سے ہمبستر ہووے انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ مجرب ہے

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

اس ضمن میں ذیل کا یہ نسخہ بھی بہت ہی زود اثر ہے۔ آسان اور سہل ہونے کے باوجود تاثیر میں بیمثال ہے۔

نسخہ:- عنبر ۳ ماشہ لیکر گائے کے گھی میں ملاکر قضیب پر طلاء کرے اور خشک ہونے پر بیوی سے ہم صحبت ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند روز کے معمول میں کامیابی حاصل ہووے۔ مجرب ہے و آزمودہ ہے۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

اس ضمن میں یہ نسخہ بھی تیر بہدف ہے۔ استعمال کریں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔ بار ہا کا آزمودہ ہے۔

نسخہ:- میعہ سائلہ ۶ ماشہ، برادہ دندان فیل ۳ ماشہ، حب الغار ۶ ماشہ، کوٹ چھان کر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک:- ایک، ایک گولی صبح و رات کو دودھ سے کھلائیں۔ ایک ہی ماہ میں مراد پوری ہوگی اور گوہر تمنا سے گود بھر جائیگی ورنہ تین ماہ برابر جاری رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ اور حمل قائم رہنے پر اسقاط کے خطرے سے بھی محفوظ رہیگا۔

برائے زنِ عقیمہ واستقرارِ حمل

مندرجہ ذیل نسخہ مسان کے واسطے عجیب التاثیر ہے اور ان عورتوں کے لئے خاص طور سے مفید ہے جنکو ہر دوسرے تیسرے مہینہ بار بار اسقاط ہوتا رہتا ہے۔ اس نسخہ کے استعمال سے انشاءاللہ تعالیٰ زنِ عقیمہ بھی حاملہ

ہو گی اور تا وضعِ مدتِ حمل درست رہیگی اور بچہ صحیح سلامت تولد ہوگا اور
عافیت و سلامتی سے زندہ رہیگا اور مسان خام و بچتہ کے اثرات کلیتاً زائل ہوں گے
بعد تولد بچہ کو کم از کم تین ماہ ورنہ سوا مہینہ تک ایک ایک گولی صبح و رات کو ماں
کے دودھ میں گھول کر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ بچہ جموگا، ڈبوگا، پرسوت وغیرہ سے
محفوظ رہیگا۔

نسخہ:۔ بھوت دانہ ایک تولہ، چڑیل دانہ ایک تولہ، مسان دانہ ایک تولہ، چاروں
اجوائن ۴ تولہ، کیکر کا جالا ایک تولہ،

سب ادویہ کو کوٹ چھان کر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ زن عقیمہ کو
۲-۲ گولی صبح و رات کو دودھ سے کھلائیں۔ اور بچہ کو ایک، ایک گولی صبح و رات کو
ماں کے دودھ میں گھسکر پلائیں۔ ماں کے دودھ کے علاوہ بکری، گائے یا بھینس
کے دودھ میں گھسکر بھی پلا سکتے ہیں۔ تجربہ و آزمودہ اور معمولات مطب بھی ہے

برائے زن عقیمہ واستقرار حمل

اس ذیل کے نسخہ کو کام میں لائیں۔ بہت ہی مجرب و مفید ہے۔ اس نسخہ
کی گولیاں تیار کر کے دوسرے مہینہ سے زن عقیمہ کو کھلانا شروع کریں اور
پورے وقت یعنی وضع حمل تک کھلاتے رہیں۔ انشاء اللہ بچہ و ماں مسان
خام و بچتہ کے اثرات سے محفوظ رہیں گے۔ معمول مطب ہے۔ اس نسخہ کی
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ط اور جب حمل کا دوسرا مہینہ ہوجائے تو ان اسماء کو لکھ کر، تعویذ بناکر لال رنگ کے ڈورے میں سی کر حاملہ کی کمر میں باندھیں تعویذ ناف کے نیچے رہے۔ انشاء اللہ حمل محفوظ رہیگا۔ و مامون رہیگا وہ اسماء اصحاب کہف یہ ہیں۔ یملیخا۔ مکسلمینا، کشفوطط اذرفطیونس، تبیونس، بوانس، بوس، کلبہم قطمیر ط۔

برائے حفاظت حمل

اگر کسی شخص کو تپ لرزہ ہو یا اختلاج قلب کا عارضہ ہووے غرض کہ تمام دردوں کو مفید ہے۔
قولنج، دردریاحی، تخیر، وساوس شیطانی، خفقان، مرگی، کمیزیا، ہسٹریا، جھرکا، ڈبہ کا ام الصبیان، مسان خام، بچہ، نظر بد، نظر گفتاران، نظر دیدن، نظر شہریان، نظر آدمیان، نظر بد عورتوں سے، آسیب و جنات، چڑیل، پری

پری، ہری سے محفوظ و مامون و سلامت رہنے کیلئے اس نقش کو بروز جمعہ لکھ کر تیار کر کے رکھیں اور کل امراض کیلئے گلے میں باندھنا ہے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

و	ع	ح	زو
و	س	و	طہ
و	یہ	د	ھر
ما	ح	ی	ع

یا اللہ کل سحر و اثرات کو دور فرما

برائے قرار حمل

مندرجہ ذیل کو (آیۃ شریفہ کو) مٹی کے کورے پیالے میں لکھ کر دودھ سے دھو کر زن عقیمہ کو پلائے۔ سات تاریخ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ وہ آیت یہ ہے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ طِيْنٍ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝

برائے حفاظت حمل

دوسرے یا تیسرے مہینہ اس نقش کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں باندھے اور ایک نقش تعویذ بناکر کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا بعد ولادت کے بچے کے گلے میں باندھے وہ نقش یہ ہے۔

قضی	ثم	طین	من	خلقکم	الذی	ھو
اجلا	قضی	ثم	طین	من	خلقکم	الذی
واجل	اجلا	قضی	ثم	طین	من	خلقکم
مسمی	واجل	اجلا	قضی	ثم	طین	من
عندہ	مسمی	واجل	اجلا	قضی	ثم	طین

ثُمَّ	قَضٰی	اَجَلًا	وَاَجَلٌ	مُّسَمًّی	عِنۡدَہٗ	ثُمَّ
قَضٰی	اَجَلًا	وَاَجَلٌ	مُّسَمًّی	عِنۡدَہٗ	ثُمَّ	اَنۡتُمۡ
اَجَلًا	وَاَجَلٌ	مُّسَمًّی	عِنۡدَہٗ	ثُمَّ	اَنۡتُمۡ	تَمۡتَرُوۡنَ

برائے قرار حمل زینہ

مندرجہ ذیل نقش کے دو عدد نقش بروز دوشنبہ یا پنجشنبہ لکھے ایام حیض سے فراغت کے بعد ایک زن عقیمہ کی کمر میں باندھے اور دوسرا گلے میں باندھے اور آپس میں مجامعت بھی کرتے رہیں انشاء اللہ اولاد زینہ پیدا ہو یعنی لڑکا ہو۔ تعویذ یہ ہے۔

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ
ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو
غفور غفور غفور غفور غفور غفور غفور غفور

برائے قرار حمل

ایام حیض سے فراغت کے بعد مندرجہ ذیل آیت شریفہ کو بروز چہارشنبہ لکھ کر زن عقیمہ کے داہنے بازو میں باندھیں اور سات تعویذ لکھ کر ایک عدد تعویذ روز دودھ میں پلائیں اور شوہر مجامعت بھی کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ لَوۡ اَنۡزَلۡنَا ہٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیۡتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡیَۃِ اللّٰہِ وَتِلۡکَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُہَا لِلنَّاسِ لَعَلَّہُمۡ یَتَفَکَّرُوۡنَ ۝

برائے استقرار حمل وحفاظت حمل

جب زن عقیمہ ایام حیض سے فارغ ہوجائے تو مندرجہ ذیل

نقش کو بروز چہارشنبہ پانچ عدد لکھے ایک زن عقیمہ کے تکیہ میں رکھے دوسرا زن عقیمہ کے گلے میں باندھیں اور تین تعویذ روزانہ ایک تعویذ دودھ میں دھوکر شیر پکاکر دونوں مرد وعورت بعد مغرب کے کھادیں رات میں دونوں کوئی نمکین چیز نہ کھائیں رات کو ہمبستر ہوویں تین رات اسی طرح کریں انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ اور تمام بلیات سے حفاظت رہیگی۔ وہ نقش مجرب یہ ہے۔

۷۸۶

طلبوس	مرلوش	سلموس	النساء
جلوس	فردمس	مطبوس	بعما بادرجا
قل ھو اللہ	احد اللہ	الصمد لم	یلد ولم یولد
ولم یکن	لہ	کفوا	احد

برائے حفاظت حمل

جب حمل ۲ ماہ کا ہووے تو سفید زیرہ اور سیاہ دونوں لیکر درود شریف سر حاملہ کے نام کے اعداد کے مطابق بعد نماز ظہر پڑھ کر دم کرے اور ۲ دانہ روز بعد نماز ظہر کھلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ہر صورت میں ہر طرح سے محفوظ رہیگا۔ مجرب ہے۔ درود شریف یہ ہے ـــ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنۡ صَدَّقَ وَصَلِّ بِعَدَدِ الۡاَسۡمَاءِ الشَّرِیۡفَۃِ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِیۡنَ ۝

برائے حفاظت حمل

جب عورت کو دو، تین ماہ کا حمل ہوجائے تو کالی مرچ اور دیسی اجوائن ۵-۵ تولہ لیکر بعد نماز ظہر سات مرتبہ والشمس پڑھ کر کالی مرچ پر دم کرے اور سات ہی مرتبہ دیسی اجوائن پر دم کرے اور روزانہ بعد نماز ظہر ایک دانہ کالی مرچ کا اور دو دانہ دیسی اجوائن کے حاملہ کو تا وضع حمل کھلاتے رہیں۔

انشاءاللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا بعد ولادت کے ایک دانہ اجوائن کا بچہ کو کھلاتے رہیں انشاءاللہ بچہ بھی جمیع امراض سے محفوظ رہیگا۔ اور عمر دراز کو پہونچیگا۔ مجرب ہے۔

برائے حفاظت حمل

اگر کسی عورت کا بار بار حمل گرجاتا ہوتو دوسرے تیسرے مہینے ہی یہ گنڈہ تیار کرکے باندھے۔ اگر کسی حاملہ کو خون جاری ہوجائے تب بھی اس گنڈہ کو تیار کرکے حاملہ کی کمر میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل رک جائیگا اور ہرگز نہ گریگا۔ مجرب وآزمودہ ہے۔ ترکیب گنڈہ تیار کرنے کی اس طرح ہے کہ لال رنگ کا دھاگہ لیوے اور حاملہ کے داہنے پیر کے... انگوٹھے کے ناخن سے لیکر پیشانی کے بالوں کی جڑ تک ناپے اس کے برابر تار کرے اور سات گرہ کا گنڈہ بنادے اور ہر گرہ پر سات مرتبہ عزیمت پڑھ کر دم کرے اور دھونی دیکر کمر میں باندھے۔ وہ... عزیمت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ اَلصَّبُوْرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ؐ

برائے حفاظت حمل

جن عورتوں کو لڑکے کا حمل گرجاتا ہو اور لڑکیوں کا حمل صحیح سالم رہتا ہو ان عورتوں کے لئے یہ نقش لکھ کر بروز یکشنبہ تین تعویذ تیار کرے۔ اور جمعرات کو دھوکر دودھ میں ملاکر مرد وعورت دونوں پئیں۔ تین روز تک اور رات کو مواصلت کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پائیگا۔ اور حمل صحیح سالم رہیگا۔ ہرگز نہ گریگا۔ بارہا کا آزمایا ہوا ہے اور عجیب التاثیر ہے۔ نقش درج ہے۔

حمعسق / کھیعص	کھیعص	حمعسق	کھیعص	حمعسق	
کھیعص	٣٣	٣٥	٣٧		کھیعص
حمعسق	٣٨	٣١	٣٦		حمعسق
کھیعص	٣٤	٣٩	٣٢		کھیعص
حمعسق	حمعسق	کھیعص	حمعسق	کھیعص	حمعسق

برائے حفاظت حمل

جن عورتوں کا حمل بار بار گرجاتا ہو تو ایسی عورتوں کیلئے اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا اور بکرم اللہ تعالیٰ ہرگز نہ گریگا۔ مجرب ہے۔

اللہ	ہ	ہ	اللہ
وتد			محمد
وتد			محمد
اللہ	وتد	وتد	اللہ

برائے حفاظت حمل

جن عورتوں کو اسقاط حمل کی شکایت ہو توان کیلئے اس نقش کو بروز یکشنبہ لکھ کر حاملہ کے گلے میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا

٧٨٦

٧٦	٧٩	٨٢	٦٩
٨١	٧٠	٧٥	٨٠
٧١	٨٤	٧٧	٧٤
٧٨	٧٣	٧٢	٨٣

یا اللہ حمل کی حفاظت فرما

برائے حفاظت حمل

۷۸٦

لا اله	الا	الله	محمد	رسول	الله
الا	الله	محمد	رسول	الله	لا اله
الله	محمد	رسول	الله	لا اله	الا
محمد	رسول	الله	لا اله	الا	الله
رسول	الله	لا اله	الا	الله	محمد
الله	لا اله	الا	الله	محمد	رسول

یا اللہ خونِ مُلِار کو روک لے حمل کی حفاظت فرما

کلمہ طیبہ شریف کا نقش عربی حفاظت حمل میں اکسیر ہے۔ اس نقش کو بروز پنجشنبہ، جمعہ، یکشنبہ بعد نماز فجر لکھ کر تیار رکھے

جب طالب آئے اس کو یہ نقش دیوے موم جامہ کر کے سندور کی لوبان کی دھونی دیکر کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ہرگز نہ گریگا۔ بلکہ محفوظ رہیگا۔ مجرب ہے۔

برائے حفاظت حمل

۷۸٦

٦	١٩	١٦	١٣
١٧	١٢	٧	١٨
١١	١٤	٢١	٨
٢٠	٩	١٠	١٥

یا اللہ حمل کی حفاظت فرما

حفاظت حمل کیواسطے اس نقش کو بروز یکشنبہ لکھ کر حاملہ کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا اسقاط ہرگز نہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے حفاظت حمل

اس نقش کو بروز یکشنبہ لکھ کر زن حاملہ کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸٦

٤٠	٤٣	٣٠	٢٧
٣١	٢٦	٢١	٣٢
٢٥	٢٨	٣٥	٢٢
٣٤	٢٣	٢٤	٢٩
یا اللہ	حمل کی	حفاظت	فرما

برائے حفاظت حمل

۷۸٦

حافظ	١٥٨٣	١٥٧٦	١٥٨١
حفیظ	١٥٧٨	١٥٨٠	١٥٨٢
ناصر	١٥٧٩	١٥٨٤	١٥٧٧
نصیر	رقیب	وکیل	منعم

جس عورت کا حمل بار بار گر جاتا ہو اس نقش کو بروز پنجشنبہ لکھ کر حاملہ کی کمر میں باندھے حمل محفوظ رہیگا۔

برائے حفاظت حمل

مندرجہ ذیل نقش عجیب التاثیر ہے۔ خاص کر ام الصبیان، جوگیان، کلبیان، ثمرہان کفتاران بیابان، مسان خام و پختہ کیلئے زود اثر ہے۔ اس نقش کو بعد نماز ظہر بروز دوشنبہ چہارشنبہ، پنجشنبہ، جمعہ کو لکھ کر رکھے جب کوئی سائل آئے تو اس کو تعویذ بنا کر دیوے، مریضہ کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ جمیع ام الصبیان کے اثرات سے محفوظ و مامون رہے۔ مجرب ہے۔

۷۸٦

٤٣٩	٤٥٣	٤٥٠	٤٤٦
٤٥١	٤٤٥	٤٤٠	٤٥٢
٤٤٤	٤٤٨	٤٥٥	٤٤١
٤٥٤	٤٤٢	٤٤٣	٤٤٩

یا اللہ ام الصبیان جوگیان کلبیان ثمرہان مسان خام و پختہ سے محفوظ فرما۔

برائے حفاظت حمل

اس نقش کو بروز یکشنبہ و پنجشنبہ لکھ کر تیار کرے جب کسی عورت کو ۲ یا ۳ ماہ کا حمل ہو جائے تو اس نقش کو حاملہ کی کمر میں باندھیں تعویذ پیچھے کمر پر یعنی ریڑھ کی ہڈی پر رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا۔ مجرب ہے۔

قابض ۷۸٦ قابض

عـ	عـ	عـ	عـ
١٩	١٩	١٩	١٩
٩	٩	٩	٩
٧	٧	٧	٧

قابض درد و خون بندشو قابض
حمل کی حفاظت فرما

عاملین وشائقین عملیات!

اسم ذاتی کے اعداد کے مطابق استقرار حمل، حفاظت حمل وام الصبیان و مسان وغیرہ عملیات و نقوش وغیرہ لکھے۔
شائقین ان عملیات ونقوش سے خود بھی مستفیض ہوں۔ اور خدمت خلق بھی انجام دیں۔ نیز فقیر کو بھی دعائے خیر میں یاد رکھیں۔ وَمَا تَوفِیقِی اِلاَّ بِاللہِ۔ وَاللہُ المُستعان

شائقین عملیات کے ذوق کیلئے پیدائش کے عملیات ونقوشات کا بھی ایک باب قلم بند کرتا ہوں تاکہ عاملین کو تلاش کی دشواریوں سے دوچار نہ ہونا پڑے۔ (المولف)

برائے ولادت

اگر عامل کے پاس کوئی سائل آئے کہ حاملہ کو درد شدید ہوتے ہیں۔ مگر رک جاتے ہیں۔ تو اس نقش کو لکھ کر دیوے اور لال کپڑے میں سی کر بائیں ران میں باندھیں اور بچہ کے پیدا ہوتے ہی تعویذ کو فوراً کھول دیا جائے ورنہ زچہ کو ضرر کا خطرہ ہے اور تعویذ کو دریا برد کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ چند منٹ میں باسانی صحیح وسلامت تولد ہو۔ مجرب ہے، آزمودہ ہے

۷۸۶

دحاوقک	ھلتکی	ملو
دلوی ملو	دلیمل	دمصلد
ھلاع	دحاھلاء	ھلق

برائے ولادت

آئندہ صفحہ پر درج شدہ نقش بروز پنجشنبہ لکھ کر عامل اپنے پاس رکھے اور جب کوئی سائل عامل کے پاس آئے تو اس نقش کو تعویذ بنا کر دیوے اور لال کپڑے میں سلوا کر ناف کے اوپر باندھیں!! یااللہ ولادت آسان فرما

اور بچہ کے پیدا ہوتے ہی فوراً تعویذ کھول دینا چاہیئے انشاء اللہ تعالیٰ چند منٹ میں بچہ باسانی پیدا ہو دے مجرب ہے بعد ولادت تعویذ کو پانی میں بہا دے

یااللہ ببرکت ایں نقش ولادت آسان فرما۔

برائے ولادت

مندرجہ ذیل آیات کو لکھ کر لال کپڑے میں سی

کر حاملہ کے ڈالے یا سات مرتبہ پڑھ کر گڑ پر دم کر کے دیں تا کہ حاملہ تھوڑا تھوڑا کھائے انشاء اللہ چند منٹوں میں بچہ باسانی تولد ہوگا۔
وہ آیات شریفہ یہ ہیں ــــ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ الحمد پوری پھر
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَمَا تَلْبَثُوْا بِهَآ اِلَّا الْيَسِيْرًا ۔ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا ۔ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحِ الْبَصَرِ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۔ وَلَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ
آخر سورت تک پھر اَللّٰھُمَّ یَا خَالِقَ النَّفْسِ مِنَ النَّفْسِ خَلِّقْھَا وَ سَھِّلْ وِلَادَتِھَا بِلُطْفِکَ وَ فَضْلِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

برائے دردزہ اگر کسی عورت کو دردزہ لاحق ہو تو اس عزیمت کو گڑ پر سات مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے اور عورت کو تھوڑا تھوڑا کھلائے انشاء اللہ بچہ باسانی تولد ہوگا۔
عزیمت یہ ہے ــــ یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ یَا خَلَاصُ بحق حَضْرَتْ خَوَاجَہ خِضَرْ عَلَیْہِ السَّلَام وَ حَضْرَتْ اِلْیَاسْ عَلَیْہِ السَّلَام ــــ

برائے دردزہ حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ اس جملہ کو لکھ کر تعویذ بنا کر دردزہ والی عورت کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بچہ باسانی پیدا ہوگا۔
وہ جملہ کلمات یہ ہے ــــ یا خرمارا، جاخواہی، توزائی، یا فرمائی۔

برائے دردزہ ولادت کے وقت اگر کوئی عورت مبتلائے دردزہ ہو اور شدت درد سے بیتاب ہو اور کوئی صورت تولد کی کارگر نہ ہو رہی ہو تو اس عزیمت کو لکھ کر دردزہ والی عورت کی کمر میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند منٹ میں بچہ باسانی پیدا ہوگا۔ بعد پیدائش تعویذ کو کھول کر دریا میں بہادیں۔ عزیمت یہ ہے ــــ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ

برائے دردزہ اگر پیدائش کیواسطے کتنی ہی کوششیں بیکار ثابت ہو جائیں تو اس عزیمت کو لکھ کر دردزہ والی عورت کی پیشانی پر باندھیں۔ بعد تولد فوراً کھول دیں۔ اور دریا میں بہادیں۔ وہ عزیمت یہ ہے ــــ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَسْئَلُوْکَ وَ اِلَیْکُوْکَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

برائے دردزہ یہ نقش عجیب و غریب صفات والا ہے اور زود اثر ہے۔ اس نقش کو لکھ کر چرخے میں باندھیں اور دردزہ

۷۸۶

و	ز	ب
ا	ہ	ط
ح	ج	د

یا اللہ ولادت باسانی فرما۔

والی عورت کی چارپائی کے پاس بیٹھ کر چرخہ کو چلایا جائے چند منٹوں میں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ تولد ہوگا۔ بعد ولادت تعویذ کو دریا میں بہادیں۔ نقش اوپر درج ہے۔

براۓ دردزہ

اس نقش کو لکھ کر کچی اینٹ میں باندھے اور دردزہ والی عورت کے دونوں پیر اینٹ کے اوپر رکھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند منٹ میں بچہ پیدا ہوگا۔ نقش یہ ہے مجرب ہے۔

و	ا	ح
ز	ه	ج
ب	ط	د

یا اللہ ولادت باسانی فرما۔

براۓ دردزہ

دردزہ والی عورت کے واسطے سورہ اخلاص اور معوذتین اور سورہ کوثر ۷ مرتبہ پڑھ کر قند سیاہ (گڑ) پر دم کرے اور تھوڑا تھوڑا کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد بچہ باسانی پیدا ہوگا۔ مجرب ہے اور آزمودہ ہے۔

براۓ دردزہ

اگر کوئی عورت دردزہ میں مبتلا ہو تو ان آیات کو لکھ کر دردزہ والی عورت کی کمر میں باندھیں انشاء اللہ چند منٹ میں بچہ باسانی پیدا ہوگا، بعد پیدائش تعویذ کھول کر دریا میں بہائے وہ آیات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اهیا اشرا هیا الهی بچہ باسانی پیدا شود۔

دربیان حمل قرار نشود

یہاں اب چند نقوشات و تعویذات و عزیمتوں کا ذکر کرتا ہوں جن سے حمل قرار نہیں پاتا۔ یہ ان لوگوں کیلئے ہیں کہ جو کثرت اولاد کی وجہ سے تنگ اور عاجز آگئے ہوں اور گذارہ کرنا دوبھر ہو یا عورت کی صحت خراب ہو اور حمل رہنے سے جان کا خطرہ ہو یا پہلے بچہ کی پرورش نہ ہو پائی ہو تو ان صورتوں میں ان عملیات و نقوشات کو کام میں لائیں۔ اور فائدہ اٹھائیں اور فقیر کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

کیونکہ عامل کے پاس ہر قسم کے حاجت مند آتے ہیں اور تاکہ شائقین عملیات کو ادھر ادھر تلاش نہ کرنا پڑے۔

براۓ حمل قرار نشود

اس نقش کو لکھ کر ۲۱ روز تک روزانہ صبح نہار منہ پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار نہ پائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے

طلعاہ یار ہو قا ای ماہ
ط۵عـــــ ماہی پہلا ہلات

براۓ حمل قرار نشود

اس نقش کو لکھ کر اس عورت کو پلائیں جو اولاد کی خواہش نہ رکھتی ہو۔ ایام حیض سے فارغ

ہونے کے بعد ۲۱ روز تک پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار نہ پائیگا۔
نقش یہ ہے — طط ۱۸ ۱۱ د و ۱۱ ۱۱۱ ط ۱۱ ۸۸ و ے

برائے حمل قرار نشود
اگر کوئی عورت چاہے کہ حمل نہ رہے تو دانہ بیدانجیر لے اور ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک دانہ نگل جائے انشاءاللہ تعالیٰ ایک سال تک حمل نہ رہے دوسرے سال پھر اسی طرح کھالیوے اسی طرح کرتی رہے۔ سالہاسال حمل ٹھہرنے سے بچی رہیگی۔ اور جب بچہ کی خواہش ہو دانہ بیدانجیر کھانا بند کردے انشاءاللہ تعالیٰ اولاد ہونا شروع ہوجائیگی۔

برائے حمل قرار نشود
اگر کوئی شخص چاہے کہ حمل نہ ٹھہرے تو اس نسخہ کو استعمال کرے عورت حمل کے ٹھہرنے سے محفوظ رہیگی۔ نسخہ یہ ہے۔ تخم مولسری، گل چنیا، الائچی کلاں ایک ایک عدد باہم ملاکر ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد روز صبح کو تین دن تک استعمال کرے۔ آئندہ مہینہ پھر استعمال کرے جب تک استعمال کرتی رہیگی حمل نہ ٹھہرے گا۔ جب چاہے کہ اولاد ہو تو اس نسخہ کا استعمال بند کردے۔ مجرب ہے۔

برائے حمل قرار نشود
اگر کوئی شخص چاہے کہ حمل نہ رہے تو دھتورے کی جڑ سالم نکالے۔ ٹوٹنے نہ پائے اسکو مرد اپنی کمر میں باندھ کر ہم بستر ہوتا رہے۔ حمل نہ ٹھہرے گا۔ مجرب ہے۔

برائے حمل قرار نشود
اگر کوئی عورت حاملہ نہ ہونا چاہے تو ایک کافور کا ٹکڑا کسی معجون یا خمیرہ میں ملاکر بعد از فراغت ایام حیض شروع ہفتہ میں کھائے انشاءاللہ حمل نہ ٹھہرے گا۔

برائے حمل قرار نشود
ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد ۶ ماشہ کاسنی کے پھول سات روز تک پانی میں گھوٹ کر پینے سے حمل نہ ٹھہر پائے گا۔

برائے حمل قرار نشود
ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد سات روز تک تخم ارنڈ کا حلوا بنائے اور نو روز تک صبح نہار منہ کھلائے انشاءاللہ حمل نہ ٹھہریگا۔
ترکیب حلواء۔ تخم ارنڈ ایک تولہ آدھی چھٹانک سوجی میں ملاکر حسب ضرورت دیگر اشیاء سے حلوا تیار کرے۔

برائے حمل قرار نشود
مجیٹھ کو پانی میں پکاکر ایام حیض سے فارغ ہونے کے بعد تین مہینہ تک استعمال کرے ہرگز کبھی حمل نہ ٹھہریگا۔ عورت بانجھ ہوجائیگی۔ ۶ ماشہ مجیٹھ روز پانی میں پکاکر سات روز تک پینے سے بھی انشاءاللہ حمل نہ ٹھہریگا۔

برائے حمل قرار نشود
اگر کوئی عورت چاہے کہ آئندہ کبھی بھی حمل نہ ٹھہرے تو روز بیخ کو اونٹ کی کھال میں سی کر گلے میں باندھے اور بوقت ہمبستری گلے میں ضرور رکھے حمل نہ ٹھہریگا۔

برائے حمل قرار نشود
اگر کسی عورت کو خواہش اولاد نہ ہو تو اس عورت کو چاہیئے کہ سرطان (کیکڑا) سکھاکر اور کپڑے میں سی کر داہنے بازو میں یا گلے میں باندھے۔ جب تک سرطان بندھا رہیگا حمل قرار نہ پائیگا۔ اور بچہ کی خواہش ہو تو کھول ڈالے چند روز میں حمل قرار پائیگا۔

دربیانِ شناختِ حمل

برائے شناخت قصور مرد و عورت

اگر کوئی یہ جاننا چاہے کہ اولاد نہ ہونے میں مرد قصوروار ہے یا عورت تو ایک مٹی کا پختہ پیالہ سرخ رنگ کا لادے اور اس کو پاس رکھے جب عورت مرد ہمبستر ہوں اور قریب انزال کے ہو تو ذکر کو باہر نکال کر اس پیالے میں منی ڈالے اور دیکھے کہ منی پیالہ میں فرو ہوئی یا نہیں۔ یعنی اگر جم گئی تو قصور عورت کا ہے اور اگر نہ جمی تو قصور مرد کا ہے۔

برائے شناخت حمل

اگر کوئی شخص یہ جاننا چاہے کہ عورت کو حمل ہے یا نہیں تو اس مذکورہ نقش کو عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ لکھ کر تیار کرے۔ اور وقت ضرورت اس نقش کو عورت کی ناف کے نیچے پیڑو پر رکھائے چند منٹ کے بعد معلوم کرائے کہ عورت کو پیشاب کی ضرورت ہوئی یا درد شکم ہوا یا پیٹ میں سنسناہٹ معلوم ہوئی؟ اگر پیشاب کی حاجت ہوئی تو امید حمل یقینی ہے۔ اگر سنسناہٹ ہوئی تو امید حمل نہیں ہے

۷۸۶

حسرت لوس

دربیان حیض بستہ و کشادہ

اس ضمن میں ادرار حیض اور بندش حیض کی عاملوں کو ضرورت درپیش ہوتی ہے۔ اس لئے چند تجربات سہل اور آسان تحریر کرتا ہوں تا کہ عامل کو اِدھر اُدھر تلاش نہ کرنا پڑے اور مخلوق خدا کو فیض پہنچانے میں آسانی ہو۔

وما توفیقی الا باللہ

(مولف)

برائے خروج مشیمہ

بچہ کی ولادت کے بعد بہت سی عورتوں کو ادرار خون بند ہو جاتا ہے۔ بعض کو کسی صدمہ کی وجہ سے، بعض کو کمزوری کی وجہ سے، بعض کو اندرونی خرابیوں کی وجہ سے، مثلاً ورم وغیرہ کی وجہ سے۔

یا پیدائش کے وقت بچہ آنتوں میں پھنس جاتا ہے، اور بروقت طبی امداد نہ ملنے یا دائی وغیرہ کی خدمت حاصل نہ ہو سکنے کی وجہ سے بچہ مرجاتا ہے تو اس کا نکلنا دشوار ہو جاتا ہے اور عورت کی جان خطرہ میں پڑ جاتی ہے تو ایسی صورت میں اس ترکیب کو کام میں لائیں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ — سلخ مار یعنی سانپ کی کینچلی لادے اور اسکو آگ پر جلا کر دھونی دے اور دھونی اس طرح دیوے کہ دھواں فرج کو لگے۔ آنکھ اور چہرہ بچا کر رکھے کیونکہ بینائی

کیلئے مفید ہے۔ اس ترکیب سے انشاءاللہ تعالیٰ مردہ بچہ فوراً باہر
آجائیگا اور مریضہ کی بفضلِ کریم جان بچ جائیگی۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

برائے ادرارِ خون

اگر کسی عورت کا کسی صدمہ

ح	د	م	ی
ه	ع	د	ده
دد	۱۰	۱۱	مرع
۱۱	۳	۱۲	۱۵

یا اللہ خون بستہ جاری شود

یا کسی اندرونی بیماری کیوجہ سے حیض
بند ہوگیا ہو یا زچہ کا نفاس کا خون
بند ہوگیا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بروز
سہ شنبہ عورت کی بائیں ران میں
یا پیڑو پر باندھیں انشاءاللہ تعالیٰ چند روز میں خون بستہ جاری
ہو جائیگا۔ اور یہی نقش گرم پانی میں گھول کر پلائیں۔ صبح وشام

برائے شفائے زچہ

ایک چینی کی طشتری میں سات سلام
لکھے اور زچہ کو صبح وشام چٹائے
یا گرم پانی میں گھول کر پلائے۔

دراصل بچہ پیدا ہونے کے بعد زچہ کو کئی مشکل حالات سے دوچار
ہونا پڑتا ہے۔ اور غریب آدمی گذارے سے ہی مجبور ہوتے ہیں
علاج تو کجا۔ تو ایسے غریب عوام کیلئے یہ طریقہ سہل اور آسان ہے
انشاءاللہ تعالیٰ تمام عوارضات مثلاً حیض و نفاس کا کھل کر صاف
نہ ہونا، خون کی بندش ہوجانا، جس کی وجہ سے دورون کا پڑنا۔
ایسے مریضوں سے ناتجربہ کار عاملین آسیب و جنات کا رنگ
جما کر غریب عوام کو بے دریغ لوٹتے ہیں۔ اور پریشان حال مریض
ایسے عاملین کے چنگل میں پھنس جاتے ہیں، ناگہانی پیسہ برباد
کر کے محتاج بن جاتے ہیں ـــــ حالانکہ ایام حیض کے بند ہونے
سے مختلف عوارض پیدا ہوتے ہیں جیسے اختناق الرحم (ہسٹریا) پیدا
ہو جاتا ہے۔ ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ ہمہ وقت جسم کے اندر بخار رہنے
لگتا ہے یہاں تک کہ مرض دق کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔ مریضہ
موت و زندگی کے ہچکولے لینے لگتی ہے۔
مگر دھوکہ بازوں کو ذرا رحم نہیں آتا۔ اور سیلان الرحم یعنی رطوبت کا
بہنا، سر کا چکرانا، کمر میں درد رہنا، پنڈلیوں کا اینٹھنا، کندھوں کا بھاری
رہنا، بھوک نہ لگنا، ڈراونے خوابوں کا نظر آنا۔ یہ سب باتیں ایام حیض
و بندش حیض و نفاس کی خرابی کی وجہ سے ہوتی ہیں تو ان سب شکایات
کا دفعیہ کرنے کیلئے یہ سات سلام لکھ کر زچہ کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ
ہر شکایت سے نجات ہوگی۔ وہ سات سلام یہ ہیں ـــــ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (۱) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ـــــ
(۲) سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ (۳) سَلَامٌ عَلٰى
اِبْرٰهِيْمَ ۝ (۴) سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝
(۵) سَلَامٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ ۝ (۶) سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ
فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ۝ (۷) سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ
الْفَجْرِ ۝ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝

۷۸۶

برائے زچہ

اگر کسی عورت
کے پیٹ میں
بوقت پیدائش مرگیا ہو یا پیدا ہونے

ح ح ع ع د و کر و د خط
۲۵۱ کرا دکر ـــــ دو
یا اللہ مردہ بچہ خلاص شود

سے پہلے ہی مرگیا ہو تو اس نقش
کو لکھ کر دھو کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بفضل ربی فوراً بچہ مادر
کے رحم سے باہر آ جائے۔

برائے ادرار خون نفاس

بہت سی عورتوں کو غذا کی کمی کے باعث اور بعض کو صدمہ کی وجہ سے
یا ٹھنڈی چیزوں کے استعمال سے حیض ونفاس کا خون بند ہو جاتا ہے۔
جس کی وجہ سے دورے پڑنے لگتے ہیں اور عوارض نمودار ہونے لگتے ہیں
اس کیلئے ذیل کے نسخوں کو کام میں لائیں، اور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ ۱:- ہوالشافی۔ نوشادر، زنگار، شب یمانی، سعد کوفی، سب
ادویہ کو ہموزن لیکر کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ لیں اور بطور شیافہ
عورت کو استعمال کرائیں، انشاء اللہ بستہ خون جاری ہو جائیگا۔ اور زچہ
کو صحت ہوگی۔

نسخہ ۲:- ہوالشافی۔ لوبان، مصطگی، خزامہ، قرنفل، ہر ایک ہموزن لیکر
کوٹ چھان کر باریک کر کے پانی میں گوندھ لیں اور بطور شیافہ عورت
کو استعمال کرائیں چند ہی روز شیافہ استعمال کرنے سے بستہ خون
کھل جائیگا۔ اور زچہ کو راحت وسکون حاصل ہوگا۔ مجرب ہے۔

نسخہ ۳:- ہوالشافی۔ نوشادر مصری، فرتیون، زنجفر سرخ، تخم
ترب، دانہ حرمل، دانہ کنیر، سب ادویہ کو ہموزن لیکر دھونی دینے
سے بھی بستہ خون انشاء اللہ کھل جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ ۴:- ہوالشافی۔ جھیٹھ، میتھی ہموزن لیکر (ایک ایک تولہ) پانی میں
پکا کر صبح وشام تین روز تک پینے سے بند خون جاری ہو جاتا ہے۔ تین روز
پلائیں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ ملاحظہ کریں۔

نسخہ ۵:- ہوالشافی۔ حرمل ایک تولہ لیکر شہد اصلی میں ملاکر زچہ کو دن میں
تین چار بار چٹائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حیض ونفاس کا بستہ خون یا کم کھل
کر جاری ہو جائیگا۔

نسخہ ۶:- ہوالشافی۔ مجیٹھ ایک تولہ لیکر پانی میں خوب پکا کر زچہ کو صبح
شام پلائیں۔ عجیب فائدہ ہوگا اور بستہ خون جاری ہو جائے گا۔ مجرب ہے

نسخہ ۷:- ہوالشافی۔ ۳ تولہ رائی لیکر ۵ سیر پانی میں پکا کر کسی ٹب
یا تسلے میں ڈالے اور عورت کو ننگے جسم ٹب یا تسلے میں بٹھائے تاکہ
پیڑو تک پانی رہے۔ چند روز صبح شام بیٹھنے سے رکا ہوا خون اور بند
خون جاری ہو جائیگا اور انشاء اللہ زچہ کو سکون حاصل ہوگا۔

نسخہ ۸:- ہوالشافی۔ تخم کرڑ، سونف، گاؤزبان، ہنسراج، تخم خربزہ،
۶-۶ ماشہ لیکر ۳ پاؤ پانی میں پکائیں جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے شربت
بزوری ملا کر صبح وشام پلائیں۔ انشاء اللہ بستہ خون جاری ہوگا۔ اس کے
علاوہ بہت سی عورتوں کو گولے کا درد ہوتا ہے اس نسخہ کے استعمال سے
وہ درد بھی بند ہو جائیگا۔ مجرب ہے۔

نسخہ ۹:- ہوالشافی۔ ایلوا، ۶ ماشہ، کیسر سبز ۳ ماشہ، زعفران
اصلی ۳ ماشہ، سب ادویہ کو کوٹ کر پیس کر ۹ گولی بنائیں اور ایک
ایک گولی صبح شام شربت بزوری کے ساتھ پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سکون
وآرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

اب آگے چند نسخے طمث یعنی زیادتی حیض و نفاس وغیرہ کے تحریر کرتا ہوں۔

بعض عورتوں کو حیض و نفاس کا خون زیادہ مقدار میں جاری ہو جاتا ہے اور زچہ کی تمام جسمانی طاقت ضائع ہو جاتی ہے۔ اس کیلئے مندرجہ ذیل نسخوں کا استعمال کریں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

نسخہ نمبر ۱:- ہوالشافی۔ آرد گندم اور مازو ہموزن لیکر دونوں کو پانی میں خوب پکائیں۔ یہانتک کہ پانی خشک ہو جائے۔ پھر اس کا لیپ ناف کے نیچے کر دیا جائے۔ کتنی ہی کثرت خون ہو۔ شدتِ درد کو کم کرے گا اور جاری خون کو بند کرے گا۔ مجرب ہے۔

نسخہ نمبر ۲:- ہوالشافی۔ پوست انار، مازو، تخم ریحان ہموزن لیکر شیرہ میں گوندھیں اور عورت کی ناف کے نیچے لیپ کردیں انشاء اللہ جاری خون بستہ ہو جائیگا اور انشاء اللہ سکون و راحت ملیگی۔

نسخہ نمبر ۳:- ہوالشافی۔ آملسار گندھک کی تین دن تک اندام نہانی کو دھونی دینے سے جاری خون بند ہو جائیگا۔ مجرب ہے

نسخہ نمبر ۴:- ہوالشافی۔ دم الاخوین۔ ایک تولہ لیکر اور مرغی کی تلی لیکر اسکے میں دم الاخوین بھر کر کڑھائی میں ڈال کر پکائیں یہانتک کہ دم الاخوین اور ایک ساتھ لت پت ہو جائیں پکاتے وقت کو ہلاتے رہیں۔ جب قوام بن جائے اتار لیں۔ صبح شام ۴ ماشہ کھلائیں انشاء اللہ تعالیٰ تین روز کے کھانے سے کتنا ہی شدید خون جاری ہو، انشاء اللہ بند ہو جائیگا۔

برائے کثرتِ طمث

جن عورتوں کو ایام کی زیادتی ہوتی ہو اُن کیواسطے ان آیات کو لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھیں۔

انشاء اللہ پانی کی طرح بہتا ہوا خون بند ہو جائیگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ اَوْ یُصْبِحَ مَآؤُھَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِیْعَ لَہٗ طَلَبًا ۔ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ ۔ فَاسْتَمْسِکْ بِالَّذِیْۤ اُوْحِیَ اِلَیْکَ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝

برائے بندشِ خونِ حیض

اس مسدس کو بروز جمعرات لکھ کر تیار کر کے رکھے اور جس عورت کو کثرت طمث یعنی خون شدت سے جاری ہو تو اس مسدس کو عورت کے پیٹ پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ خون فوراً بند ہو جائیگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ب	ط	د	و	ا	ح
ا	و	ب	ح	د	ط
د	ح	ط	ا	ب	و
ح	ا	و	د	ط	ب
و	ب	ا	ط	ح	د
ط	د	ح	ب	و	ا

بَرْھَتِیْہٍ کَرِیْرٍ تَتْلِیْہٍ طُوْرَانُ بَزْجَلٍ بَزْجَلٍ تَرْقَبُ تَرْقَبٍ بَرْھَشٍ غَلْمَشٍ خُرْطَیْلٍ خُوْطَیْلٍ قَلَنْھُوْدُ بَرْشَانٍ کَظْھِیْرٍ نَمُوْشَلْخٍ بَرْھَیُوْلَا ... بَشْکَیْلَخَ قَزٍ اِنْغَلْلِیْطُ قَبْرَاتٍ غَیَاھَا کَیْدُ ھُوْلَا شَمْخَاھَرٍ شَمْخَاھَرٍ بُدُّوْحٍ بِحَقِّ الْعَھْدِ الْمَاخُوْذِ عَلَیْکُمْ سُبْحٰنَہٗ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝ مَا

فَعَلْتُمْ فَعَلْتُمْ بِحَقِّ هٰذِهِ الْعَزِيْمَةِ عَلَيْكُمْ اَسْرِعُوْا فِيْمَا بِهٖ بِحَقِّ الْعَزِيْزِ الْمُعِزِّ فِيْ غَدٍ غَدِهٖ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ تَوْكِيْدِهَاهٗ

براۓ بندش خون

جن عورتوں کو مہینہ میں دو یا تین چار مرتبہ مہینہ کا خون جاری ہو جاتا ہو تو ایسی عورتوں کو چارپائی پر ننگے بدن بٹھاۓ اور نیچے آگ رکھ کر اس پر آملہ سار گندھک ڈال کر جلائیں۔ یعنی اندام نہانی کو دھونی دینے سے خون بند ہو جاتا ہے

۷۸۶

براۓ بندش خون

ف	ق	ج	م	ح	م	ت
ح	م	ت	ف	ق	ج	م
ق	ج	م	ح	م	ت	ف
م	ت	ف	ق	ج	م	ح
ج	م	ح	م	ت	ف	ق
ت	ف	ق	ج	م	ح	م
م	ح	م	ت	ف	ق	ج

جن عورتوں کو بار بار ایام حیض کی شکایت ہوتی ہو انکے لئے یہ نقش ہفت در ہفت اکسیر کا کام دیتا ہے اور جاری خون کو روکتا ہے۔ مجرّب ہے۔ ایام حیض ونفاس بند ہو جاتے ہیں ایام میں باقاعدگی پیدا ہو جاتی ہے

اَجِیْبُوْا یَا رُوْحَانِیَّةَ هٰذِهِ الْخَاتَمِ یَرْفَعُ الدَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰدَمِیَّةِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ ۝

در بیانِ بیدار کردن جنین در شکمِ مادر

شائقین عملیات کے پاس ہر قسم کے مریض وحاجتمند آتے ہیں اس لئے جنین خفتہ کے بارے میں چند عملیات لکھتا ہوں تاکہ عاملین کو دشواری نہ ہو۔ چونکہ بعض اوقات بچہ کا پیٹ میں چلنا پھرنا بند ہو جاتا ہے جو کہ ازحد باعث تشویش بنجاتا ہے۔ مریضہ و وارثان پریشان ہو اٹھتے ہیں اور بےچین ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹروں اور حکیموں و عاملوں کے پاس دوڑے آتے ہیں تو اس لئے اس ضمن میں لکھنا ضروری ہوا۔

براۓ بیدار کردن جنین

اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ سو گیا ہو اور چلنا پھرنا بند کر دیا ہو تو ان آیات کو لکھ کر مریضہ کو چٹائیں۔ چینی کی پلیٹ میں زعفران سے لکھیں اور بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں۔ بارش کا پانی میسر نہ ہو تو کنوئیں کے پانی میں دھو کر پلائیں۔ انشاءاللہ بچہ بیدار ہوگا وہ آیات یہ ہیں ــ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

برائے بیدار کردن جنین

اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ سو گیا ہو اور چلنا پھرنا بند کر دیا ہو تو ان آیات کو لکھ کر حاملہ کو پلائیں، سات روز تک انشاء اللہ بچہ شکم مادر میں بیدار ہو جائیگا۔ وہ آیات یہ ہیں — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّھَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَیْہِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ ۔ قَالُوْا یٰوَیْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ھٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۔ اِنْ کَانَتْ اِلَّا صَیْحَۃً وَّاحِدَۃً فَاِذَا ھُمْ جَمِیْعٌ لَّدَیْنَا ... مُحْضَرُوْنَ ۔ وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَاِذَا ھُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ ۔ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗٓ اِلَّا ھُوَ ۔

برائے بیدار کردن جنین

زیرہ سیاہ، عاقر قرحا، دونوں کو خوب باریک پیس کر رکھیں۔ ۲-۳ گرام تازہ پانی سے تین روز استعمال کرنے سے کمال فائدہ ہوگا۔ یعنی مادر شکم میں انشاء اللہ بچہ بیدار ہو جائیگا۔

برائے بیدار کردن جنین

عورت حاملہ کو چت لٹائے اور شکم پر موٹا کپڑا رکھے اور توا گرم کر کے شکم پر ٹکور کریں انشاء اللہ اس ترکیب سے بچہ فوراً حرکت میں آئیگا۔ اور بیدار ہو گا۔

برائے بیدار کردن جنین

زیرہ سیاہ، تخم مریم، سداب ہر ایک کو ہموزن لیکر یعنی ۶-۶ ماشہ، اور پانی میں پکائیں۔ اس پانی کو تھوڑا تھوڑا کر کے تین روز تک پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ پیٹ میں بیدار ہو جائیگا۔ یعنی اگر بچہ زندہ ہوگا تو بیدار ہو جائیگا ورنہ مردہ بچہ

فوراً پیٹ سے باہر آئیگا۔ مجرب ہے ۔

دربیانِ حفاظتِ اطفال

بچوں کے سوکھا مسان کو (امراض کو) دق الاطفال کہتے ہیں۔ پہچان اس کی یہ ہے کہ بچے کی گدی یا کان کی لو کو دبا کر دیکھیں اگر بچہ گدی اور لو کے دبانے سے حرکت نہ کرے یعنی تکلیف محسوس نہ کرے تو سمجھو کہ بچہ کو دق الاطفال کے مرض کی علامات شروع ہو چکی ہیں۔ مگر اکثر ایسا دیکھنے میں آتا ہے کہ والدین بھی اس طرف کوئی توجہ نہیں کرتے اور نہ ہی معالجین اور عاملین۔ جب بچہ بالکل سوکھ جاتا ہے تب توجہ دیتے ہیں بلکہ بہت سے بچے اس بے توجہی اور لاپرواہی سے مرجاتے ہیں اس لئے عاملین اور والدین کو اسکی توجہ دینا از حد ضروری ہے تاکہ بچہ کی جان لاپرواہی کا شکار نہ ہو۔

برائے سوکھا مسان

جب اس سوکھا مسان کی علامتیں پائی جائیں تو ایک بینگن لا کر اس پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر بچہ کی چارپائی کے اوپر لٹکائیں اور دوسرا نقش لکھ کر گلے میں باندھیں۔ اور ایک نقش لکھ کر بوتل میں ڈال کر اور پانی بھر کر رکھیں اور صبح، دوپہر، شام پلاتے رہیں۔

۷۸۶

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کو شفائے کامل حاصل ہوگی نقش یہ ہیں۔

بینگن والا

وی	دلا	ط
و	ھ	لا
ای	و	مس

سوکھا مسان دفع شود

گلے والا

۷۸۶

۴۲۳	۴۲۶	۴۳۰	۴۱۶
۴۲۹	۴۱۷	۴۲۲	۴۲۷
۴۱۸	۴۳۲	۴۲۴	۴۲۱
۴۲۵	۴۲۰	۴۱۹	۴۳۱

سوکھا مسان ہر قسم دفع شود

برائے سوکھا مسان

مندرجہ ذیل ترکیب عجیب التاثیر ہے پان بنگلا ایک عدد برگ مکو ساڑھے تین عدد لیکر دونوں کو باریک کوٹ کر بچہ کی ریڑھ کی ہڈی پر مالش کریں۔ ۱۵ منٹ تک۔ شنبہ۔ سہ شنبہ۔ پنجشنبہ یعنی ہفتہ میں تین دن انشاء اللہ ایک روز کے معمول سے بچہ کو صحت ہونی شروع ہو جائیگی اور بچہ تندرست ہو جائیگا۔

برائے چلوانس

یہ بھی ایک مرض ہے اس مرض میں بچہ ضد کے ساتھ روتا ہے۔ آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ نوچتا ہے۔ کپڑے پھاڑتا ہے۔ بالوں کو کھینچتا ہے۔ کاٹتا ہے گویا کہ بے چین رہتا ہے ایسی حالت میں اس نقش کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چلوانس دور ہوگا اور بچہ کو سکون و آرام ہوگا۔

۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

یا اللہ نظر د چلوانس کو دور فرما۔

برائے حفاظت اطفال

اگر کوئی بچہ دودھ نہ پیتا ہو اور الٹی کر دیتا ہو تو

۷۸۶

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

اس نقش کو لکھ کر کنوئیں یا دریا کے پانی میں دھو کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ دودھ پیئے گا

اس نقش کے لکھتے وقت خیال رکھیں کہ ق وم کے منہ کھلے رہیں

برائے حفاظتِ اطفال

اس نقش کو لکھ کر ہر چھوٹے بڑے ہندو مسلم، مرد و عورت، یا لڑکی لڑکے کو دے سکتے ہیں اس نقش کو تانبے کے تعویذ میں بند کر کے گلے میں باندھنے کو دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ و بڑا مرد و عورت ہر آفات سے محفوظ رہیں گے۔ مجرب ہے۔

۴۲۳ / ۱۲۵۰	۴۲۶ / ۱۲۵۳	۴۳۰ / ۱۲۵۹	۴۱۶ / ۱۲۴۳
۴۲۹ / ۱۲۵۵	۴۱۷ / ۱۲۴۴	۴۲۲ / ۱۲۴۹	۴۲۷ / ۱۲۵۴
۴۱۸ / ۱۲۴۵	۴۳۲ / ۱۲۵۸	۴۲۴ / ۱۲۵۱	۴۲۱ / ۱۲۴۸
۴۲۵ / ۱۲۵۲	۴۲۰ / ۱۲۴۷	۴۱۹ / ۱۲۴۹	۴۳۱ / ۱۲۵۷

یا اللہ جمیع آفات بلیات نظر د گرد ا فرے محفوظ فرما

برائے حفاظت اطفال

اس نقش کو تانبے یا چاندی کے پترے پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے ورنہ تعویذ بنا کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بچہ ہر آفات و بلیات سے محفوظ رہیگا نقش یہ ہیں۔

نقش اول اوپر

۷۸۶

۳۳۲	۳۲۷	۳۳۴
۳۳۳	۳۳۱	۳۲۹
۳۲۸	۳۳۵	۳۳۰

نقش دوم نیچے

۷۸۶

۵۸۱	۵۷۶	۵۸۳
۵۸۲	۵۸۰	۵۷۸
۵۷۷	۵۸۴	۵۷۹

برائے گریۂ اطفال

بہت سے بچے شام سے رونا شروع کر دیتے ہیں اور رات بھر روتے گذار دیتے ہیں تمام گھر والوں کو پریشان کر دیتے ہیں کسی صورت بہلتے ہیں نہ چپ ہوتے ہیں، نہ بیٹھنے دیتے ہیں، نہ لیٹنے دیتے ہیں بلکہ کھڑے کھڑے پھراتے ہیں۔ یہ علامت نظر جو گیاں کی ہے ایسے بچوں کے واسطے نقش

۷۸۶

م	ح	ی	ط
۱۱	۸	۴۱	۷
۷	۸	۱۰	۴۲
۹	۴۳	۴۰	۹

یا محیط بچہ کو نظر جوگیان و ہر قسم بلا سے محفوظ فرما۔

یا محیط کا ذوالکتابت لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ فوراً چپ ہوگا۔

برائے گریہ اطفال

جن بچوں کو اوپر لکھی ہوئی علامتیں ہوں یا نظر گرفتار ہو یا نظر بیابان یا نظر ڈائن ہو تو اس آیت کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ بچہ رونے سے باز آئیگا اور چین و آرام سے سو جائیگا۔ آیت یہ ہے۔

۷۸۶

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ؕ

برائے میٹھا

یعنی پسلیوں کا چلنا۔ یہ مرض اکثر بچوں کو ہوتا ہے زیادہ تر پسلیوں و پھیپھڑوں کی کمزوری کی بنا پر ہو جاتا ہے اس عارضہ کیلئے اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ بچہ میٹھے کے اثرات سے محفوظ رہیگا۔

۷۸۶

یا اللہ — یا اللہ — یا حاوی — یا حاوی — یا حافظ — یا قائم — یا فتاح — یا اللہ

برائے میٹھا

اس نقش کو اس بارے میں بہت زود اثر اور مجرب پایا ہے۔ اس نقش کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ٹھیک ہوگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۷۸۶

سلام	مومن	حفیظ	شافی
۱۳۷	۳۹۰	۱۳۳	۹۹۷
۳۸۹	۱۳۴	۴۰۰	۱۳۳
۹۹۹	۱۳۴	۳۸۸	۱۳۵

یا اللہ محفوظ رکھ و میٹھے سے محفوظ فرما۔

برائے جموگا

اس مرض میں بچہ رنگ بدلتا ہے کبھی پیلا، کبھی نیلا کبھی سرخ اور کبھی کالا۔ اینٹھتا ہے، جبڑے سخت ہو جاتے ہیں۔ دراصل اس مرض کا تعلق ماں کے پیٹ سے ہے کیونکہ یہ مرض ام الصبیان کے قبیل سے ہے۔ اس مرض میں تھوڑی سی کوتاہی بھی بچے کیلئے جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔ اس لئے حمل کے دوران ہی سے علاج جاری کرنا اچھا ثابت ہوتا ہے۔ گذشتہ صفحات میں ام الصبیان کے بیان میں بہت سے گنڈے، تعویذات اور نقوش لکھے جا چکے ہیں۔ وہاں دیکھیں۔ اس مرض میں یہ آیت بھی اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اس آیت کو لکھ کر حاملہ کے گلے میں باندھیں اور جب بچہ پیدا ہو جائے تو ماں کے گلے سے کھول کر بچہ کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جمیع آفات، بلایات اور جموگا سے محفوظ رہیگا۔ وہ آیت یہ ہے ـــــ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰

شطوطا شصصا اخت ام الصبیان ابنا صالحا الهویل العمر محمد وعلی وحسن وحسین وصلی اللہ علی خیر خلقه محمد واله واصحابه اجمعین ؕ

برائے حفاظتِ اطفال

بچہ کی پیدائش کے بعد اس نقش کو بروز دوشنبہ لکھے اور بچہ کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسیب و سحر و نظر بد، رونے سے، جن و انس سے، ڈرنے اور میٹھا اور جموگا وغیرہ سے محفوظ رہیگا۔

۷۸۶

۵۰۰۵۴	۵۰۰۵۶	۵۰۰۵۲
۵۰۰۴۹	۵۰۰۵۱	۵۰۰۵۳
۵۰۰۵۰	۵۰۰۵۵	۵۰۰۴۸

یا اللہ بچہ کی جمیع آفات سے حفاظت فرما

برائے حفاظتِ اطفال

اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جمیع آفات وبلایات سے محفوظ رہیگا

۷۸۶

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

نوٹ :- اس نقش کو سفید ریشمی کپڑے پر لکھ کر باندھیں۔

برائے حفاظتِ اطفال

جو بچے ازحد روتے ہوں یا جموگا ڈبوگا مرض میں مبتلا ہوں یا ماں کا دودھ کم ہونے کیوجہ سے روتے ہوں تو تین نقش لکھ کر تیار کریں ایک بچے کے گلے میں دوسرا ماں کے گلے میں باندھیں تیسرا کسی شیشی میں پانی میں ڈال کر رکھیں صبح، دوپہر شام پلائیں انشاء اللہ بچہ جمیع آفات سے محفوظ رہیگا دودھ بھی بڑھیگا۔

۷۸۶

۱۲۴	۱۲۸	۱۳۱	۱۱۷
۱۳۰	۱۱۸	۱۲۳	۱۲۹
۱۱۹	۱۳۳	۱۲۶	۱۲۲
۱۲۷	۱۲۱	۱۲۰	۱۳۲

یا اللہ جمیع آفات وبلیات سے حفاظت فرما

برائے حفاظتِ اطفال

جن عورتوں کا دودھ سوکھ گیا ہو اور بچہ بھوکا روتا ہو تو اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر بھنی ہوئی سونف پر دم کرکے عورت کو کھانا کھانے بعد دونوں وقت ۶-۶ ماشہ پانی سے دیں اور سونف کو دیسی گھی میں بھونیں۔ اور دو تعویذ لکھ کر تیار کریں ایک تعویذ بچے کے گلے میں اور دوسرا ماں کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں زیادتی ہوگی۔ اور بچہ محفوظ و مامون رہیگا۔ وہ آیت یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ احسن کل شیٔ خلقہ ۔ لتشکرون تک لکھیں اور پانی پر دم کرکے رکھیں اور کئی بار تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ مجرب ہے۔

برائے حفاظتِ اطفال

جن بچوں کو پرسوت کی بیماری ہو یا خونی پیچش یا آنوں آتی ہو تو اس نقش کو لکھ کر ماں زچہ کے گلے میں باندھیں کیونکہ پرسوت کا مرض ماں سے یا مرض ڈبوگا سے بھی پیچش خونی یا آنوں کی بیماری ہو جاتی ہے تو اس نقش کو لکھ کر پانی میں ڈال کر رکھیں اور بچہ کو تھوڑا تھوڑا پلائیں انشاء اللہ بچہ محفوظ و مامون رہیگا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۶-۷۰	۶-۷۳	۶-۷۶	۶-۶۳
۶-۷۵	۶-۶۴	۶-۶۹	۶-۷۴
۶-۶۵	۶-۷۸	۶-۷۱	۶-۶۸
۶-۷۲	۶-۶۷	۶-۶۶	۶-۷۷

یا اللہ بچہ جموگا ڈبوگا پرسوت وغیرہ سے محفوظ رہے

برائے جموگا

جب بچہ پیدا ہووے تو ان اسماء کو ۲ عدد کاغذوں پر لکھ کر تعویذ بنا کر ماں اور بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ زچہ وبچہ جمیع آفات وبلیات جموگا ڈبوگا اور پرسوت وپیچش وتظر بد، سحر سفلی وعلوی اور ٹوٹکہ جات کے اثر سے محفوظ و مامون رہے مجرب ہے۔

وہ اسماء یہ ہیں — جلبوس، ملبوس، مرلوش ولوش، حیوش معلموش، مرطوش ملوما لیش، ایسا اا وما در یا فرد یا احیون احیوتون

برائے جموگا

یعنی ڈبہ بھی کہتے ہیں اور میٹھا بھی اسی کو کہتے ہیں۔ اگر کوئی بچہ اس مرض میں مبتلا ہو تو اس عزیمت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں اور سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دو تعویذ لکھ کر گلے میں باندھیں ایک بچہ کے اور ایک ماں کے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جموگا کے کل امراض سے محفوظ رہیگا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۝ عَلِیقًا، مَلِیقًا، طَلِیقًا، خَالِقًا مَخلُوقًا کَافِیًا شَافِعًا، اِرتَضٰی مُرتَضٰی بِحَقِّ یَابدُوحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ القُراٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحمَۃٌ لِّلمُؤمِنِینَ ۝ وَلَا یَزِیدُ الظّٰلِمِینَ اِلَّا خَسَارًا بِحَقِّ اَنَا سَاَسَالَا اَسئَلُوسَہ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ۔

برائے حفاظتِ اطفال

۷۸۶

۴۷۲۳	۴۷۱۸	۴۷۲۵
۴۷۲۴	۴۷۲۲	۴۷۲۰
۴۷۱۹	۴۷۲۶	۴۷۲۱

یا اللہ جمیع آفات سے حفاظت فرما

اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ بچہ بدخوابی سے ڈرنے سے محفوظ رہیگا

برائے حفاظتِ اطفال

جو بچے دن رات روتے ہوں کسی بھی طرح چپ نہ ہوتے ہوں ان کیلئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر بچہ و ماں دونوں کے گلے میں باندھیں اور سات روز تک ایک ایک تعویذ روز پانی میں دھو کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ و ماں ام الصبیان، مسان پختہ و خام، نظر بد و سحر جادو وغیرہ سے محفوظ رہیں۔

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	۲۴	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

یا اللہ جمیع آفات وبلیات سے حفاظت فرما۔

برائے کثرتِ شیر مادر

جن عورتوں کو دودھ کم ہو جاتا ہو یا بالکل سوکھ جاتا ہو جس کی وجہ سے مارے بھوک کے بچہ پریشان رہتا ہے۔ اور روتا ہے تو اس آیت کو لکھ کر تعویذ بنا کر ماں کے گلے میں باندھیں

اور سفید زیرہ پر ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے ماں کو دودھ کے ساتھ ۶-۶ ماشہ کھلائیں انشاء اللہ دودھ کی افزائش ہو گی۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۝ اَللّٰہُ یَعلَمُ مَا تَحمِلُ کُلُّ اُنثٰی وَمَا تَغِیضُ الاَرحَامُ وَمَا تَزدَادُ وَکُلُّ شَیءٍ عِندَہٗ بِمِقدَارٍ عٰلِمُ الغَیبِ وَالشَّھَادَۃِ الکَبِیرُ المُتَعَالِ بِرَحمَتِکَ یَا اَرحَمَ الرّٰحِمِینَ ۝

برائے کثرتِ شیر مادر

جن عورتوں کا دودھ کم ہو جاتا ہے یا سوکھ جائے تو آنے والے صفحے پر لکھا ہوا نقش لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں اضافہ ہو گا نقش یہ ہے۔

۱۴۶۷	۱۴۷۱	۱۴۷۴	۱۴۶۰
۱۴۷۳	۱۴۶۱	۱۴۶۶	۱۴۷۲
۱۴۶۲	۱۴۷۶	۱۴۶۹	۱۴۶۵
۱۴۷۰	۱۴۶۴	۱۴۶۳	۱۴۷۵

برائے حفاظت اطفال

۷۸۶

ظ	ی	ف	ح
۷۹	۹	۸	۱۱
۱۰	۸۲	۸	۷
۹	۶	۱۱	۸۱

یا اللہ جمیع امراض سے حفاظت فرما

اگر بچہ زیادہ ہی روتا ہو اور چلوانس میں مبتلا ہو یا ڈرتا ہو یا پڑسوت کی شکایت ہو یا نظر بد ہو یا کسی ٹوٹکہ وغیرہ میں مبتلا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں

برائے حفاظتِ اطفال

مندرجہ ذیل آیت بہت زود اثر ہے کیسا ہی ضدی بچہ ہو انشاء اللہ ضد سے باز آئیگا، نہ روئیگا، نہ ڈریگا بلکہ آفات وبلیات سے محفوظ و مامون رہے گا مجرب ہے اور آیت یہ ہے —— بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۝ لَا یَضُرُّ

مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ہ وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ ... للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا ہ

برائے حفاظتِ اطفال

بعض بچوں کو کمیڑیہ یا مرگی کے دورے پڑنے لگتے ہیں۔ حکیموں، ڈاکٹروں اور عاملوں کے پاس لئے لئے گھومتے پھرتے ہیں تو ایسے مواقع کیلئے یہ تانبہ کی تختی از حد مفید ثابت ہوئی اس کو تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بروز یکشنبہ ایک تانبہ کی تختی لیکر آفتاب نکلنے کے بعد پہلے گھنٹہ میں تیار کریں۔ ایک طرف تو یہ عزیمت لکھیں یا ملک کل جبار عنید یقھر عزیز سلطانہ یا ملک تختی کے دوسری طرف یہ لکھیں۔ یا قاھر ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قاھر۔ بچے کے گلے میں باندھیں انشاء اللہ ہر قسم کے دوروں سے محفوظ رہیگا۔

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کسی بچہ کو چلوانس کی شکایت ہو تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بچہ فوراً رونے سے باز آئیگا۔ مجرب ہے اور مصدقہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۱۳	۲۰
۱۹	۱۷	۱۵
۱۴	۲۱	۱۶

یا اللہ چلوانس کو دور فرما بچہ کو روئے سے باز

برائے حفاظتِ اطفال

یہ عمل عطائی ہے۔ ایک سرکنڈا لیوے جو کہ آٹھ انگل کا ہو اور ساتھ ڈ یعنی جس بچہ کو بیٹھا ہو اس کے دونوں میں پکڑا کر خود یہ جملہ کہے — بحق شاہ شرف الدین قلندر فلاں بن فلاں بچہ کا اور سا جائے۔

مرتبہ کہہ کر سرکنڈے پر دم کرے اور ناپے اگر ۹ انگل کا ہو جائے تو ایک انگل کاٹ دے۔ پھر بچہ کے ہاتھوں میں پکڑوائے۔ پھر سات مرتبہ کہہ کر دم کرے پھر ناپے اگر بڑھ جائے تو بڑھے ہوئے کو کاٹ دے پھر تیسری بار پکڑوائے اور سات مرتبہ کہہ کر دم کرے پھر ناپا جائے اگر بڑھ جائے تو اس کو کاٹ دو۔ اسی طرح تین روز بجارڈ وانشاء اللہ تعالیٰ بچہ صحتیاب ہوگا اور اوسا دور ہوگا۔ مجرب ہے۔

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کسی کے بچے سوا مہینہ کے دوران یا سوا سال کے عرصہ میں یا ڈھائی سال کے عرصہ میں مرجاتے ہوں تو مندرجہ ذیل آیات کو سات کاغذوں پر لکھے ایک بچے کے گلے میں ڈالیں دوسرا پانی میں دھو کر رکھے اور تھوڑا تھوڑا پلائے اور چار تعویذ مٹی کی چار خالی کلھیاؤں میں رکھ کر چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ اور ایک تعویذ صدر دروازے میں گاڑیں۔ انشاء اللہ بچہ محفوظ و مامون رہیگا۔

وہ آیات یہ ہیں:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ حسبی اللہ وکفی باللہ ایاک نعبد وایاک نستعین ہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ہ انہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ ان لا تعلوا علی واتونی مسلمین ہ فاذ عفوا دنی من الجن وان ذلک بہ قبل ان وتلوۃ وانی علیک ھواہ ۲ مبین من الفواد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ اوامرھا ا ملھکلن گھلن گھما کھیما ارحما ارحما ترحما ترحما اوا تمایت بھت بھت سوا ھا بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول

اللہ اللھم انت الکاشف و انا المضطر فمریّ یطع
المضطر انت الکاشف یا دی ہ ۔

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کسی بچہ کو چلواکس، جھوگا، ڈبہ گا کے امراض کا شائبہ ہو یا نظر بد یا سحر و اثر میں مبتلا ہو تو ۲ عدد تعویذ لکھ کر تیار کریں ایک تعویذ بچے کے گلے میں باندھیں اور دوسرا پانی کی بوتل میں ڈال کر رکھیں اور تھوڑا تھوڑا پانی پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر مرض سے محفوظ و مامون رہیگا۔ وہ آیت یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم
آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم
آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم
آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم آدم ۔ وَاِن
یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا
الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِکْرٌ
لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔ نوٹ :۔ آیت کے اوپر لفظ آدم اکتالیس مرتبہ لکھا جائے گا۔

برائے حفاظتِ اطفال

جو بچے دودھ کی کمی کی وجہ سے روتے ہوں پہلے اس کا علاج کریں یعنی بہت سے بچے دودھ پیتے ہوئے چھاتیوں میں سر مار دیتے ہیں جس سے عورتوں کو تھنیلا ہو جاتا ہے یعنی چھاتیوں پر ورم آجاتا ہے دودھ پلانا مشکل ہی نہیں وبال جان بن جاتا ہے اور بچہ وہ دودھ پیکر بیمار ہو جاتا ہے اور چھاتیوں میں شدت کا درد ہوتا ہے تو اس کیلئے اس عزیمت کو لکھ کر عورت کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بھی زیادہ ہوگا۔

اور تھنیلا بھی دور ہو جائیگا اور درد بھی جاتا رہے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ۔ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی مَلٰٓئِکَتِہِ
الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا
اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۔

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کوئی بچہ از حد لاغر ہو یا کوئی کے مرض میں مبتلا ہو یا کوئی بچہ پیلے نیلے ہرے دستوں میں مبتلا ہو یا کسی بچہ کو نظر بد ہو یا نظر گفتاران دجو کیمان گی ہو یا کوئی بچہ مسان خام و پختہ کے عارضہ میں مبتلا ہو تو اس عزیمت کو ایک تعویذ بنا کر بچہ کے گلے میں باندھیں۔ دوسرا التعویذ بوتل میں پانی بھر کر ڈالیں اور دن میں کئی بار پلائیں انشاء اللہ بچہ فربہ ہوگا اور علت مسان خام و پختہ سے نظر بد سے قے اور دستوں سے محفوظ رہیگا۔ وہ عزیمت یہ ہے :

صلوس، اروس، حوس، مطوس سلموس
ملوس، الموس اَسْتَغْنٰی فَزَادَهُمْ قَادِرٌ مَادُو
صَبَاحُلُوْتَ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ
اَهْیًا اَشْرَاهِیًا یَا مَرَاللّٰه بِحُرْمَتِ النَّبِیِّ وَاٰلِهٖ
اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۔ اَلْقُوْا
مَا اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ
اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۔

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کسی عورت کے بچے مرضِ ام الصبیان میں مبتلا ہو کر ۲ سال سے پہلے ہی مرجاتے ہوں تو یہ ۳ عدد نقش لکھ کر رکھیں ایک عورت کے گلے میں اور دوسرا بچہ کے گلے میں باندھیں اور تیسرا التعویذ پانی میں دھو کر دن میں کئی بار پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ام الصبیان کے مرض سے اور جمیع امراض سے محفوظ و سلامت رہیگا۔

طلوس	یاقوس	سلموس	الشاہر
حلوس	مدوس	مطلوس	مبین ناملو
قل ھو اللہ	احد اللہ	الصمد لم یلد	ولم یولد
ولم	یکن لہ	کفوا	احد

یا اللہ جمیع ام الصبیان سے محفوظ فرما عمر دراز عطا فرما

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کوئی بچہ امراض ام الصبیان یا مسان پختہ و خام میں مبتلا ہو یا دستوں یا قے میں مبتلا ہو یا کسی اور مرض میں جکڑا ہوا ہو تو ان آیات کو لکھ کر ایک تعویذ تو ماں کے گلے میں دوسرا تعویذ بچہ کے گلے میں ڈالیں اور تیسرا تعویذ پانی کی بوتل میں ڈال کر رکھیں اور اس کا پانی دن میں کئی بار پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے مسان و جمیع امراض سے بچہ محفوظ رہیگا۔ وہ آیات یہ ہیں:—

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ فَیَوۡمَئِذٍ لَّا یُعَذِّبُ عَذَابَہٗۤ اَحَدٌ وَّ لَا یُوۡثِقُ وَثَاقَہٗۤ اَحَدٌ ؕ یٰۤاَیَّتُہَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّۃُ ارۡجِعِیۡۤ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرۡضِیَّۃً ۚ فَادۡخُلِیۡ فِیۡ عِبٰدِیۡ وَ ادۡخُلِیۡ جَنَّتِیۡ ؕ

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کسی عورت کے بچے کم سنی میں ہی مرجاتے ہوں یا مختلف النوع واقسام کے امراض میں مبتلا ہوں تو نیلے دھاگے کا گنڈہ تیار کریں سات تار کا

اور ۱۴ مرتبہ عزیمت پڑھ کر دم کرے گیارہ گرہ کا گنڈہ تیار کریں اور ہر گرہ پر تین مرتبہ عزیمت مندرجہ ذیل پڑھ کر دم کریں اور تین سپاری (چھالی) لیکر سوراخ کریں اور ہر سپاری پر قبل سوراخ اور بعدہٗ سوراخ کے تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور چھالیوں کو گنڈے میں ڈالیں اور بچے کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جمیع امراض سے محفوظ رہیگا——

وہ دعا یہ ہے:— بسم اللہ الرحمن الرحیم ؕ اَھیا اَشراھیا .... اَمباؤتَ اَھیا بحقِ کٓھٰیٰعٓصٓ و بحقِ حٰمٓ عٓسٓقٓ اِلا اِلی اللہ تصیر الامور ہ یاحی شیئا و تبسون و یظرون ؕ لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین ؕ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم البصیر وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و الہ اجمعین الطیبین الطاہرین وسلم کثیرا کثیرا ہ برحمتک یا ارحم الراحمین اللھم انی اسئلک بحق ھذہ الاسماء ان تسھل علی کل بحران یارب العالمین یا خیر الناصرین بعزۃ علیکم یا یکتانوس الملک الحبش والعرب والعجم بحق الوحی البوک جمھورک بتاج الملک اجلا اجلا اجلا ؕ

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کوئی بچہ بہت ہی لاغر ہو تو اس عزیمت کو لکھ کر ایک تعویذ ماں کے گلے میں باندھیں دوسرا بچے کے گلے میں باندھیں اور تیسرا التعویذ پانی میں دھو کر کئی روز پلائیں انشاء اللہ بچہ اور زچہ جمیع امراض سے محفوظ و سلامت رہیں گے۔ وہ عزیمت یہ ہے:—

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا محمد یا ابا بکر صدیق یا حضرت عمر یا حضرت

عثمان غنی یا علی حیدر کرار یا علی یا علی لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ
لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ لَہٗ دولا دولا دولا دولا
دولا دولا دولا حی حی حی حی حی ادہ ادہ
ادہ ادہ ادہ ادہ ادہ اہیا اشراھیا اُوحی رہٗ

برائے حفاظتِ اطفال

"دافع مسان ودافع نظر بد"
اگر کوئی بچہ مرض مسان میں مبتلا ہو تو یا ماں کا دودھ نہ پیتا ہو بلکہ الٹی یا قے کر دیتا ہو تو اس مذکورہ نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں باندھیں دوسرے کو پانی میں گھول کر تھوڑے پر چھینٹا مارے اور صبح شام بچے کو بھاپ سنگھائیں انشاء اللہ مکمل شفا حاصل ہوگی مجرب ہے۔"

۷۸۶

بدوح	بدوح	بدوح	بدوح
بدوح	بدوح	بدوح	بدوح
بدوح	بدوح	بدوح	بدوح
بدوح	بدوح	بدوح	بدوح

یا اللہ جمیع مسان تمام و بچہ دور شود

برائے حفاظتِ اطفال

جس بچہ کو چلوانس ہو اور دن رات روتا ہو، تو اس عزیمت کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے باز رہیگا۔ مجرب ہے اور عزیمت یہ ہے "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ حَیُّ الَّذِیۡ لَایَمُوۡتُ اَلَّذِیۡ مَہٗ اَھُدَا اَھَا اَھَاہٗ"

برائے حفاظتِ اطفال

جو بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہوں اور جسم پر گوشت نہ رہا ہو تو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھے

۷۸۶

مدد	طا	و	ہ
الا	لاع	ع	و ۲
محمد رسو	ل اللہ صـ	لی اللہ علیہ	وسلم

یا اللہ بچے کو مرض سوکھا سے نجات دیدے

انشاء اللہ تعالیٰ مرض سوکھا دور ہوگا اور شفائے کامل حاصل ہوگی مجرب ہے

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کوئی بچہ کسی صورت بھی رونے سے باز نہ آتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر بچہ کے بائیں پیر میں باندھیں انشاء اللہ رونے سے باز رہیگا۔ مجرب ہے۔

سنہء	عوو
ی سیے	لوفرون

یا اللہ بچہ کو باز فرما رونے سے

برائے حفاظتِ اطفال

اگر کسی بچہ کو کسی ڈائن نے نظر لگائی ہو یا افسوں یا جادو ٹونہ کیا ہو۔ اس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ بچے کی آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں اور آنکھ بیٹھ جاتی ہے ہاتھ پیر سکڑ جاتے ہیں، مارتا ہے اور ناک کو ملتا ہے تو سمجھ کر اس کو سحر کیا ہے یا ٹوٹکے والی عورت نے نظر لگائی ہے تو اس کا علاج اس طرح ہے کہ ایک فلفل سیاہ گھسکر بچہ کی آنکھوں میں لگائیں اور کان میں ڈالیں۔ بعدہٗ لوہے کی چھری لے کر بچہ کے سر سے پیر تک اتار کر زمین پر لکیر کھینچے۔ اسی طرح سات مرتبہ اتارے اور سات ہی مرتبہ عزیمت پڑھے بعدہٗ لکیروں پر تھوکے اور ایک مرتبہ عزیمت پڑھ کر چھری پر دم کر کے لکیروں پر زمین میں چھری کو گاڑ دے بچہ انشاء اللہ صحتیاب ہوگا اور ڈائن کو پیچش کا عارضہ شروع ہو جائیگا جب تک چھری زمین سے نہ نکالی جائیگی پیچش بند نہ ہوگی اسی طرح بچہ کو جھاڑے اور نظر بد کی کاٹ کرے۔ وہ عزیمت یہ ہے:
"بِعَجۡلَتِ بِعِجۡلَادِ قَرۡ نَشۡطَ بِنۡدَادِ کُنۡ گَتِ حَھُلَا ... بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ہٗ"

نعت مبارک

نتیجہ فکر: ——— حافظ جمیل احمد جمیلؔ

ہے سب سے بڑا بعد خدا نام محمد
اے صل علیٰ صل علیٰ نام محمد

ہے درد و غم و دکھ کی دوا نام محمد
ہر مرض کی ہے کلی شفا نام محمد

مفتاحِ درِ باغ جناں کلمہ طیب
دروازہ پہ جنت کے لکھا نام محمد

چھو سکتی نہیں آتش دوزخ اسے ہرگز
جس دل کے نگینہ پہ کھدا نام محمد

اللہ کی رحمت ہوئی سایہ فگن اس پر
اخلاص سے جس نے بھی لیا نام محمد

مؤمن ہے وہی جسکو محبت ہے نبی کی
لیتا ہے جو ہر صبح دمسا نام محمد

لازم ہے پڑھے صل علیٰ شوق سے جبدم
قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۔ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى بِحَقِّ اَهْيَا اَشْرَاهْيَا

اور اس کے یہ شکل بنائیں۔ اور لڑکی کی کمر میں باندھیں اور ایک دوسرے کاغذ پر یہ کلمات لکھ کر سر میں چوٹی میں باندھے۔ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ ۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سفلی و علوی و عطائی و ٹونہ ٹوٹکہ سب رد ہو جائے گا اور لڑکی کا بخت کھل جائے گا اور شادی ہو جائے گی ——— عرصہ چالیس روز تک سر میں اور کمر میں تعویذ باندھ کر رکھنا چاہیئے اور جب کہیں رشتہ طے ہو جائے تعویذوں کو کھول کر دریا میں بہا دیں اور ۷ فقیروں کو کھانا کھلائیں اور بچوں کو شیرینی تقسیم کریں مجرب ہے۔ تعویذ لکھنے کا مکمل طریقہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۔ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ

الذی انقض ظہرک و رفعنا لک ذکرک فان مع
العسر یسرا ان مع العسر یسرا ۰ فاذا فرغت
فانصب ۰ والی ربک فارغب ۰ ۷ مرتبہ ربنا ھا
لناظرین ۷ مرتبہ قال موسیٰ ماجئتم بہ السحر
ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل
المفسدین ۰ ولا یفلح الساحر حیث اتیٰ
بحق اھیا اشراھیا

یا اللہ فلاں بنت فلاں کا بخت کھول دے
سحر ہر قسم کو رد کر دے۔

براے دفع سحر ۳۶ اگر کسی لڑکی کا رشتہ عقد بستہ کیا ہو اور کہیں سے بھی کوئی رشتہ نہ آتا ہو تو بروز
جمعہ یا یکشنبہ بوقت ۶ بجے سے ۷ بجے کے درمیان نقش
سورہ رحمن کا لکھے اور نیچے عزیمت مذکور لکھے اور آیت سحر
مذکورہ لکھے اور تین تعویذ لکھے۔ اول گلے میں باندھے دوسرے
سے پانی میں پکا کر غسل کرائے سات روز تک اور تیسرے
نقش کو پانی کی بوتل میں ڈالے اور صبح و شام لڑکی کو پلاتے
رہیں انشاء اللہ سحر اور بندش کھل جائیگی اور جلد اچھا
رشتہ ملیگا اور جلد نکاح ہو جائیگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۰۳۲۸	۳۰۳۳۱	۳۰۳۳۴	۳۰۳۲۱
۳۰۳۳۳	۳۰۳۲۲	۳۰۳۲۷	۳۰۳۳۲
۳۰۳۲۳	۳۰۳۳۶	۳۰۳۲۹	۳۰۳۲۶
۳۰۳۳۰	۳۰۳۲۵	۳۰۳۲۴	۳۰۳۳۵

یا جماعۃ الرجال والزھر من ھیاکلہ وتنبیہ
والقیت علیک محبۃ و عطفا وحنافا و
تخیلا و عشقا و تخیلا و عشقا و تخیلا لا طاقۃ
لکم بالجلوس ولا للعقود حتی یتزوجھا
احد منکم و اطلعت تعطیلھا وان یتزوجھا
یا ھلعابیۃ حرکوا الارواح الروحانیۃ
الساکنۃ فی قلوب الاجنبین فینتظرو الی فلانۃ
فیبصوا فانی اعینھم کالشمس المنیرۃ او کنظر
زلیخا یوسف علیہ السلام قال موسیٰ ماجئتم
بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح
عمل المفسدین ولا یفلح الساحر حیث اتیٰ ۰

نوٹ:- فلانہ کی جگہ لڑکی کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔ مؤلف۔

براے دفع سحر ۳۷ اگر کسی مرد پر ایسا سحر کیا گیا ہو کہ وہ اپنی بیوی سے نفرت کرنے لگے اور
شکل و صورت دیکھتے ہی غصہ سے سرخ ہو جائے اور کسی بھی بات

کو بیوی کی نہ سنے اور کلام کرنا بھی پسند نہ کرے سمجھانے پر بھی نہ
سمجھے تو ایسے مرد کیلئے آیت مذکورہ کو اور آیت ردِ سحر کو چینی کی
طشتری یا سفید کاغذ پر لکھے۔ سات طشتری لکھے یا سات تعویذ
کاغذ پر لکھے اور ایک طشتری یا تعویذ روز بارش کے پانی میں
دھو کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر زائل ہوگا اور وہ مرد
اپنی بیوی سے سابقہ کی طرح محبت کرنے لگیگا۔ مجرب و آزمودہ
ہے۔ وہ آیات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ
بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۝
وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ (پارہ ۲۸ رکوع ۸ آیت ۷)

قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَا يُفْلِحُ
السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى بِحَقِّ اَهِيًا اَشْرَا هِيًا ۝

برائے بطلان سحر (۲۸)

اگر کسی عورت پر ایسا سحر کرایا گیا ہو کہ حمل ساقط و ضائع ہو جائے
اور وہ عورت پریشان رہتی ہو اور سب کچھ تدابیر کرنے کے باوجود حمل
محفوظ نہ رہتا ہو تو اس عمل کو کام میں لائیں۔
اوّل ایک نقش سورہ واقعہ کا لکھیں اور آیت سحر کو نقش کے
اوپر لکھیں اور وہ نقش عورت حاملہ کی کمر میں باندھیں نقش
پڑا رہے اور اسمائے باری (۹۹ ناموں) کا ورد اور آیت
سحر کا ورد ستر مرتبہ کر کے پانی پر دم کرے اور حاملہ کو روز صبح
و شام پلائے چالیس روز تک افضل و بہتر ہے تا وضع حمل
تک یعنی دوران امید ہمیشہ پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ
بطلان سحر ہوگا۔ اور عورت کا حمل محفوظ رہیگا اور وقت پیدائش
بچہ و زچہ محفوظ و سلامت رہینگے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
وہ نقش سورہ واقعہ کا اور آیت سحر کا طریقہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۔ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ
اَتٰى بِحَقِّ اَهِيًا اَشْرَا هِيًا ۝

۸۹۰	۸۹۳	۸۹۶	۸۸۲
۸۹۵	۸۸۳	۸۸۹	۸۹۴
۸۸۴	۸۹۸	۸۹۱	۸۸۸
۸۹۲	۸۸۷	۸۸۵	۸۹۷

یا اللہ بطلان سحر فرما اور حمل کی حفاظت فرما۔ آمین

برائے بطلان سحر (۲۹)

اگر کسی عورت پر ایسا سحر کرایا گیا ہو کہ صرف
لڑکیاں ہی ہوں اور لڑکے نہ ہوں۔
ایسی عورتوں کو جب بھی امید ہوتی ہے اگر لڑکے کا حمل ہے تو
ضائع ہو جاتا ہے اور اگر لڑکی کا حمل ہے تو صحیح رہتا ہے ایسی

عورتوں کے دفعیہ سحر اور حفاظت حمل اور اولاد نرینہ کے واسطے
سورہ نجم کا نقش لکھے اور ۹ عدد لکھے اول گلے میں باندھے باقی
کو پانی میں دھو کر پیئے اور غسل کرے اسی طرح چالیس روز تک
پیئے اور غسل کرے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہیگا اور لڑکا صحیح
تولد ہوگا اور سحر کا بطلان ہوگا اور ایک بوتل میں پانی ڈال کر رکھیں اور اس
پر سورہ انبیاء اور آیت سحر اور اسماء قمر ۔ ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرے
اور تا وضع حمل پلاتے رہیں ۔ مجرب و آزمودہ ہے ۔
نقش سورہ نجم اور آیت بطلان سحر کا اور اسماء قمر کا
طریقہ یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَ لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى يَحَقُّ اَهِيًا اَشْرَاهِيًا

۲۸۵۶۸	۲۸۵۷۱	۲۸۵۷۴	۲۸۵۶۱
۲۸۵۷۳	۲۸۵۶۲	۲۸۵۶۷	۲۸۵۷۲
۲۸۵۶۳	۲۸۵۷۶	۲۸۵۶۹	۲۸۵۶۶
۲۸۵۷۰	۲۸۵۶۵	۲۸۵۶۴	۲۸۵۷۵

یا نجیم ، یا نفرا ، یا غور ، یا روش ، یا روغ ، یا ردش
یا سلش ، یا نغوا ۔ یا اللہ سحر کا بطلان فرما دے اور اولاد

نرینہ عطا فرما دے ۔

برائے دفع سحر ۴۲ اگر کسی دلہن پر ایسا سحر کرایا ہو کر دولہا
سے نفرت کرے اور آپس میں نفرت
وحقارت بڑھے اور گھر ویران ہو جائے تو ایسی حالت میں
آیت سحر اور آیت مذکورہ لکھ کر عورت کو پلائیں تو انشاء اللہ رد سحر
ہوگا ۔ اور دولہا کی محبت ہوگی ۔ نفرت دور ہوگی ۔ ان آیات کو
چینی کی طشتری میں یا سفید کاغذ پر لکھ کر ایک روز دھو کر
پلائیں سات روز تک ۔ یا چالیس روز تک مجرب و آزمودہ ہے ،

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَ لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى يَحَقُّ اَهِيًا اَشْرَاهِيًا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ پوری لکھیں ۔

یا اللہ فلاں بنت فلاں کا بطلان سحر فرما اور شوہر کی حقیقی محبت عطا فرما ۔

برائے دفع سحر ۴۱ اگر کسی عورت پر ایسا سحر کرایا گیا ہو کہ اس
کو ہمبستری سے نفرت ہو جائے ۔
اور اس عورت کو ہمبستری سے واقعی نفرت ہو گئی ہو تو اس عزیمت
کو سفید کاغذ پر ۷ مرتبہ لکھیں اور پانی سے دھو کر اور شہد سے
میٹھا کر کے پلائیں انشاء اللہ رد سحر ہوگا ۔ اور اس عورت کی نفرت

ہمبستری سے دور ہو جائیگی۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

اِمْرَأَةَ نُوْحٍ وَّامْرَأَةَ لُوْطٍ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا الصَّالِحِيْنَ ۝

۴۲ برائے ردِ سحر

بہت سی عورتوں پر اس طرح سحر کرا دیتے ہیں جس سے کہ لڑکوں کی پیدائش بند ہو کر لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی رہیں ایسی عورتوں کے واسطے اس عزیمت کو کام میں لائیں اور قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیں۔ ترکیب اس طرح ہے کہ جب چار ماہ کا حمل ہو تو اس عزیمت کو ۱۲ عدد لکھیں ایک عدد عزیمت کا تعویذ بنا کر شکم پر باندھیں اور ایک ایک تعویذ صبح کو نہار منہ پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَمَّیْتُ مُحَمَّدًا فَتَمِّمْلِیْ اَنْتَ مُحَمَّدًا بِحُرْمَۃِ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہِ الطَّاھِرِ یْنَ ۝

۴۳ برائے کشادی بخت

بعض لوگ دشمنی و عداوت میں کنواری لڑکیوں پر اس قسم کا سحر سفلی کرا دیتے ہیں جس سے کہ مسحورہ لڑکی کی شادی رک جائے اور اچھا رشتہ نہ ملے اور اگر ملتا بھی ہے تو معمولی سے معمولی باتوں پر الجھ کر ٹوٹ جاتا ہے اور بیچارے والدین رات دن پریشان رہتے ہیں تو ایسی لڑکیوں کے واسطے سورہ احزاب کا نقش لکھ کر دو عدد تعویذ تیار کریں اول لڑکی کے گلے میں یا کمر میں باندھیں دوسرا مکان کی چھت میں لٹکائیں موم جامہ کر کے ہرے رنگ کے کپڑے میں سی کر استعمال میں لائیں اور پوست آہو یعنی ہرن کی جھلی پر لکھیں ورنہ سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھیں بروز دوشنبہ یا پنجشنبہ لکھیں وہ عزیمت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ط بَلٰغٌ ط فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ رَبِّ سَهِّلْ وَيَسِّرْ بِحَقِّ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ط اور نقش سورہ احزاب کا مربع اس صورت سے لکھا جائے گا کہ پہلے آیت مذکورہ لکھیں نیچے نقش لکھیں ۷۸۶

۸۸۸۱۴	۸۸۸۱۷	۸۸۸۲۰	۸۸۸۰۷
۸۸۸۱۹	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۱۸
۸۸۸۰۹	۸۸۸۲۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۱۲
۸۸۸۱۶	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۲۱

۴۴ برائے جزع و فزع

بعض لوگ حاسد ذہنیت کے بہت سی عورتوں پر حالت حمل

قریب پیدائش ایسا کرا دیتے ہیں کہ سحر زدہ عورت مثل نزع کی
حالت میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ بلکہ مریضہ ہی نہیں نومولود ہونے
والا بچہ بھی فوت ہو جاتا ہے اور سحر زدہ بھی ہلاک ہو جاتی ہے۔ یہ
بہت سخت گناہ کبیرہ ہے۔ اگر کوئی مریضہ اس حالت جزع فزع
میں مبتلا ہو، یا بچہ کے پیٹ میں ہی مر جانے کا اندیشہ ہو یا اسقاط
ہونے کا احتمال ہو یا اسقاط وقت سے پہلے ہو گیا ہو تو ایسی حالت
میں اس آیت شریفہ کو مشک و زعفران سے مٹی کے پیالی میں لکھیں
اور پانی میں دھو کر لال شکر ملا کر پلائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ حالت
جزع و فزع دور ہوگی اور مریضہ کو صحت و شفاء ہوگی۔ وہ آیت شریفہ
یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ
مُوْسٰی فَارِغًا ۖ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِیْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا
عَلٰی قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

برائے ردِ سحر (۲۵)

بعض لوگ، اکثر حاملہ عورتوں پر سحر کرا دیتے ہیں جسکی وجہ سے اسقاط ہو جاتا ہے

اگر کسی عورت کو ایسی شکایت ہو تو ایسی حالت میں لال رنگ
کا دھاگا لیوے اور سات تار کرے اور گنڈہ بنا دے اور نو گرہ
لگا دے اور ہر گرہ پر آیت مذکورہ اور قل یاایہا الکافرون ایک
ایک بار پڑھ کر دم کرے اور صندل سرخ کی دھونی دیکر حاملہ
کی کمر میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ اسقاط حمل نہ ہو گا۔ وہ

آیت شریفہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔
وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَلَا
تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا
وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝ اور قل یاایہا الکفرون پڑھ کر دم کریں

برائے ردِ سحر (۲۶)

سحر زدہ عورتوں کی اولاد اکثر مختلف امراض میں مبتلا ہو کر فوت ہو جاتی ہے۔

حفظ ماتقدم کی صورت میں۔ لاوے کالی مرچ اور دیسی اجوائن
اور گیارہ مرتبہ سورہ والشمس پڑھ کر دم کرے اور گیارہ مرتبہ
درود شریف پڑھ کر دم کرے اور بعد نماز ظہر ایک کالی مرچ اور
۲ دانے اجوائن کے کھلائے پہلے دوسرے مہینہ ایام حمل سے
شروع کر کے بچہ کے دودھ چھڑانے تک کھلاتے رہیں انشاء اللہ
بچہ صحیح تولد ہوگا اور عمر دراز پائیگا (بعد نماز ظہر ہی کے پڑھنا ہے)
اور دوشنبہ کے دن افضل ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے

برائے ردِ سحر و حفاظتِ اطفال (۲۷)

سحر زدہ زچہ و بچہ کی حفاظت کیلئے

علامات یہ ہیں:۔ روز بروز زچہ و بچہ لاغر و کمزور ہوتے جاتے ہیں۔
درد شکم، مروڑ، اسہال پیلے و سفید بعض وقت پانی کی طرح دست
ہوتے ہیں۔ ہڈیوں میں درد، ہڑکل، بےچینی ہوتی ہے۔ ڈر خوف لگا
رہتا ہے۔ خاموش دیوانوں کی طرح رہنے لگتی ہے۔ تو ایسی صورت

میں آیۃ شریفہ لکھ کر زچہ و بچہ کے گلے میں ڈالے اور ایک تعویذ روز پلاتے رہیں برابر چالیس روز تک وہ آیۃ شریفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ؕ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ؕ

برائے ردِ سحر ۴۸

سحر زدہ مرد ہو یا عورت، بچہ ہو، چھوٹا ہو یا بڑا ہر ایک کیلئے ایک سفید کاغذ پر یہ دو نقش لکھے نقش قصیدہ حضرت امام علی کرم اللہ وجہہ۔ دوسرا قصیدہ بردہ اور دونوں کی پشت پر "اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَارُوْقِیَابِیْل" لکھیں دریا کا پانی یا سات کنوؤں کا پانی لاکر پکائیں ایک تعویذ ڈال کر پکائیں اور سحر زدہ کو نہلائیں۔ سات روز تک۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل و شفائے عاجل حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔

قصیدہ امام علی کرم اللہ وجہہ			قصیدہ بردہ			
۳۰۹۱۷	۳۰۹۲۴	۳۰۹۱۹	۱۴۳۴۲۲	۱۴۳۴۲۹	۱۴۳۴۲۴	خالقاً
۳۰۹۲۲	۳۰۹۲۰	۳۰۹۱۸	۱۴۳۴۲۷	۱۴۳۴۲۵	۱۴۳۴۲۳	مخلوقاً
۳۰۹۲۱	۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۳	۱۴۳۴۲۶	۱۴۳۴۲۱	۱۴۳۴۲۸	سلیقاً
			علیقاً	ملیقاً	طلیقاً	انت بقلم

برائے ردِ سحر ۴۹ دافع عشق

بعض لوگ بہت سے اچھے کھاتے پیتے لوگوں کو دیکھ کر بغرض مالی مفاد حاصل کرنے کے واسطے بہت سی نوجوان لڑکیاں اپنی ہوس اور خواہش نفسانی کو اور مالی مفاد کو پورا کرنے کیلئے سحر کرا دیتے ہیں۔ مردوں کو انکی بیویوں سے جدا کرا دیتے ہیں۔ لڑکیوں کو والدین سے جدا کر دیتے ہیں۔ اس قسم کے لوگوں کے واسطے جو کسی کے دام محبت میں پھنس کر دیوانہ ہو گئے ہوں۔ گھر سے بے خبر ہو گئے ہوں۔ اپنے پرائے بیگانے ہو گئے ہوں۔ تو ایسے ہی لوگوں کے واسطے عزیمت مذکور کو لکھ کر پیالہ یا کاغذ پر صبح کو نہار منہ چٹائیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی عشق و محبت دل سے کافور ہوگا وہ عزیمت یہ ہے۔

اب وال دل اَلْیَوْمَ نَنْسٰکُمْ کَمَا نَسِیْتُمْ لِقَآءَ یَوْمِکُمْ ھٰذَا وَنَسِیَ مَاقَدَّمَتْ یَدٰہُ وَلَقَدْ عَہِدْنَآ اِلٰٓی اٰدَمَ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَہٗ عَزْمًا ؕ

برائے ردِ سحر ۵۰

عشق و محبت فراموش کرانے کے واسطے ہے اس عزیمت کو لکھ کر چٹائیں۔ عزیمت یہ ہے

یکموش، یکموش، اہموش، دیکموش اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ فلاں بن فلانہ کے دل سے فلاں بن فلانہ کی محبت نکالدے۔

برائے ردِ سحر ۵۱

عشق و محبت فراموش کرانے کے واسطے اس عزیمت کو پیالہ میں یا کاغذ پر لکھ کر چٹائیں سات روز تک اور ایک دن میں تین بار چٹائیں وہ عزیمت یہ ہے۔ سفوس، سفوس، سفوات اَللّٰھُمَّ بَرِّدْ فلاں بن فلانہ مِنْ قَلْبِ فلاں بن فلانہ کَمَا بَرَّدْتَ نَارَ النَّمْرُوْدِ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَمَثَلُ

كلمة خبيثة كشجرة خبيثة اجتثت من فوق الارض ما
لها من قرار ولا تمكين كذالك لا يكون لفلانة بنت فلانة
في قلب فلان بن فلانة قرار ولا تمكين فعشو بالخشخص سرو
لمفغمه افسخ عن محبة فلان بن فلانة العجل الوحا الساعة

برائے رد سحر ۵۲ بعض لوگ شہوت نفسانیہ کو معدوم کرنے کیلئے یا بہت مشتعل کرنے کیلئے سحر سفلی کرا دیتے ہیں
اگر کسی کی شہوت نفسانیہ کو مشتعل کرایا گیا ہو اور کسی شخص پر غلبہ شہوت نفسانیہ غالب آجائے تو اسمائے باری تعالیٰ وہ اسماء جن میں "ی" آتا ہو وہ لکھ کر چٹائیں۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ علیؒ علیم عظیم رحیم کریم قدیر حکیم مجیب رشید بصیر عزیز یا باری العجل الوحا الان مرہ

برائے رد سحر ۵۳ مریض عشق کا ایک اور آسان مجرب عمل اس طرح ہے کہ اس عزیمت کو کفن کے ٹکڑے پر لکھیں اور دوشنبہ کے دن لکھیں اور بکری کے سینگ میں رکھ کر منہ پر موم لگا کر پرانی قبر میں دوشنبہ یا شنبہ کے ہی دن گاڑیں وہ عزیمت یہ ہے۔
بعلفلج بعلفلج بطظلم بطظلم سلسلم سلسلم وقیل الیوم ننساکم کما نسیتم لقاء یومکم ھذا کذالک ینسی کذالکذا من کذ ایئس منک یئس الکفار من اصحاب القبور قال رب لم حشرتنی اعمی وقد کنت بصیرا قال اتتک آیاتنا فنسیتہا وکذالک الیوم تنسی کذالک تنسی فلانۃ بنت فلانۃ من قلب

فلان بن فلانۃ العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ

برائے رد سحر ۵۴ اگر کوئی سحر زدہ اس قدر مغلوب ہو چکا ہو کہ سوائے محبوب کے کچھ اور نظر نہ آتا ہو اور جنون و دیوانگی میں حد تک پہونچ گیا ہو کوئی نصیحت کوئی ملامت کوئی ترکیب و تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو اس عزیمت کو مٹی کے کورے پیالے میں لکھیں بروز شنبہ یا شنبہ لکھیں سرکا پیالہ میں کسی بھی صورت سے پلائیں۔ انشاء اللہ بعرصہ چالیس یوم میں مریض عشق کو افاقہ ہو جائیگا وہ عزیمت یہ ہے
سقس سقس سنس سنس اللھم برد محبۃ فلانۃ بنت فلانۃ من قلب فلان بن فلانۃ کما بردت نار النمرود علی سیدنا ابراہیم علیہ السلام و مثل کلمۃ خبیثۃ اِ اجتثت من فوق الارض ما لہا من قرار و لا تمکین فی فلانۃ بنت فلانۃ من قلب فلان بن فلانۃ العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ

برائے رد سحر مربوط کا علاج ۵۵ مربوط جمع ربط کی ہے ربط یعنی قوت رجولیت کے بند ہونے کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) آسیب جوگیان دریان دیگر چڑیلان اثرات سے قوت مردمی مفقود ہو جاتی ہے۔ (۲) دوسرے بنی آدم یعنی عوام الناس میں سے کسی کے جادو سحر سفلی ٹوٹنہ وغیرہ کرانے سے قوت مردمی بند ہو جاتی ہے یعنی وہ مسحور ہمبستری کے لائق نہیں رہتا

(۳) طبعاً واصالتاً پیدائشی نامرد ہوتا ہے۔ اوّل جو جناتی اثرات سے متاثر ہوتے ہیں اس کی علامت یہ ہے کہ عورت کے قریب جاتے ہی منی خارج ہو جاتی ہے یا دخول ہوتے ہی منی خارج ہو جاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ تین انڈے لاوے اور اوّل انڈے پر وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ط دوسرے انڈے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ط تیسرے انڈے پر وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ط لکھیں۔ پہلا انڈا مرد خود کھائے دوسرا پورا عورت کو کھلائے اور تیسرا آدھا آدھا انڈا عورت مرد دونوں کھائیں سات مرتبہ اسی طرح استعمال کریں انشاءاللہ سحر دور ہوگا۔ اور صحت ہوگی۔

ردِ سحر برائے مربوط ۵۶

یعنی جسکی قوت شہوت نفسانیہ کو باندھ دیا گیا ہو اس کیلئے اس عزیمت کو ایک کلہاڑی پر لکھیں اور آگ میں سرخ کر کے پانی میں بجھا کر پانی پلائیں چالیس روز تک انشاءاللہ تعالیٰ صحت کامل ہوگی وہ عزیمت یہ ہے۔

طارق طارق طارق وَيَهْوٗنَ اَسْفَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالْقِيَا وَالْقَائِبَ عَلٰى بَرَكَتِهِ اللّٰهِ وَتَفْلِتَانِ فِي سَيْفِ دَرْقَانَارَ فَصَارَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ الا ح ھ [+] اا اا و ھ ق

ردِ سحر برائے مربوط ۵۷

اگر کوئی شخص اس عارضہ میں مبتلا ہو گیا ہو تو چاہیئے ایک مرغی سیاہ رنگ کی لاوے اور اس کو صاف غذا کھلائیں۔ صبح کو گیہوں کا دانہ اور رات کو جوار کا دانہ کھلانا چاہیئے۔ صبح والے دانہ پر قل اعوذ برب الفلق ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور شام کو دانہ جوار پر قل اعوذ برب الناس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور جب وہ مرغی انڈا دینے لگے تو ایک چھری لیکر اس پر یہ عزیمت لکھے اور اسی چھری سے انڈا کاٹے۔ آدھا خود کھائے آدھا عورت کو کھلائے انزال کی سرعت سے محفوظ رہیگا اور ہمیشہ کیلئے صحت کامل حاصل ہوگی۔

ما	لا	عه	ما	لا	لا	لا	لا
ما	لا	عه	ما	لا	لا	لا	لا
ما	لا	عه	ما	لا	لا	لا	لا

ردِ سحر برائے مربوط ۵۸

اگر کسی شخص کو کسی دشمن یا حاسد وغیرہ نے سحر سفلی کرا دیا ہو اور سرعت انزال میں مبتلا ہو گیا ہو یا منی یا مذی کا ذرا اشارے پر اخراج ہو جاتا ہو یا کسی فوٹو وغیرہ کو دیکھ کر منی یا مذی کا اخراج ہو رہا ہو تو ایسے شخص کیلئے آیت مذکورہ کو لکھ کر تعویذ بنا کر ناف کے نیچے پیڑو پر باندھیں اور ایک عدد تعویذ روز پانی میں دھو کر پلائیں انشاءاللہ منی و مذی کا اخراج اور سرعت انزال کی شکایت دور ہوگی بحکم ربی شفائے کامل حاصل ہوگی۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۝

برائے ردِ سحر ۵۹

مسحور و معقود کیلئے صنوبر کی چھال پر ایک سو ایک مرتبہ قل ہو اللہ شریف پڑھ کر دم کریں

اور اس چھال کو جلا کر اور خالص شہد ملا کر چٹائیں اور شہد پر قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس ۲۱-۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں گیارہ روز تک برابر صبح و شام چٹائیں انشاءاللہ فائدہ حاصل ہوگا۔

برائے ردسحر ۹۰

برائے مسحور و معقود سورۂ واقعہ عربی یا اعدادی چینی کی پلیٹ میں لکھ کر صبح و شام مریض کو پلائیں عرصہ اکیس روز تک استعمال کریں انشاءاللہ منی و مذی کا اخراج بند ہوگا اور سرعت انزال سے چھٹکارا ہوگا۔ مجرب ہے اور آزمودہ ہے۔

برائے ردسحر ۹۱

اگر کوئی مریض کسی صورت سے ٹھیک نہ ہو رہا ہو اور بستہ قوت مردمی کسی صورت نہ کھل رہی ہو تو اس تعویذ کو اس کی دونوں رانوں پر لکھیں اسی دن اسی وقت بستہ پن کھل جائے گا ورنہ سات دن برابر صبح کو لکھتے رہیں وہ تعویذ یہ ہے:

فَ | سکنا | اللہ
لق | | لے

برائے ردسحر ۹۲

مسحور و معقود کیلئے لاوے کھجور ۱۴ عدد اور ہر کھجور پر یہ اسماء لکھیں سات کھجوریں مرد کو کھلائیں اور سات عدد اس کی عورت کو کھلائیں گیارہ دن تک اسی طرح کھلاتے رہیں انشاءاللہ منی و مذی کا اخراج بند ہوگا اور سرعت انزال کی شکایت دور ہوگی اور مرد عورت پر قادر ہوگا۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ "فقج محمت"

برائے ردسحر ۹۳

اگر کوئی شخص سرعت انزال میں یا مذی یا منی کے اخراج میں مبتلا ہو تو چینی کی پلیٹ پر سورۃ القدر پوری لکھ کر روز صبح کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ کثیر ہوگا اخراج منی و مذی بند ہوگا سرعت انزال سے محفوظ رہیگا قوت مردمی میں اضافہ ہوگا

برائے ردسحر ۹۴

مسحور و معقود کے واسطے کمال اکسیر عمل طالبین و شائقین عملیات کو ایک عجیب و نادر عمل بتلا رہا ہوں تاکہ عوام الناس کو فیضیابی حاصل ہووے یہ سینوں کا راز طشت از بام کر رہا ہوں طالبین عملیات کے جذبہ ایثار خدمت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ فیوض و برکات سے اور جمیع حسنات سے نوازے آمین۔ ترکیب اس طرح ہے کہ مسحور کو چاہیئے کہ اتوار کے روز آدھا سیر قلعی صاف لیوے اور نماز فجر کے بعد چارپائی پر بیٹھ کر سات روز تک قلعی کو گلاوے اور گلاتے وقت عزیمت ہذا پڑھتا رہے اور سات دفعہ گلاوے اور ہر دفعہ پانی میں سرد کرتا رہے۔ پہلے روز اتوار کو گلاتے وقت بکری کی چربی کی دھونی دیوے۔ دوسرے روز پیر کو وسط مکان یعنی بیچ میں بیٹھ کر گلاتا جائے عزیمت مذکور پڑھتا رہے اور دریا کے پانی میں سرد کرتا رہے۔ دھونی گوگل کی دیوے۔ دوسرے روز یہ قلعی چھ مرتبہ گلائے و بجھائے۔ تیسرے روز منگل کی صبح پانچ مرتبہ گلائے اور بجھائے خندقوں یعنی سڑکوں کے کنارے گڈھوں میں جو پانی جمع رہتا ہے اس میں بجھائے اور دھونی مصطگی کی دیوے۔ چوتھے روز یعنی بدھ کو بھی بعد نماز فجر صبح کو چار مرتبہ قلعی کو گلائے اور اسی خندق کے پانی میں بجھائے دھونی لوبان کی دیوے۔ پانچویں روز یعنی جمعرات کی صبح کو یہ قلعی تین بار گلائے اور

بجھائے اور حرمل کی دھونی دے۔ چھٹے روز جمعہ کی صبح کو دو دفعہ گلائے
اور بجھائے اور عود کی لکڑی کی دھونی دیوے ساتویں روز یعنی ہفتہ کی صبح
کو قلعی کو ایک مرتبہ گلائے اور عنبر کی دھونی دیوے انشاء اللہ تعالیٰ سحر
دور ہوگا اور شفائے کامل شفائے عاجل حاصل ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے
وہ عزیمت یہ ہے۔۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ
مَا عَمِلَتْہُ الْاَیْدِیْ وَمَا مَشَتْ عَلَیْہِ الْاَرْجُلُ وَمَا تَکَلَّمَتْ
بِہِ الْاَلْسُنُ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا غُلِقَتْ عَلَیْہِ الْاَبْوَابُ وَ
مَا جْتَمَعَ عَلَیْہِ الْاَعْدَاءُ وَالْاَحْبَابُ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ
مَا عُمِلَ فِیْ جَوْفِ الْمَصَابِیْحِ وَمَا عُمِلَ فِیْ سُنُوْنِ الرِّیَاحِ
اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی اللُّفُوْفِ وَمَا دُفِنَ فِی السُّقُوْفِ
اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الطِّیْنِ وَالطَّیْرِ وَالشَّمْعِ وَلَحْمِ
الْخِنْزِیْرِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ
وَمَا دُفِنَ تَحْتَ الْعُتْبَةِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی النُّحَاسِ
وَمَا نُقِشَ فِی الرَّصَاصِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْقَزْدِیْرِ
وَالْقُلُوْبِ وَمَا اُمِرَ فِیْ حُرْقَةِ الْمَطْلُوْبِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ
مَا عُمِلَ فِی الشَّعْرِ وَمَا دُفِنَ فِی الْمَقْبَرِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا
عَمِلَہُ الْیَهُوْدُ وَالْیَهُوْدِیَاتُ وَمَا دُفِنَ فِیْ قُبُوْرِ الْمَنْسِیَاتِ
اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الشَّجَرَةِ وَمَا دُفِنَ فِی الْکُهُوْفِ
وَالْمَطْمُوْرَةِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْاَثْمَارِ وَمَا عُمِلَ
فِی الْآثَارِ وَالْوُدْیَانِ السُّحَّارِ وَالْاَحْجَارِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ

مَا دُفِنَ فِی السَّوَاقِیْ وَمَا دُفِنَ فِی الْاَوَانِیْ بِحَقِّ سَبْعِ الْمَثَانِیْ
وَالَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَہٗ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ
بِالسَّبْعِ اَرَضِیْنَ وَسَبْعِ سَمٰوٰتٍ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ
سِتَّةِ اَیَّامٍ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ خَمْسِ صَلَوَاتٍ اِفْسَخْ
یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ اَرْبَعَةِ کُتُبٍ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ
وَالْفُرْقَانِ الْعَظِیْمِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ بِفَضْلِ الثَّلَاثَةِ اِبْرَاهِیْمَ
وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی اِفْسَخْ بِفَضْلِ ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ
اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ
لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ سِحْرَ
السَّاحِرَاتِ وَمَکْرَ الْمَاکِرَاتِ وَالْجِنِّ وَالْاِنْسِ الْمُتَمَرِّدِیْنَ
اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِیْ دَمِ الْحَوَائِضِ وَمَا دُفِنَ فِی الْمَرَابِضِ
اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْعَنْکَبُوْتِ وَمَا دُفِنَ فِیْ اَرْکَانِ
الْبُیُوْتِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْاَقْدَامِ وَمَا کُتِبَ
بِالْاَقْلَامِ اِفْسَخْ یَا خَفِیْفُ مَا عُمِلَ فِی الْفَخَّارِ وَمَا دُفِنَ فِی
النَّارِ بِحَقِّ الْمَلِکِ الْجَبَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

ردِ سحر برائے معقود

اگر کسی شخص کی منی یا مذی باندھ دی گئی
یا کسی شخص کا پیشاب کا بند ڈال دیا گیا
ہو یا کسی بادی و خونی بواسیر کیلئے سحر سفلی کرا دیا گیا ہو تو ایسی صورت

میں چاہیئے کہ بروز چہارشنبہ (بدھ) کی صبح ۶ بجے سے ۷ بجے کے درمیان ایک کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ میں لکھ کر ۸ عدد نقش تیار کریں اول کو داہنے بازو میں باندھیں۔ دھونی عود کی دینی چاہیئے کاغذ پر یا پلیٹ میں لکھا ہوا نقش روز صبح کو نہار منہ پینا ہے۔ ۷ روز تک انشاء اللہ تعالیٰ سحر سفلی دعطائی دسیفی باطل ہو گا۔ وہ عزیمت یہ ہے
اَبْطِلُوْا اَبْطِلُوْا وَاَخْرِجُوْا اَخْرِجُوْہُ وَخُفُوْہُ وَخُفُوْہُ اَفْتَحُوْا فَتَحُوْا شَرًّا هَيَا بِعِزَّةِ اللّٰہِ بِرُوْلَ بِقُوَّةِ اللّٰہِ بِرُوْلَ کُلَّ بَاْسٍ وَبِقُدْرَةِ اللّٰہِ بَنْحَلَ کُلَّ مَعْقُوْدٍ کے ۱۱ و ۱۱۱ ۶۱۶۱۱ العجل العجل العجل الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ

ردسحر برائے معقود

۹۶ اگر کسی مرد کی قوت نفسانیہ کو باندھ دیا گیا ہو تو اس کے واسطے سہل الحصول مجیر العقول مجرب عمل ہے۔ ترکیب اس طرح ہے کہ اول آیت مذکورہ کو ۳۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں اور نہلائیں۔ دوسری آیت شکر کو مع عزیمت کے لکھ کر ریزہ ریزہ کر دو اور پھر اکٹھا کر کے باندھنا ہے۔ انشاء اللہ سحر سفلی دٹونہ باطل ہو گا اور مریض کو شفائے عاجل صحت کامل ہو گی۔ اول آیت جو پانی پر پڑھی جائیگی وہ یہ ہے۔
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِيْنُ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ۔ دوسری آیت یہ ہے د د د د د خ قل جاء

الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

ردسحر برائے قادر ہونے

۹۷ اگر کوئی شخص بوجہ سحر عورت پر قادر نہ ہوتا ہو اور ملتے ہی اخراج ہو جاتا ہو تو اس کو اسم (القہار) یاد کرائیں تاکہ ہر نماز کے بعد ۳۲۶ مرتبہ پڑھے اور عامل اس اسم کا نقش لکھ کر دیوے ۲۱ روز تک برابر ایک روز صبح پیتا رہے انشاء اللہ عورت پر قادر ہو گا اور جلد انزال نہ ہو گا اسم القہار کا نقش یہ ہے

۸۴	۸۷	۹۰	۷۶
۸۹	۷۷	۸۳	۸۸
۷۸	۹۲	۸۵	۸۲
۸۶	۸۱	۷۹	۹۱

برائے ردسحر

۹۸ اگر کسی شخص پر کسی ظالم دشمن جان نے سحر سفلی یا ٹونہ، ٹوٹکا یا سیفی عمل کرا دیا ہو ایسی صورت میں مذکورہ آیات کو ایک کاغذ پر لکھ کر تیار کریں اور ایک تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں اور ایک تعویذ کو تین بار پئیں یعنی صبح سے شام تک ۲۱ یا چالیس روز تک انشاء اللہ تعالیٰ صحت شفائے عاجل ہو گی مجرب ہے وہ آیات یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ يَا بَنِيْ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ج اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۝ قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۝ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ

تُشْرِكُوْا بِاللّٰہِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِہٖ سُلْطَانًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰہِ
مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۔

برائے ردسحر ۹۹

اگرکسی پرکسی ظالم نے اہم اور سخت قسم کا سحر کرادیا ہو تو چاہیئے کہ آیت مذکورہ دم تبرکرکے ۲۲ عدد نقش تیارکرے۔ اول مریض کے گلے میں باندھے اور باقی ایک نقش روز صبح کو نہار منہ پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں صحت کامل ہو اگر ضرورت ہو تو ان آیات کو ۱۰۱ مرتبہ بیری کے پتوں پر دم کرکے پانی میں پتوں کو پکاکر مریض کو تین دن غسل کرایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ شفائے عاجل ہوگی وہ آیت شریفہ یہ ہے ـــــ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ۝ فَلَمَّاۤ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

ردسحر برائے ظاہر کرنے پوشیدہ سحر ۱۰۰

اگرکسی شخص کو اپنے مکان یا دکان میں شبہ ہو کہ کسی جگہ سحر کرکے دفن کیا گیا ہے تو اس شخص کو چاہیئے کہ سورہ الشعراء کا نقش سفید کاغذ پر لکھے اور سفید مرغ کے گلے میں باندھے اور مرغ کو چھوڑدے مرغ جس جگہ پر جاکر بیٹھے اسی جگہ دفن کیا ہوا سحر ہوگا اس کو کھود کر

۷۸۶

۵۰۳۲۷	۵۰۳۴۱	۵۰۳۳۷	۵۰۳۳۴
۵۰۳۳۸	۵۰۳۳۳	۵۰۳۲۸	۵۰۳۴۰
۵۰۳۳۲	۵۰۳۳۵	۵۰۳۴۳	۵۰۳۲۹
۵۰۳۴۲	۵۰۳۳۰	۵۰۳۳۱	۵۰۳۳۶

نکالا جاسکتا ہے مجرب و آزمودہ ہے۔

ردسحر برائے دور کرنے سحر ہنود و سفلی وغیرہ ۱۰۱

اگرکسی شخص کو کسی ہندو یا یہودی یا نصرانی نے کسی افسوں یا منتر وغیرہ سے جادو کرادیا ہو تو اس عزیمت کے سات عدد نقش تیار کرے اول مسحور کے گلے میں باندھے۔ دوسرا پانی میں پکاکر رکھے سات روز تک دوسرے پانی میں ملاکر غسل کرے اور باقی نقش پینے کے واسطے کام میں لاوے ایک تعویذ کا پانی ۲ دن تک پیئے ۴ تعویذ آٹھ دن میں پلائیں۔ پانچواں تعویذ اس کا پانی تین دن تک پلائیں انشاء اللہ مسحور صحت کامل پائیگا اور ساحر پر پلٹ کر اثر انداز ہوگا مجرب ہے وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ حَبِيْسٌ حَابِسٌ وَشَجَرٌ يَابِسٌ وَشِهَابٌ قَابِسٌ رَدَدْتُ عَيْنَ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝

برائے ردسحر ۱۰۲

اگرکسی شخص پر کسی دشمن نے سحر ہنود کرادیا ہو تو اس شخص کے واسطے ایک تعویذ عزیمت ہذا کا لکھ کر گلے میں باندھے اور سات عدد نقش لکھ کر تیار کرکے ایک نقش روز پلائے اسی میں سے تھوڑا پانی نکال کر گرم پانی میں نہلائے انشاء اللہ تعالیٰ عرصہ سات روز میں شفائے کامل حاصل ہوگی عزیمت یہ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ لخلق السموٰت والارض اکبر من خلق الناس ولکن اکثر الناس لا یعلمون ۔ فارجع البصر هل تری من فطور ۔ ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا وهو حسیر ۔ وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارهم لما سمعوا الذکر ویقولون انه لمجنون ۔ وما هو الا ذکر للعالمین ۔

برائے رد سحر ہر قسم کے سحر جادو کے دفعیہ کے واسطے سحرزدہ کے واسطے اس آیت شریفہ کو لکھ کر گلے میں باندھے اور چالیس عدد تعویذ لکھ کر دیوے ایک روز پلائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل شفائے عاجل ہوگی۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے
بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ انا جعلنا فی اعناقهم اغلالا فهی الی الاذقان فهم مقمحون ۔ وجعلنا من بین ایدیهم سدا ومن خلفهم سدا فاغشینهم فهم لا یبصرون ۔

برائے رد سحر مدفون (سحر مدفون کے لئے) اگر کسی شخص کو شک وشبہ ہو کر مکان میں یا دکان میں یا کسی جگہ سحر کر کے گاڑا گیا ہے تو اس شخص کو چاہیے کہ بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رو یک سو مشغول جستجو ہو کر بیٹھے تنہائی ضروری ہے

پاک بستر پر بیٹھ کر پڑھیں۔ سورۂ حجرات پوری بتعداد ۱۰۱ مرتبہ اول وآخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھ کر داہنی کروٹ کے بل لیٹ جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں یا ۳، ۷ روز میں سحر کی مدفونہ جگہ معلوم ہو جائیگی۔ کھود کر نکال دیا جائے۔

باب سحر ختم ہوا

وما توفیقی ---- الا باللہ

بَابُ اَسمَاءُ الحُسنیٰ کے

فوائد و خواص و طریقہ زکوۃ بمع نقوشات

(۱) یَااَللّٰہُ:۔ معنی، خدا۔ عنصر، آتشی۔ خاصیت، جلالی۔ اعداد ۶۶۔ مؤکل، اسرافیل۔ ہے۔ یہ نام اسم ذات ہے اور تمام صفات الٰہیہ کا جامع ہے۔ اول اسم کی زکوٰۃ اگر کوئی عامل نکالنا چاہے تو عروج ماہ میں پنجشنبہ کے روز سے شروع کرے بعد نماز عشاء ایک متعین وقت پر چالیس دن تک پڑھے تعداد روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے۔ چالیسویں روز شیرینی لاوے اور ایصال ثواب بر روح حضور پر نور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کر کے شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اگر کوئی شخص صاحب یقین ہونے کیلئے اکیس روز تک ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے۔ انشاء اللہ صاحب یقین ہوگا۔

اگر کوئی شخص کسی بھی سخت اہم امر کیلئے چار سو مرتبہ روز چالیس روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی مراد کو پاوے۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ رزق میں ترقی و وسعت ہووے تو پانچ سو مرتبہ روز پڑھے اللہ کے فضل و کرم سے رزق میں ترقی و افزونی ہووے۔

اگر کوئی شخص نماز فجر کے بعد پانچ سو مرتبہ روز پڑھے تو اللہ تعالیٰ کا رحم و کرم از حد پاوے۔

اگر کوئی شخص ایک ہزار مرتبہ پڑھے مستجاب الدعوات ہووے۔

اگر کوئی شخص ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے بعد نماز عشاء اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں بہا دے تو صاحب کشف اور صاحب باطن ہووے انشاء اللہ جو بھی مراد ہوگی وہ بر آئے گی ایک خاص عمل اس طریقہ سے ہے جو کہ سہل الحصول ہے۔ کیونکہ آج کے زمانہ میں با مؤکل اور پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ پڑھنا از حد مشکل کام ہے اس لئے آسان طریقہ لکھتا ہوں۔

عروج ماہ میں چہارشنبہ کے روز شروع کرے بعد نماز عشاء اول تین یوم چار ہزار مرتبہ پڑھے "یَا اَللّٰہُ اَجِبْ یَا اِسْرَافِیْلُ" بعد تین یوم کے شیرینی لاوے اور دودھ چاول کی کھیر بناوے اور ۹ شخص نمازیوں کو پیٹ بھر کے کھلائے اور ایصال ثواب بر روح حضور کائنات محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور پنجتن کرے اور شیرینی تقسیم کرے بعدہٗ ہمیشہ بعد نماز فجر چار سو مرتبہ ورد میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مؤکل تسخیر ہوگا اور غائبانہ پورا تعاون کرتا رہیگا اور جو بھی خواہش ہوگی یا ضرورت ہوگی اسم ہذا کا مؤکل غائبانہ امداد کرتا رہیگا۔ اس اسم کا عامل اگر اسم ذات کا نقش ذوالکتابت لکھ کر کسی بھی حاجت مند کو دے گا۔ انشاء اللہ وہ شخص اپنی مراد کو

نقش	۷۸۶		ذوالکتابت
ا	ل	ل	ہ
۳۱	۴	۲	۲۹
۳	۲۸	۳۲	۳
۳۱	۴	۲	۲۹

پاویگا اور مقصود کو پائیگا۔ اہل ہنود کو نقش ذوالکتابت برائے احترام نہ دیں بلکہ اعدادی نقش دیں انشاءاللہ وہ بھی اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ عامل بھی گوہر مقصود کو پائیگا۔ مجرب و آزمودہ ہے

نقش	۷۸۶		اعدادی
۹	۲۲	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	۲۴	۱۱
۲۳	۱۲	۱۳	۱۸

(۲) یَا رَحْمٰنُ۔ معنی مہر والا

مہربان۔ عنصر خاکی، خاصیت جمالی اعداد ۲۹۸ موکل الواکیل ؑ

طریقہ زکوٰۃ:۔ اگر کوئی عمل یا زکوٰۃ ادا کرنے کا ارادہ کرے تو چاہیئے کر عروج ماہ میں شروع کرے اور بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ پڑھے چالیسویں شیرینی لاوے اور ایصال ثواب بروح پاک سرور کائنات محمد صلی اللہ علیہ وسلم کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

جو لوگ دینی اور دنیوی امور میں سستی و کاہلی کرتے ہیں ان کے واسطے ایک سو ایک مرتبہ شکر پر پڑھ کر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ سستی و کاہلی دور ہوگی ــــ ہر نماز کے بعد ۱۰۱ مرتبہ پڑھنے والا کاہلی و غفلت سے پاک ہووے ــــ جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں ان کو بھی پانی یا شکر پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ پڑھنے میں دل لگے گا اور سستی و کاہلی دور ہوگی اور ذہین ہو جائے ــــ اگر

کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۲۹۸ مرتبہ ورد میں رکھے تو اس پر رحمت خدا کی ہووے اور دل منور ہو جائے ــــ اگر کسی شخص کو مرگی کا عارضہ ہووے تو ایک سانس میں چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً ہوش میں آجاوے ــــ اگر کوئی شخص دو ہزار مرتبہ روز بعد نماز عشاء پڑھے تو تمام اسرار کا مشاہدہ کرے ــــ اگر کوئی شخص

۷۸۶

ک	ح	م	ن
۴۲	۴۹	۲۰۱	۷
۴۸	۳۹	۱۰	۲۰۲
۹	۲۰۳	۴۷	۴۰

۷۸۶

۶۷	۸۰	۷۷	۷۴
۷۸	۷۳	۶۸	۷۹
۷۲	۷۵	۸۲	۶۹
۸۱	۷۰	۷۱	۷۶

نقش ذوالکتابت مرگی والے یا ہسٹریا والے یا آسیبی دورے والے یا سحر کی وجہ سے دورہ پڑنے والے کے گلے میں باندھے اور چند نقوش پینے کیلئے دیوے اعدادی نقش تمام جسم پر مل کر آگ میں جلائیں انشاءاللہ تعالیٰ صحت کامل اور شفائے عاجل ہوگی۔ مجرب و آزمودہ ہے

(۳) یَا رَحِیْمُ معنی رحم والا۔ عنصر خاکی۔ خاصیت جمالی۔

اعداد ۲۵۸۔ موکل امواکیل ہے۔

طریقہ زکوٰۃ:۔ عروج ماہ میں بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے اول و آخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ چالیسویں روز شیرینی لاوے اور ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی ــــ اگر کوئی شخص اس اسم کی ۲۵۸ مرتبہ روز مداومت کرے تو اس شخص کا انجام بخیر ہوگا۔ اور ایمان پر خاتمہ ہوگا سکرات اور قبر

و پل صراط کی منزلیں آسان ہوں گی ـــ اگر کوئی شخص پانچسو مرتبہ روز

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم پڑھے تو دینی و دنیاوی تمام حاجات برآویں۔ اور دولت مند ہووے اور خلق میں مہربان ہووے اور ہر دلعزیز ہووے ـ اگر کسی کو وسعت رزق، ترقی خیر و برکت کے واسطے دیوے تو فائدہ کثیر پاوے اور حکام و افسران کی تسخیر کیواسطے دیوے تو حکام و افسران مطیع و مسخر مہربان

۷۸۶

ر	ح	ی	م
۱۱	۳۹	۲۰۱	۷
۳۸	۸	۱۰	۲۰۲
۹	۲۰۳	۳۷	۹

۷۸۶

۵۷	۷۰	۶۷	۶۴
۶۸	۶۳	۵۸	۶۹
۶۲	۶۵	۷۲	۵۹
۷۱	۶۰	۶۱	۶۶

ہوں مسلمانوں کو ذوالکتابت اور اہل ہنود کو اعدادی نقش دیوے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہووے۔

(۴) یا قدوس۔ معنی پاکی والا۔ عنصر آبی۔ خاصیت جمالی۔ اعداد ۱۷۰۔ مؤکل ظاہری فائیل۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے بروز پنجشنبہ بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھے ۱۱-۱۱ بار چالیسویں دن شیرینی لاوے اور ایصال ثواب کرے۔ شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی ـــ اگر اس اسم کو بوقت زوال ۱۷۰ مرتبہ مرتبہ پڑھے چند روز میں دل معصیت اور ممنوع اشیاء سے پاک و صاف ہووے ـــ اگر یا قدوس، یا سبوح بعد نماز جمعہ ۱۷۰ مرتبہ روٹی پر لکھ کر کھاوے چند جمعہ ایسا کرنے سے روحانیت بکثرت جسم

میں پیدا ہو اور ملکوتی صفات پیدا ہو جائیں ـــ اگر دشمنوں کا بھاری دباؤ ہو اور بھاگنے کے سوا کوئی چارہ نہ ہو تو لاتعداد ورد کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں کے اور خود کے درمیان حصار قائم ہو جاوے اور دشمنوں کی نظر سے پوشیدہ ہو جاوے ـــ اگر کوئی شخص سبوح قدوس ۲۲ سو مرتبہ روزانہ پڑھے تو کبھی کسی کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ اور اگر کوئی اتنی ہی تعداد چالیس روز تک پڑھتا رہے اور ممنوعات شرع کی پابندی کے ساتھ پڑھے۔ بعد ۱۷۰ مرتبہ روز پڑھتا رہے تو انشاءاللہ تعالیٰ خود کیمیا بن جائے اس کا عامل اگر کسی ضرورت مند کو، یا حاجت والے کو، تنگدستی و مبتلائے خوف و ہراس والے کو نقش ذوالکتابت یا نقش اعدادی لکھ کر دیوے تو بھی انشاءاللہ کامیابی ملے اور جس مقصد کیلئے نقش دیا ہے اس میں کامیابی ملے تجربہ ہے۔

۷۸۶

ق	د	و	س
۷	۵۹	۱۰۱	۳
۵۸	۴	۶	۱۰۲
۵	۱۰۳	۵۷	۵

۷۸۶

۳۵	۴۸	۴۵	۴۲
۴۶	۴۱	۳۶	۴۷
۴۰	۴۳	۵۰	۳۷
۴۹	۳۸	۳۹	۴۴

(۵) یا سلام۔ معنی سلامتی والا۔ عنصر آبی۔ خاصیت جمالی۔ تعداد ۱۳۱۔ مؤکل عمرائیل۔

طریقہ زکوٰۃ:- عروج ماہ میں شروع کرے بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھے چالیسویں

روز شیرینی لادے اور ایصال ثواب کرے ۔ اور شیرینی تقسیم کرے انشاءاللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہو گی ــــ اس اسم کی زکوٰۃ ادا کرنے والا... افعالِ رزیلہ اور کردار قبیحہ سے محفوظ ہو جاتا ہے ــــ بعد نماز فجر کے ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے علم میں اور جودت یعنی ذہن میں تیزی اور قوت حافظہ میں زیادتی ہوتی ہے۔ اور اس اسم کا ذاکر بوجہ علم و سخا مشہور خاص و عام ہو جاتا ہے اور شہر بہ شہر قریہ بہ قریہ عوام و خواص تعریف کرنے لگتے ہیں ــــ ذہن کی کشائش کے واسطے ۔ بلندئ اقبال کیلئے ــــ تسخیر و دوستی کیواسطے ــــ حصول علم کیلئے ــــ امتحان میں کامیابی کیلئے اس اسم کا نقش ذوالکتابت یا نقش اعدادی اہل ضرورت کو عامل لکھ کر دیوے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت مند کی حاجت پوری ہو گی ۔ تجربہ ہے!!

۷۸۶

س	ل	ا	م
۲	۳۹	۶۱	۲۹
۳۸	۰	۳۲	۶۲
۳۱	۶۳	۳۷	۰

۷۸۶

۲۵	۳۹	۳۵	۳۲
۳۶	۳۱	۲۶	۳۸
۳۰	۳۳	۴۱	۲۷
۴۰	۲۸	۲۹	۳۴

(۶) یَا مُؤْمِنُ :- معنی یقین والا ۔ عنصر آتشی ۔ خاصیت جلالی اعداد ۱۳۶ ۔ مؤکل ردیائیل ۔

طریقہ زکوٰۃ :- عروج ماہ میں شروع کرے بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے ۔ چالیسویں روز ایصال کرے اور شیرینی تقسیم کرے بعدہٗ ایک سو چھتیس ۱۳۶ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو قلب میں ایمان کی

لہریں موجزن ہو جائیں ــــ شیخ بوتی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ۱۱۳۲ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو عوام الناس کی بدگوئی اور امراضِ خبیثہ سے محفوظ رکھے ــــ جو شخص شہوت نفس اور غصہ و غضب سے خالی ہو کر خلوت میں بخلوص نیت زبان و قلب سے ذکر میں مشغول ہو کر محو ہو جائے اور اسی طرح چالیس روز برابر پڑھتا رہے اکتالیسویں روز سامنے دیوار پر ایک نور ظاہر ہو گا جس کا اظہار زبان سے ناممکن ہے ذاکر کا قلب انوار معرفت سے منور ہو جائے گا ۔ اور ذاکر خود اپنے کو بحر انوار میں دیکھے گا ۔ اور ذاکر میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو اسے دیکھے گا گناہ سے توبہ کریگا اور باایمان ہو جائے گا ۔ قلب کی نورانیت کیلئے ۔ تزکیہ نفس کیلئے حصول علم کیلئے ۔ جاہ و مراتب کیلئے وسعت روزگار کیلئے ۔ اگر کسی کی نوکری چھٹ گئی ہو ۔ اس کو دوبارہ حاصل کرنے کیلئے نقش ذوالکتابت یا اعدادی دیوے انشاءاللہ تعالیٰ مقصد برآری ہو گی ۔

۷۸۶

م	و	م	ن
۴۱	۴۹	۴۱	۵
۴۸	۳۸	۸	۴۲
۷	۴۳	۴۷	۳۹

۷۸۶

۲۶	۴۰	۳۷	۳۳
۳۸	۳۲	۲۷	۳۹
۳۱	۳۵	۴۲	۲۸
۴۱	۲۹	۳۰	۳۶

(۷) یَا مُهَیْمِنُ :- معنی نگہبانی کرنیوالا ۔ عنصر آتشی ۔ خاصیت جلالی ۔ اعداد ۱۴۵ ۔ مؤکل ردیائیل ۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے اور بعد نماز عشاء ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱ ۔ ۱۱ مرتبہ پڑھے

چالیسویں روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ زکوٰۃ ادا ہوگی ۔۔ اس اسم کا عامل ۱۴۵ مرتبہ روز ورد جاری
رکھے تو لوگوں کے دلوں میں ہیبت و عظمت ہوجاتی ہے۔ دشمنوں کے
قلب کو مسخر کرنے کی اور رعب وجاہت سے مسخر کرنے کی خاص تاثیر
ہے۔ اس اسم کے عامل کی طرف سے سخت سے سخت دل بھی موم ہوجاتے
ہیں اور ناقابل برداشت بوجھ اٹھانے
کی دل میں قوت برداشت ہوجاتی ہے
اس اسم کے عامل سے کسی بھی قسم کا کسی بھی
اپنے پرائے کو کوئی گزند و نقصان
نہ پہونچیگا۔ اور بد سے بدتر دشمن بھی
عامل کو نقصان نہ پہونچا سکے ۔۔
اگر کوئی شخص ۱۸۴۹۶ مرتبہ چالیس
روز تک پڑھے تو ایسی محیر العقول تسخیر

۷۸۶

م	ہ	ی	من
۱۱	۸۹	۴۱	۴
۸۸	۸	۷	۴۲
۶	۴۳	۸۷	۹

۷۸۶

۲۸	۴۲	۳۹	۳۶
۴۰	۳۵	۲۹	۴۱
۳۴	۳۷	۴۴	۳۰
۴۳	۳۱	۳۳	۳۸

ہوگی کہ عامل خود بھی حیران ہوجائیگا۔ اگر عامل اس اسم کا نقش ذوالکتابت
یا نقش اعدادی کسی شخص کو دیوے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت کامل
ہوگی اور اہل تسخیر کو کامیابی حاصل ہوگی۔ تجربہ و آزمودہ ہے۔

(۸) **یا جبّارُ** :۔ معنی ٹوٹے کو جوڑنے والا۔ عنصر آبی۔ خاصیت جلالی
اعداد ۲۰۶۔ مؤکل کلکائیل ہے۔

طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں شروع کرے بعد نماز عشاء ۳۱۲۵
مرتبہ روز پڑھے اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھے چالیسویں

روز ایصال ثواب کرے اور شیرینی تقسیم کرے انشاء اللہ تعالیٰ زکوٰۃ ادا
ہوگی ۔۔ یہ اسم جلالی ہے اور مقہوری اعداء کیلئے زود اثر ہے ۔۔
اگر کسی عامل یا اور کسی شخص کے نام سے علم جفر کی رو سے اسم اعظم نکالا
جائے اور اس میں یہ اسم یا جبّارُ آئے تو وہ شخص با ہیبت و رعب والا ہو
عظمت و عزت پانے والا ہووے ۔۔ مگر کسی دشمن کیلئے اگر اس اسم کو
پڑھے تو یہ خیال ضرور رکھے کہ مومن یا مسلمان کیلئے بنیت بربادی ،
ہلاکت ، تباہی و بربادی کیلئے نہ پڑھے کیونکہ کسی مومن یا مسلمان کو تباہ
و برباد کرنا جائز نہیں چاہے اس کی طرف سے کتنی ہی سخت اذیتیں
پہونچ رہی ہوں بلکہ برداشت کرے اور خدائے واحد کے سپرد کرے۔ اگر
پڑھنا ہی مقصود ہو تو اس نیت سے پڑھے کہ دشمن اپنی دشمنی سے باز
آجائے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم کو چالیس روز تک پڑھے
روزانہ دس ہزار مرتبہ انشاء اللہ دشمن دشمنی سے باز آئیگا اور
معذرت چاہیگا۔ اور پرہیز جلالی کے ساتھ پڑھے پابندی شرائط کا پورا
خیال رکھے۔ نفس میں پاکیزگی اور طبیعت میں انکساری رکھے اور نیک
نیتی رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقاصد میں کامیابی ہووے اور دشمنوں پر
غلبہ رہے عظیم القدر ہووے اور جلیل المرتبت ہووے اگر کوئی مرید
یا اہل ریاضت پڑھے تو نفس مغلوب ہووے۔ اور شہوت سے محفوظ رہے
مرشدی و مولائی حضرت شیخ عبد القادر رائپوری نور اللہ مرقدہ بعد نماز
عصر سو مرتبہ پڑھنے کی ہدایت فرمایا کرتے تھے۔ تزکیہ نفس تصفیہ قلب

اور دشمنوں کی نظر بد و حسد سے محفوظ رہنے کیلئے ــــ اس اسم کا عامل اگر کسی پریشان حال مغلوب الحال اور دشمن کے ستائے ہوئے کو نقش ذوالکتابت یا اعدادی شر اعداء سے بچنے کیلئے یا دشمن کو دشمنی سے باز رکھنے کیلئے لکھ کر مع نام چہار کس لکھ کر دیوے ایک داہنے بازو میں باندھے دوسرا دو قبروں کے درمیان گاڑے انشاءاللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے!!

۷۸۶

ج	ب	ا	ر
۲	۱۹۹	۴	۱
۱۹۸	۰	۴	۵
۳	۶	۱۹۷	۰

فلاں بن فلاں بطرف فلاں بن فلاں دشمنی سے باز آوے

۷۸۶

۴۴	۵۷	۵۴	۵۱
۵۵	۵۰	۴۵	۵۶
۴۹	۵۲	۵۹	۴۶
۵۸	۴۷	۴۸	۵۳

⑨ یَا مُعِزُّ :- معنی عزت دینے والا۔ عنصر آتشی۔ خاصیت جلالی۔ اعداد ۱۱۷۔ مؤکل رویائیل ــــ

طریقہ زکوٰۃ سابقہ اسم کے مطابق ادا کرے۔ یہ اسم اذکار متوکلین میں سے ہے اور خاندان قادریہ کا معمول رہا ہے۔ قادریہ سلسلہ میں بعد نماز فجر یَا مُعِزُّ یَا اللہُ سو بار کی تلقین فرماتے ہیں ــــ اس اسم کو کسی دوسرے اسم کے ساتھ ملا کر پڑھنے سے فوائد کبریٰ میں کوئی کمی نہیں ہوتی ہے بلکہ زود اثر اور قوی التاثیر ہوتا ہے ــــ اگر کوئی عامل اس اسم کو اس طرح پڑھے کہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۲۱۱ مرتبہ ورد کرے "یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ تَعَزَّزْتَ بِعِزَّتِکَ یَا مُعِزُّ" تو دشمنوں پر غلبہ قوی ہو اور حکام و سلاطین مسخر و مغلوب ہوں اور

اشرار و خرافات عالم سے محفوظ و مامون رہے۔ خواص و عوام میں حکام و رعایا میں تسخیر از حد درجہ کمال پاوے اور اپنے گرد ہجوم دیکھے ــــ اگر کوئی عامل کسی حاجت مند کو معزول برخاست یا معطل شدہ یا تنگدستی میں مبتلا یا جو شخص بیروزگاری کا شکار ہو اسکو اس اسم کا نقش ذوالکتابت یا اعدادی دیوے تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ شخص اپنی مراد کو پاوے۔ مجرب ہے!!

۷۸۶

یا	م	ع	ز
۷۱	۶	۱۲	۳۹
۵	۶۸	۴۲	۱۳
۴۱	۱۴	۴	۶۹

۷۸۶

۲۱	۳۵	۳۲	۲۹
۳۳	۲۸	۲۲	۳۴
۲۷	۳۰	۳۷	۲۳
۳۶	۲۴	۲۶	۳۱

⑩ یَا عَزِیْزُ :- معنی غالب عنصر خاکی۔ خاصیت جمالی اعداد ۹۴۔ موکل نومائیل ہے ــــ طریقہ زکوٰۃ سابقہ اسم کی طرح ہے۔ بزرگانِ دین عاملینِ کاملین و ذاکرین متوکلین نے اس اسم کی از حد تعریف لکھی ہے اس لئے ہر عامل کو اس اسم کے ذکر کی مداومت کرنا ضروری ہے۔ اگر کوئی عامل بعد نماز عشاء دس ہزار مرتبہ اس اسم کو پڑھے گا اور اس اسم کے اول و آخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ مندرجہ ذیل درود شریف پڑھے گا، صَلَّی اللہُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ وَسَلَّمَ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللہِ، تو تسخیرات کا از حد مشاہدہ کرے گا۔ حکام بالا افسران اعلیٰ خواص و عوام جن و انس، زن و مرداں، حیوش و طیور، ظالم و جابر و غیور کو مسخر مطیع و تابعدار فرماں بردار پائیگا۔ قبلہ مرشدی حضرت

شیخ عبدالقادر صاحب رائپوری رح مخصوص مریدوں کو ۱۱۰۰ سو مرتبہ پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے اور ختم خواجگان رحیمی کی ہدایت فرمایا کرتے تھے

اگر کوئی عامل کسی مظلوم شخص یا ستائے ہوئے انسان کو یا مغموم و پریشان کو یا بیروزگار کو اس اسم کا نقش ۔۔۔ ذوالکتابت یا نقش اعدادی دیوے تو انشاء اللہ تعالیٰ اہل غرض کی جملہ پریشانیاں دور ہوں گی۔ اور کامیاب و کامران ہوگا۔

۷۸۶

ع	سن	ی	ن
۱۱	۶	۷۱	۶
۵	۸	۹	۷۲
۸	۷۳	۴	۹

۷۸۶

۱۶	۳۰	۲۶	۲۳
۲۸	۲۲	۱۷	۲۹
۲۱	۲۴	۳۲	۱۸
۳۱	۱۹	۲۰	۲۵

(۱۱) یَا مُتَکَبِّرُ :۔ معنی بڑائی والا۔ عنصر آتشی۔ خاصیت جلالی

اعداد ۶۶۲۔ مؤکل کاخائیل ہے۔ زکوٰۃ طریقۂ سابقہ سے ادا کرے بعدہٗ روزانہ ۶۶۲ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھتا رہے ۔ یہ ذکر صالحین و عابدین کا ہے۔ اس اسم کا عامل نظرِ عوام و خواص میں مقبول ہوتا ہے اور ہر امور میں شائستگی و باقاعدگی پیدا ہوتی ہے۔ عظمت و حرمت حاصل ہوتی ہے اور دشمن و سرکش لوگ سرنگوں ہو جاتے ہیں اسی طرح اگر عامل کسی حاجت مند کو ضرورت مند کو دیگا (نقش ذوالکتابت یا نقش اعدادی) تو انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص کو بھی فائدہ کثیر

۷۸۶

م	تے	ک	بر
۲۱	۲۰۱	۴۱	۳۹۹
۲۰۰	۱۸	۴۰۲	۴۲
۴۰۱	۴۳	۱۹۹	۱۹

۷۸۶

۱۵۸	۱۷۱	۱۶۸	۱۶۵
۱۶۹	۱۶۴	۱۵۹	۱۷۰
۱۶۳	۱۶۶	۱۷۳	۱۶۰
۱۷۲	۱۶۱	۱۶۲	۱۶۷

ہوگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

(۱۲) یَا اَکْبَرُ :۔ معنی بڑا۔ عنصر آتشی۔ خاصیت جلالی۔

اعداد ۲۲۳۔ مؤکل بفقائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ حسب سابق ہے اس اسم کو بعد نماز عشاء ۲۲۳ مرتبہ پڑھے ۔ اس اسم کو پڑھنے والا بلند وقار ہوگا۔ اور عظیم المرتبت ہوگا عوام الناس میں عزت افزائی ہوگی ۔ اگر کوئی روزانہ ۲۰۲۳ مرتبہ پڑھے گا تو فوائد کبریٰ حاصل کرے گا۔ اور ہر سرکش سے سرکش دشمن بھی مسخر ہوگا و مہربان ہوگا۔ عوام و خواص تابعدار ہوں گے ۔ دشمنوں کے، حاسدوں کے، ظالموں کے شر و فر سے بچنے کیلئے بلندی اقبال کے واسطے نقش ذوالکتابت یا نقش اعدادی کام میں لاکر فوائد عظیم حاصل کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ا	ک	پ	س
۳	۱۹۹	۲	۱۹
۱۹۸	۰	۲۲	۳
۲۱	۴	۱۹۷	۱

۷۸۶

۴۸	۶۱	۵۸	۵۵
۵۹	۵۴	۴۹	۶۰
۵۳	۵۶	۶۳	۵۰
۶۲	۵۱	۵۲	۵۷

(۱۳) یَا کَبِیْرُ :۔ معنی بڑائی والا۔ عنصر آبی۔ خاصیت جمالی۔

اعداد ۲۳۲۔ مؤکل اصقائیل۔ ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ اسم یا کبیر کا ذکر، اذکار جلیلہ میں سے ہے۔ بعد نماز عشاء ۲۳۲ مرتبہ پڑھنا باعثِ بلندیٔ اقبال ہے، عظمت و عزت ملتی ہے مقبولِ خاص و عام ہوتا ہے ۔ اگر کوئی بعد نماز فجر جنگل میں جاکر ایسی جگہ بیٹھ کر جہاں کوئی آدمی نہ دیکھ سکے صاف اور پاک جگہ ہو، قبلہ رو بیٹھ کر "پڑھے ۱۹۳۱

مرتبہ اول و آخر درود شریف ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ پڑھے اکیس روز تک۔ انشاء
اللہ تعالیٰ کشف مراقبہ میں کمال عجیب پیدا ہوگا اور پوشیدہ رازوں سے
حجاب اٹھ جائے گا۔ اور مقبولِ خاص و عام ہوگا۔ اگر کوئی عامل اس اسم کا
نقش ذوالکتابت و نقش اعدادی کسی ضرورت مند کو دیگا تو وہ بھی اپنے
مقصود کو پائے گا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۶۰	۶۴	۵۰
۶۳	۵۱	۵۶	۶۱
۵۲	۶۶	۵۸	۵۵
۵۹	۵۴	۵۳	۶۵

۷۸۶

ر	ی	ب	ک
۱	۲۱	۱۹۹	۱۱
۲۲	۴	۸	۱۹۸
۹	۱۹۷	۲۳	۳

(۱۴) یَا قَهَّارُ :۔ معنی غصہ ہونے والا۔ عنصر آبی۔ خاصیت جمالی
اعداد ۳۰۶ ۔ موکل ھسرائیل۔ ہے۔ طریقہ زکوٰۃ حسب سابق ہی ہے۔
اس اسم کا ورد کرنے والا باہیبت، بارعب ہوتا ہے ہر کوئی مسخر ہوکر،
مغلوب ہوکر احترام کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء ۳۰۶ مرتبہ
پڑھیگا وقار بلند ہوگا۔ چہرہ بارعب ہوگا ــــ اگر کوئی شخص بوقت
زوال ۹۱۳ مرتبہ پڑھیگا ۹ روز تک بنیت مغلوبیٔ دشمن و مقہوریٔ اعداء
تو ظالم و جابر دشمن قدموں میں آگریگا اور معذرت چاہیگا ــــ اگر کوئی
شخص عامل کے پاس آئے کسی ظالم کا ستایا ہوا، کسی جابر کا مارا ہوا
کسی حاکم سے خوف کھایا ہوا یا نوکری کے چھوٹ جانے کا خوف لئے ہوئے
تو اس اسم کا عامل نقش ذوالکتابت و نقش اعدادی دیوے
داہنے بازو پر باندھنے کیلئے دوسرا درخت میں لٹکانا ہے اور تیسرا
کیکر کے درخت کی جڑ میں گاڑنا ہے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی ملے۔

۷۸۶

۷۶	۷۹	۸۲	۶۹
۸۱	۷۰	۷۵	۸۰
۷۱	۸۴	۷۷	۷۴
۷۸	۷۳	۷۲	۸۳

۷۸۶

ر	ا	ہ	ق
۴	۱۰۱	۱۹۹	۲
۱۰۲	۷	۰	۱۹۸
۰	۱۹۷	۱۰۳	۶

(۱۵) یَا خَالِقُ :۔ معنی پیدا کرنے والا۔ عنصر آبی۔ خاصیت جمالی
اعداد ۷۳۱ موکل صنخائیل۔ ہے طریقہ زکوٰۃ حسب سابق ہی ہے
ــ اگر کوئی شخص لکھنے پڑھنے کا کام کرتا ہو یا بوقت نماز کوئی پڑوسی
شور و غل سے یا ریڈیو، ٹی، وی وغیرہ سے خلل ڈالتا ہو یا کسی کے کسی سلطان
و امیر و حاکم سے تعلقات ہوں اور فسادی درمیان میں تعلقات خراب
کراتا ہو تو ایسے لوگوں کیلئے اسم "یا خالق، یا باری، یا مصور" بعد نماز
عشاء ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے شر سے فسادیوں
کے ضرر سے، حاسدوں کے حسد سے محفوظ و مامون رہے گا اور عوام الناس
اور حکام کی نظروں میں مقبول و باحشمت ہوگا ــ اگر کوئی اولاد کا
خواہش مند دس ہزار مرتبہ روز پڑھے۔ دودھیا چھوہارے پر دم کرکے
دونوں عورت، مرد کھائیں اور پچھلی رات کو مباشرت کریں تو انشاء اللہ
تعالیٰ اولاد کی نعمت سے مالا مال ہوگا۔ اسی طرح سات جمعرات تک یہ عمل
کرے ــ اس اسم کا نقش ذوالکتابت یا اعدادی دیوے۔ حصول
مقصد اور مطلب برآری کے واسطے۔ روزگار کی ترقی کیلئے۔ روزگار
ملنے کیلئے داہنے بازو میں باندھنے کیلئے دیویں انشاء اللہ تعالیٰ مراد
پوری ہوگی۔ مجرّب و آزمودہ ہے۔ نقش مندرجہ ذیل ہیں۔

۷۸۶

ق	ل	ا	خ
۰	۶۰۱	۹۹	۳۱
۶۰۲	۳	۲۸	۹۸
۲۹	۹۷	۶۰۳	۲

۷۸۶

۱۴۷	۱۵۰	۱۵۳	۱۴۰
۱۵۲	۱۴۱	۱۴۶	۱۵۱
۱۴۲	۱۵۵	۱۴۸	۱۴۵
۱۴۹	۱۴۴	۱۴۳	۱۵۴

(۱۶) یَا بَارِئُ: معنی بنانے والا- عنصر بادی- خاصیت جمالی و جلالی- اعداد ۲۱۳ موکل بعقائیل ہے طریقہ زکوٰۃ حسب سابق ہے۔ اگر کوئی اولاد کی آرزو رکھتا ہو تو اس کا عامل ۲۱-۲۱- چھوہارے منگائے ۲۱ چھوہاروں پر ۲۱ مرتبہ یا بَارِئُ پڑھے ہر چھوہارے پر ۲۱ بار پڑھے۔ دوسرے اکیس چھوہاروں پر یا مُصَوِّرُ پڑھیں۔ یا بَارِئُ والے چھوہارے مرد کو کھلائیں اور یا مُصَوِّرُ والے عورت کو: جس میں پکا کر شام کو کھلائیں۔ دونوں شام کو کھانا نہ کھائیں اور یہ عمل پانچ بدھ کو کریں انشاءاللہ تعالیٰ نطفہ قرار پائیگا۔ اور صاحب اولاد ہوگا۔ یا بَارِئُ کا نقش ذوالکتابت عورت کے گلے میں باندھیں اور اعدادی نقش کمر میں باندھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل کی حفاظت رہیگی اور وقت پر وضع حمل ہوگا۔ اولاد کی دولت سے مالامال ہوگا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

ی	ر	ا	ب
۰	۳	۹	۲۰۱
۴	۳	۱۹۸	۸
۱۹۹	۷	۵	۲

۷۸۶

۵۳	۵۶	۵۹	۴۵
۵۸	۴۶	۵۲	۵۷
۴۷	۶۱	۵۴	۵۱
۵۵	۵۰	۴۸	۶۰

(۱۷) یَا مُصَوِّرُ: معنی صورت بنانے والا- عنصر آتشی خاصیت جلالی- اعداد ۳۳۶ موکل ہطرائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ حسب سابق ہے۔ اگر کوئی شخص یا مُصَوِّرُ ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے اور برابر چالیس روز تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ کی اس پر رحمت ہووے اور بے اولاد ہو تو اولاد کی دولت سے نوازا جائے بے روزگار ہو تو روزگار ملے پریشان حال ہو تو جملہ پریشانیاں دور ہوں۔ حاملہ کی حفاظت کیلئے نقش۔ میں کامیاب و کامران کریگا۔ مجرب و آزمودہ ہے" نقش یہ ہیں۔

۷۸۶

ر	و	ف	غ
۷۹	۱۰۰۱	۱۹۹	۷
۱۰۰۲	۸۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۱۰۰۳	۸۱

۷۸۶

۱۸	۶	۱۲	۱۷	۰	۹	۳	۴۱
۷	۲۱	۱۴	۱۱	۱۰	۳	۳۸	۲
۱۵	۱۰	۸	۲۰	۳۹	۱	۱۱	۲

(۸۰) **یَا اَوَّلُ**:- معنی پہلے والا - عنصر آتشی - خاصیت جلالی اعداد ۳۷ - مؤکل زلائیل ہے - طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے - اگر کوئی شخص طلب فرزند ہو یا دفینہ نکالنا چاہتا ہو یا فتوحات غیبی کا طالب ہو تو چاہیئے کر چالیس جمعہ برابر اس اسم کو بلا ناغہ عمل میں رکھے اور بعد نماز جمعہ ۱۰۰۱ مرتبہ پڑھے - انشاء اللہ تعالیٰ فتوحات غیبی حاصل ہوں اور دفینہ نکالنے میں کامیابی ہو اور طالب اولاد کو اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ سے سرفراز فرمائے - اور اگر کوئی شخص اس عمل کو اس طرح پڑھے " یَا اَوَّلُ یَا آخِرُ " تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام مقاصد میں کامیاب فرماتا ہے اور اپنے قرب سے نوازتا ہے - اس اسم کو پڑھنے والا مخلوق میں معزز و مکرم ہوتا ہے - اس اسم کا نقش زود الکتابت یا اعدادی اہل ضرورت کو دیوے اللہ تعالیٰ مراد پوری فرمائے گا - بچوں کے گلے میں حفاظت کیلئے باندھیں - بچہ نظر بد سے محفوظ رہیگا - دودھ ڈالنے والے بچہ کیلئے بھی مفید ہے - مجرب ہے - نقش یہ ہیں -

۷۸۶				۷۸۶			
۹	۱۲	۱۵	۱	ل	و	ا	یا
۱۴	۲	۸	۱۳	-	۱۲	۲۹	۷
۳	۱۷	۱۰	۷	۱۳	۳	۴	۲۸
۱۱	۶	۴	۱۶	۵	۲۷	۱۴	۲

(۸۱) **یَا آخِرُ**:- معنی پیچھے رہنے والا - عنصر آتشی - خاصیت جلالی اعداد ۸۰۱ مؤکل سندائیل ہے طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہے اس اسم کا پڑھنے والا دشمنوں پر غالب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو بے اندازہ نصرت و قدرت اور طاقت روحانی سے نوازتا ہے اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن ہو تو ہفتہ کے روز لوہے کا ٹکڑا لائے اور اس پر یا آخر کا نقش کندہ

کرائیں اور اسم کی تعداد (۱۸۰) میں دشمن کے نام کے اعداد شامل کریں تین ہفتہ تک پڑھیں اور لوہے کے ٹکڑے کو آگ میں دفن کریں - بوقت زوال روز پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنی دشمنی سے باز آکر تائب ہو اور معذرت چاہے اور فرمانبرداری اختیار کرے اس اسم کا نقش عداوت کو دشمنی کو طرفین کی رنجش کو دور کرنے کیلئے کام میں لائیں اور بچوں کی حفاظت کیلئے گلے میں ڈالیں اور بیماروں کو پلائیں - ہر بیماری میں فائدہ مند ہے - مجرب ہے - نقش یہ ہیں -

۷۸۶				۷۸۶			
۲۰۰	۲۰۳	۲۰۶	۱۹۲	ر	خ	ا	یا
۲۰۵	۱۹۳	۱۹۹	۲۰۴	-	۱۲	۱۹۹	۶۰۱
۱۹۴	۲۰۸	۲۰۱	۱۹۸	۱۳	۳	۵۹۸	۱۹۸
۲۰۲	۱۹۷	۱۹۵	۲۰۷	۵۹۹	۱۹۷	۱۴	۲

(۸۲) **یَا ظَاہِرُ**:- معنی کھلا - عنصر آتشی - خاصیت جلالی اعداد ۱۱۰۶ مؤکل ہسغائیل ہے - طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہے - یہ اسم ظاہر و باطن کی اصلاح کیلئے اکسیر کا کام کرتا ہے - اور باطن کی اصلاح کرکے باطن میں نورانیت پیدا کرتا ہے - اور کشف قبور اور استخارہ کیلئے عاملین کے یہاں یہ اسم مشہور ہے - رات کو سوتے وقت ۱۱۰۶ مرتبہ پڑھ کر سونا چاہیئے - جواب باصواب پائے - نقوش بھی استخارہ کیلئے کام میں لائیں - مجرب ہے -

۷۸۶ ۷۸۶

ظ	ا	ہ	ر	۲۶۹	۲۸۲	۲۷۹	۲۷۶
۶	۱۹۹	۹۰۱	۰	۲۸۰	۲۷۵	۲۷۰	۲۸۱
۱۹۸	۳	۳	۹۰۲	۲۷۴	۲۷۷	۲۸۴	۲۷۱
۲	۹۰۳	۱۹۷	۴	۲۸۳	۲۷۲	۲۷۳	۲۷۸

(۸۳) **یَا بَاطِنُ** :- معنی سب سے چھپا :- عنصر بادی، خاصیت جلالی، اعداد ۶۲ - مؤکل اکائیل ہے - طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے - یہ اسم بھی اصلاح باطن کرتا ہے اور استخارہ میں کام آتا ہے - اگر کوئی شخص بعد نماز چاشت پانچسو مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ باطن کی آنکھوں کو کھول دیتا ہے یعنی دل کی آنکھوں کو نورانی کر دیتا ہے پھر اس کے عامل کو آگے اور پیچھے دونوں طرف برابر کا نظر آتا ہے اور خواب غفلت سے بیداری عنایت فرماتا ہے اور دل کی تاریکی دور کرتا ہے - اگر کسی کے دوستوں یا ساتھیوں یا اہل معاملہ میں ایسے لوگ ہوں کہ سامنے کچھ اور پیچھے کچھ کہتے ہوں کیونکہ دوستوں سے کافی نقصان پہونچ سکتا ہے تو ایسے لوگوں کو چاہیئے کہ یَا ظَاہِرُ یَا بَاطِنُ بعد نماز عشاء ۱۱۶۸ مرتبہ پڑھے چند روز میں دوستوں کی اصلاح ہوجائے گی - اور ان کا ظاہر و باطن یکساں ہوجائے گا - اس کے عامل کے دوست احباب وغیرہ سبھی لوگ ایک دل ہو کر پیش آئیں گے - ان ہی امور میں نقش بھی کام میں لائیں - مجرب ہے -

۷۸۶ ۷۸۶

ب	ا	ط	ن	۸	۲۱	۱۸	۱۵
۱۰	۴۹	۳	-	۱۹	۱۴	۹	۲۰
۴۸	۷	۳	۴	۱۳	۱۶	۲۳	۱۰
۲	۵	۴۷	۸	۲۲	۱۱	۱۲	۱۷

(۸۴) **یَا وَالِیُ** :- معنی سب کا مالک - عنصر بادی - خاصیت جلالی

اعداد ۴۷ - مؤکل دائیل ہے - طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہے - یہ اسم پاک بڑی خوبیوں کا مالک ہے - خاص کر مزدور محنتی و ٹھیکیدار قسم کے لوگوں کے واسطے زود اثر ہے اور حفاظت کا ضامن ہے - اگر کوئی ٹھیکیدار یا مزدور اس اسم کو چلتے پھرتے باوضو پڑھتا رہے تو کبھی کام سے خالی نہ رہے بلکہ کام والے تلاش و انتظار میں رہیں - اور جو کام کرے پسند آئے - کام والے کام کی قدر کریں - اگر کوئی شخص اس اسم کو لکھ کر پانی سے دھو کر مکان کے چاروں کونوں میں اور اوپر نیچے سارے میں چھڑکیں تو مکان چوری، بجلی، آندھی، طوفان، بارش، سیلاب، زلزلہ، جملہ آفات بلایات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے - اگر کوئی شخص اس اسم کو ۴۷ مرتبہ بعد نماز فجر و عشاء کے پڑھے جملہ آفات سے محفوظ رہے نقش اس اسم کا لکھ کر مکان کے چاروں کونوں میں اور صدر دروازہ پر لگائیں - مکان ہر طرح کے آزار سے محفوظ رہے

۷۸۶ ۷۸۶

و	ا	ل	ی	۴	۱۸	۱۴	۱۱
۳۱	۹	۷	۰	۱۵	۱۰	۵	۱۷
۸	۲۸	۳	۸	۹	۱۲	۲۰	۶
۲	۹	۷	۲۹	۱۹	۷	۸	۱۳

(۸۵) **یَا مُتَعَالِی** :- معنی اونچائی والا - عنصر آتشی - خاصیت جلالی اعداد ۵۵۱ - مؤکل یتائیل ہے طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے - اگر کوئی شخص اس اسم کو بعجز و انکساری اور اپنے کو حقیر جان کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ عوام الناس میں بلند فرمائے اور غیب سے اس کے سب کام انجام پائیں - اگر کوئی عورت حیض د

۷۸۶ ۷۸۶

م	ت	عا	لی	۱۳۰	۱۴۴	۱۴۰	۱۳۷
۷۲	۳۹	۴۱	۳۹۹	۱۴۱	۱۳۶	۱۳۱	۱۴۳

۱۳۲	۱۴۶	۱۳۸	۱۳۵	۴۲	۴۰۲	۴۹	۳۸
۱۳۹	۱۳۴	۱۳۳	۱۴۵	۷۰	۳۷	۴۳	۴۰۱

نفاس سے فراغت کے بعد پڑھے جملہ آفات سے محفوظ رہے۔ نقش بھی ان امور میں کام میں لائیں۔ مجرب ہے۔ فائدہ مند ہے

(۸۶) **یَا بَرُّ:۔** معنی نیک کام بنانیوالا۔ عنصر بادی۔ خاصیت جلالی اعداد ۲۰۲ مؤکل اسقائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو کسی نابالغ کو یاد کرادے اور وہ بچہ سن بلوغ کو پہونچنے تک ۲۰۲ مرتبہ روز پڑھتا رہے تو زندگی بھر آفات روزگار اور تنگی رزق سے محفوظ رہے۔ اس اسم کو بعد نماز عشاء ۲۰۲ مرتبہ کوئی شخص ہمیشہ پڑھتا رہے تو اس کا ذاکر جس شے کا بھی طالب ہوگا اللہ تعالیٰ غیب سے عنایت فرمائیگا۔ اور کوئی شخص اس اسم کا ذکر کرکے ۲۰۲ مرتبہ کسی حاکم یا امیر کے پاس جائے گا تو جو خواہش رکھیگا تو وہ پائیگا۔ امیر یا حاکم عزت سے پیش آئیگا۔ اور اس کے عامل کو طرح طرح کی نعمتوں سے نوازیگا۔ اس اسم کے نقش ذوالکتابت یا اعدادی کو قضائے حاجت حصول مقصد، ترقی روزگار خیر و برکت تسخیر رجوعات کیلئے دیگا تو اہل ضرورت کی اللہ تعالیٰ ضرورتوں کو پورا فرمائیگا۔ مجرب ہے۔

۷۸۶				۷۸۶			
۵۰	۵۳	۵۶	۴۳	ر	ب	ا	ی
۵۵	۴۴	۴۹	۵۴	۰	۱۱	۱۹۹	۳
۴۵	۵۸	۵۱	۴۸	۱۲	۳	۰	۱۹۸
۵۲	۴۷	۴۶	۵۷	۱	۱۹۷	۱۳	۲

(۸۷) **یَا تَوَّابُ:۔** معنی توبہ قبول کرنے والا۔ عنصر بادی۔ خاصیت جلالی اعداد ۴۰۹ مؤکل ہشائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ اس اسم کا ورد اولیاء کاملین کا معمول رہا ہے۔ اگر کوئی شخص بسبب گناہوں کے تکلیف و مصیبت یا زر کی تنگی یا روزی نہ ملنے سے پریشان ہو تو اول اسم کی زکوٰۃ نکالے اور پھر روزانہ بعد نماز عشاء ۴۰۹ مرتبہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ صغیرہ کبیرہ معاف فرمادیگا۔ اور روزی کشادہ فرمائیگا، مصیبت و تنگی کو دور فرماکر رحمت و کرم سے نوازیگا۔ اور دعا قبول ہوگی۔ اگر کوئی شخص اس اسم کے معانی و صفات میں محو ہوکر پڑھے تو اولیاء کرام کی صف میں شمار ہووے۔ اگر کوئی شیرخوار بچہ زیادہ روتا ہو تو اس اسم کو ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ رونے سے باز رہے گا۔ اور جملہ بلایات و آفات سے محفوظ رہیگا۔ اور اس اسم کا نقش حصول روزگار خیر و برکت مصیبت سے نجات پانے کیلئے کام میں لائیں۔ مجرب ہے۔

۷۸۶				۷۸۶			
۱۰۲	۱۰۵	۱۰۸	۹۴	ب	ا	و	ت
۱۰۷	۹۵	۱۰۱	۱۰۶	۵	۴۰۱	۱	۲
۹۶	۱۱۰	۱۰۳	۱۰۰	۴۰۲	۸	۰	۰
۱۰۴	۹۹	۹۷	۱۰۹	۰	۰	۴۰۳	۷

(۸۸) **یَا مُنْتَقِمُ:۔** معنی بدلہ لینے والا۔ عنصر آتشی۔ خاصیت جلالی اعداد ۶۳۰ مؤکل طعشائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ یہ اسم خصوصاً فتح و ظفریابی کیواسطے ہے اگر کوئی شخص کاروبار کی وجہ سے پریشان ہو یا جس کا کاروبار یا کارخانہ یا دکان بوجہ حسد کے سحر سفلی یا علوی، عطائی، سیفی کے ذریعہ باندھ دیا گیا ہو تو اس شخص کو چاہیئے کردہ "یَا تَوَّابُ یَا مُنْتَقِمُ" بعد نماز عشاء چالیس روز تک پڑھے انشاءاللہ سحر باطل ہوگا۔ اور کاروبار کھل جائے گا۔ اگر کسی شخص

کو اس کے دوستوں نے مکر و فریب سے بُری عادتوں میں مُبتلا کر دیا ہو اور
اس کا تمام مال و زر و دولت کو برباد کر دیا ہو تو وہ شخص بھی مذکورہ
عمل سے فائدہ اٹھائے اور کھوئی دولت کو دوبارہ حاصل کر کے اپنی
زندگی عیش کے ساتھ گذارے اور تمام بری عادتوں سے توبہ کرے اس
اسم کے نقش کو مذکورہ امور میں کام میں لائے تو اللہ تعالیٰ فیضیاب
فرمائے گا مجرب ہے۔ نقش یہ ہیں۔

۷۸۶ ۷۸۶

۱۵۷	۱۶۰	۱۶۳	۱۵۰	م	تق	ن	م
۱۶۲	۱۵۱	۱۵۶	۱۶۱	۴۹	۴۱	۳۹	۵۰۱
۱۵۲	۱۶۵	۱۵۸	۱۵۵	۴۲	۵۲	۴۹۸	۳۸
۱۵۹	۱۵۴	۱۵۳	۱۶۴	۴۹۹	۳۷	۴۳	۵۱

(۸۹) یَا رَءُوْفُ: معنی مہربانی والا۔ عنصر خاکی۔ خاصیت جمالی

اعداد ۲۸۶ - مؤکل ومرائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابق ہی ہے۔
یہ اسم تسخیر ومحبت اور دشمن کے پنجۂ ظلم سے رہائی کیلئے اکسیر ہے اس کے
عامل کو ہر کوئی اُنسیت ومحبت کی نگاہ سے دیکھے۔ اگر اس کے عامل کے
پاس ایک پیسہ بھی نہ ہو تو بھی اس کا کوئی کام نہ رُکے بلکہ بڑے بڑے
معاملات بآسانی حل ہو جائیں گے۔ عوام الناس کی نگاہ میں مقبول ہووے
اس عمل کے وجہ سے تمام مخلوق کے دلوں پر حکومت کرتا ہے۔ اور اگر کوئی
شخص دشمن سے حفاظت کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء ۲۸۶ مرتبہ پڑھے
اور ہمیشہ معمول رکھے تو جانی دشمن بھی دوست بن جائیں اور عزت ومحبت
سے پیش آئیں۔ اور دشمنی ترک کریں اس اسم کا نقش بھی تسخیر ومحبت

اور دشمن کو زیر ومقہور کرنے کیواسطے اہل ضرورت کو دیویں وہ اہل ضرورت
کو دشمن کی دشمنی سے محفوظ رکھیں۔ مجرب ہے۔" نقش یہ ہیں۔

۷۸۶ ۷۸۶

	۷۱	۷۴	۷۸	۶۴	ف	و	ع	ر
	۷۷	۶۵	۷۰	۷۵	۰	۲۰۱	۷۹	۶
	۶۶	۸۰	۷۲	۶۹	۲۰۲	۳	۴	۷۸
	۷۳	۶۸	۶۷	۷۹	۵۰	۷۷	۲۰۳	۲

(۹۰) یَا حَنَّانُ: معنی بخشنے والا۔ عنصر خاکی۔ خاصیت جمالی

اعداد ۱۰۹ مؤکل حسائیل ہے طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہے۔ یہ اسم دولت
کی کنجی ہے۔ اگر کوئی شخص کسی روپیہ یا اور کسی چیز کو لیتے وقت "یا مُعطی
یا حَنَّانُ" چند بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے اور زیادہ
دیوے۔ اور اگر کوئی شخص خرید و فروخت کرتے وقت "یا نافع یا حَنَّانُ"
چند مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس خرید و فروخت میں نفع کثیر عطا فرمائے
اگر کوئی شخص دکان کھولتے وقت "یا مُنعم یا حَنَّانُ" چند مرتبہ پڑھے
تو دکان میں اضافہ ہووے اور آمدنی زیادہ ہووے۔ اور خیر و برکت ہووے
اگر کوئی "یا حَنَّانُ" کو بعد نماز فجر پڑھے اور ہمیشہ ۱۰۹ مرتبہ ورد میں رکھے
تو دولت کثیر پاوے
اور مال و زر کی کمی نہ
آئے اور نقش اس اسم
کا خیر و برکت اور حصول

۷۸۶ ۷۸۶

۲۷	۳۰	۳۳	۱۹	ن	ا	ن	ح
۳۲	۲۰	۲۶	۳۱	۴۹	۹	۴۹	۲
۲۱	۳۵	۲۸	۲۵	۱۰	۵۲	۰	۴۸
۲۹	۲۴	۲۲	۳۴	۰	۴۷	۱۱	۵۱

روزگار اور بکری کے واسطے بہت ہی عمدہ اور نفع کثیر کا باعث ہے۔ مجرب ہے۔

(۹۱) **یَا مَنَّانُ**:۔ معنی بہت بڑا احسان کرنیوالا۔ عنصر آتشی۔ خاصیت جلالی۔ اعداد ۱۵۱ مؤکل یقائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے اس اسم کو اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء ۱۰۵۱ مرتبہ پڑھے اور ساٹھ دن کے بعد ۱۵۱ مرتبہ ہمیشہ وردمیں رکھے تو خیر و برکت حاصل ہو اور دولت والی حاصل ہو۔ اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد ۱۵۱ مرتبہ ورد میں رکھے تو دولت مند ہو جائے۔ اور اگر کوئی کسی دوست کو مسخر کرنا چاہے تو ۱۵۱ مرتبہ کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں تو وہ شخص تابعدار و مسخر ہو جائے۔ اگر کوئی شخص ہمزاد کو تابع کرنا چاہے تو اس اسم کو اس طرح پڑھے "یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ" ۱۱۱ مرتبہ ایک بند کمرے میں چراغ اپنے پیچھے رکھ کر اور قبلہ رو ہو کر کھڑے ہو کر پڑھے چالیس روز میں ہمزاد متبع تابعدار و مسخر ہوگا، اور حاضر ہوگا اور تابعداری کرے گا اور اپنے بلانے کی ترکیب بتائے گا اس کے مطابق اس کو بلایا جائے مگر ناجائز کام کوئی نہ لیا جائے۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۴۷	۵۰	۵۴	۴۰
۵۳	۴۱	۴۶	۵۱
۴۲	۵۶	۴۸	۴۵
۴۹	۴۴	۴۳	۵۵

۷۸۶

ن	ا	ن	م
۴۹	۴۱	۴۹	۲
۴۲	۵۲	۰	۴۸
۰	۴۷	۴۳	۵۱

(۹۲) **یَا وَهَّابُ**:۔ معنی بہت دینے والا۔ عنصر بادی خاصیت جلالی۔ اعداد ۱۴۔ مؤکل دائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو تو اس اسم کو روزانہ ۱۴ مرتبہ پڑھے اور نقش لکھ کر بازو میں باندھے اللہ تعالیٰ بیحساب روزی دیتا ہے اگر کوئی کسی خاص اہم مشکلات میں پھنسا ہو تو آدھی رات کو اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور تین سجدے کرے ہر ایک میں سُو سُو بار "یَا وَهَّابُ" پڑھے اور ہاتھ پھیلا کر سجدے میں زمین پر رکھے اللہ تعالیٰ اس کی حاجت و مراد کو پورا فرمائیگا۔ اگر کسی شخص کو کوئی مہم پیش آئے یا کسی شے کا طالب ہو یا کوئی مراد حاصل کرنا چاہتا ہو یا کسی کی قید میں ہو یا دنیا کا مال و متاع حاصل کرنا چاہتا ہو۔ یا کوئی اونچی ملازمت حاصل کرنا مقصود ہو یا مقروض ہو۔ یا رزق کی تنگی میں مبتلا ہو۔ یا کسی سے ملاقات کا متمنی ہو غرض کہ کوئی مراد رکھتا ہو تو آدھی رات کو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سر برہنہ ہو کر دونوں ہاتھ پھیلا کر پڑھے ۱۴ مرتبہ تین روز یا سات روز ورنہ گیارہ روز پڑھے مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ب	ها	و
۵	۱	۸
۷	۷	۰

(۹۳) **یَا ضَارُّ**:۔ معنی ضرر پہونچانے والے۔ عنصر خاکی۔ خاصیت جمالی۔ اعداد ۱۰۰۱۔ مؤکل سظائیل ہے طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہے اس اسم کا پڑھنے والا ہر قسم کے ضرر سے محفوظ رہتا ہے اگر کوئی شخص کسی مہم کو حل کرنا چاہے یا دشمنوں کے شر و ضرر سے بچنا چاہے تو بعد نماز عشاء ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مہم حل ہوگی۔ شر و ضرر سے محفوظ رہے۔ نقش بھی کام میں

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۲
۲۵۵	۲۴۳	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۴	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۵	۲۵۷

۷۸۶

ر	ا	ض	یا
۷۹۹	۱۲	۱۹۹	۲
۱۳	۸۰۲	۰	۱۹۸
۰	۱۹۷	۱۴	۸۰۱

لائیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ مجرب ہے۔

(۹۴) **یَا نُوْرُ**: معنی روشنی والا۔ عنصر بادی۔ خاصیت جلالی اعداد ۲۵۶
مؤکل ہیقائیل ہے طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ اس اسم کے پڑھنے
والے کا جسم و قلب منور ہو جاتا ہے۔ انوار الٰہیہ کا نزول ہوتا ہے۔ اگر
کوئی شخص ۲۵۶ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اس کا دل منور ہو جائے اور
نور ایمانی سے نوازا جائے۔ آنکھوں کی روشنی کیواسطے انگلیوں کے پوروں
پر دم کر کے آنکھوں پر پھیریں۔ آنکھوں کی روشنی بڑھے نقش لکھ کر بلایا جائے تو جسم و قلب

۷۸۶

ر	و	ن	یا
۴۹	۱۲	۱۹۹	۷
۱۳	۵۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۱۴	۵۱

۷۸۶

۶۳	۶۷	۷۰	۵۶
۶۹	۵۷	۶۲	۶۸
۵۸	۷۲	۶۵	۶۱
۶۶	۶۰	۵۹	۷۱

میں نور پیدا ہو اور آنکھوں میں روشنی بڑھے۔ مجرب ہے۔

(۹۵) **یَا ھَادِیُ**: معنی ہدایت کرنے والا۔ عنصر آتشی۔ خاصیت جلالی
اعداد ۲۰۔ مؤکل ہائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ اس اسم پاک
کو عاملین کے یہاں ہر کارہ کہا جاتا ہے یعنی ہر کام اس اسم کی برکت سے
ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی شیر خوار بچہ روتا ہو۔ یا کوئی بچہ نافرمان ہو یا
کوئی بدکردار عورت ہو۔ ان کے سدھارنے کیلئے اس اسم کے عمل کام آتے
جاتے ہیں۔ اور نقش بھی کام لیا جاتا ہے۔ اگر کوئی بچہ چلوانس میں
یا پسلیوں کے مرض میں۔ یا ہرے پیلے دستوں میں مبتلا ہو تو اس اسم
کا نقش لکھ کر گلے میں باندھیں اور پلائیں۔ اگر کسی بدکردار عورت
کو سدھارنا چاہیں تو اس اسم کو بعد نماز عشاء ۲۰۰ مرتبہ پڑھ کر کسی

میٹھی شے پر دم کر کے پلائیں۔ اور اس کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر
پرانی دو قبروں کے درمیان گاڑ دیں انشاء اللہ وہ بدکردار عورت نیکی
قبول کرے اور سیدھے راستہ پر چلے۔ برائی سے توبہ کرے۔ مجرب ہے و آزمودہ ہے۔

۷۸۶

ی	د	ا	ھ
۰	۶	۹	۵
۷	۳	۲	۸
۳	۷	۸	۲

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۹۶) **یَا بَاقِیُ**: معنی باقی رہنے والا۔ عنصر بادی۔ خاصیت جلالی
اعداد ۱۱۳ مؤکل یعائیل ہے۔ طریقہ زکوٰۃ سابقہ ہی ہے۔ اس
اسم کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ قوت ظاہری و باطنی سے نوازتا ہے
حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اس اسم کو
گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور بلا ناغہ سات چلہ تک پڑھے پرہیز بھی
لازمی کرے تو اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے منصب ولایت سے
نواز دیتا ہے۔ اور اس اسم کو پڑھنے والا اللہ کے فضل و کرم سے کبھی
بیمار نہیں ہوتا۔ اور اگر کوئی بیمار پڑھتا ہے تو اس کو جلد صحت کامل
شفائے عاجل نصیب ہوتی ہے۔ اگر کوئی بادشاہ اس اسم کا ذکر کرے
تو اس کے ملک پر زوال نہ آئے۔ اگر کوئی شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ
۹۰ دن تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ زبان میں تاثیر پیدا کر دیتا ہے۔ اس اسم کا نقش حصول

۷۸۶

ی	ق	ا	ب
۰	۳	۹	۱۰۱
۴	۳	۹۸	۸
۹۹	۷	۵	۲

۷۸۶

۲۵	۲۸	۳۲	۱۸
۳۱	۱۹	۲۴	۲۹
۲۰	۳۴	۲۶	۲۳
۲۷	۲۲	۲۱	۳۳

منصب، حصولِ روزگار، حصولِ مقاصد کیواسطے مفید ہے۔

(۹۷) **یَا وَارِثُ** :۔ معنی چیز لینے والا۔ عنصر بادی، خاصیت جمالی
اعداد ۷۰۷ مؤکل دیخائیل ہے۔ طریقہ زکوۃ سابقہ ہی ہے۔ اس
اسم کے پڑھنے والا اپنی قوم میں سردار، مکرم و معظم بنے۔ اور صاحبِ اولاد
ہو رزق میں ترقی و خیر و برکت ہو۔ وسعت و افزونی حاصل ہووے۔
وسعت و ترقی روزگار کیلئے بہت مفید ہے۔ اگر کوئی شخص اس
کو اس کے معانی کو تصور میں رکھ کر محو ہو کر پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو
بڑائی اور سرداری نصیب فرماسے۔ اولاد میں کثرت مال میں برکت
ہووے۔ اس اسم کو بعد نماز عشاء و فجر ۷۰۷ مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ
اس کے مرتبہ میں بلندی فرماوے مال میں روزگار میں برکت فرمائے
اور اولاد نیک صالح پیدا فرمائے اور اس اسم کا نقش لکھ کر بچوں کے گلے
میں باندھے۔ نظرِ بد سے محفوظ رہے اور نیک صالح بنے اور پڑھنے
میں دل لگے۔ اور شوق علم بڑھے مجرب ہے نقش یہ ہیں۔

۷۸۶   ۷۸۶

۱۷۶	۱۷۹	۱۸۳	۱۹۹	ش	ر	ا	و
۱۸۲	۱۷۰	۱۷۵	۱۸۰	۰	۷	۳۹۹	۲۰۱
۱۷۱	۱۸۵	۱۷۷	۱۷۴	۸	۳	۱۹۸	۳۹۸
۱۷۸	۱۷۳	۱۷۲	۱۸۴	۱۹۹	۳۹۷	۹	۲

(۹۸) **یَا رَشِیْدُ** :۔ معنی سیدھی راہ والا۔ عنصر خاکی، خاصیت جمالی
اعداد ۵۱۴ مؤکل جعتائیل ہے۔ طریقہ زکوۃ سابقہ ہی ہے۔ اس
اس اسم کا عامل کسی قوم یا قبیلہ یا ملک وغیرہ کا رہنما و رہبر ہوتا ہے اور وہ
قوم اس کے مشوروں سے سرفراز ہوتی ہے اور اس کے حکم کی تعمیل سے

قوم یا قبیلہ یا ملک ترقی کی منزل پر گامزن ہوتے ہیں اور اس کے عامل
کی ہر چہار طرف عظمت، عزت و شہرت ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص کسی
سخت مہم کے وقت پڑھے تو وہ مہم بآسانی حل ہو جائے۔ اگر کوئی
بعد نماز فجر و مغرب کے ایک ہزار مرتبہ روز پڑھے تو اس کی تمام مرادیں
پوری ہوں اور ہر حاجت بلا وقت و دشواری کے حل ہو جائے۔ اگر
استخارہ کرنا چاہے تو رات کو سوتے وقت ۵۱۴ مرتبہ پڑھ کر سو رہے
ان شاء اللہ تعالیٰ عالم خواب میں اچھا یا برا، نفع یا نقصان بتلا دیا
جائے گا۔ اور نقش کسی بھی مقصد میں دیا جائے کامیابی ہوگی مجرب ہے۔

۷۸۶   ۷۸۶

۱۲۸	۱۳۱	۱۳۴	۱۲۱	د	ی	ش	ر
۱۳۳	۱۲۲	۱۲۷	۱۳۲	۲۹۹	۲۰۱	۳	۱۱
۱۲۳	۱۳۶	۱۲۹	۱۲۶	۲۰۲	۳۰۲	۸	۲
۱۳۰	۱۲۵	۱۲۴	۱۳۵	۹	۱	۲۰۳	۳۰۱

(۹۹) **یَا صَبُوْرُ** :۔ معنی صبر والا۔ عنصر بادی۔ خاصیت جلالی
اعداد ۲۹۸ مؤکل زنزائیل ہے۔ طریقہ زکوۃ سابقہ ہی ہے۔
اس اسم پاک کا پڑھنے والا سخت سے سخت کام کو بآسانی انجام دیتا ہے
اور بڑے سے بڑے صدمہ کو، رنج و غم کو اور عزیز و محبوب کے انتقال پر ملال
کی وجہ سے خلل دماغ کو حافظہ کی خرابی کو اس اسم کی برکت سے بآسانی
برداشت کر لیتا ہے اس اسم کے پڑھنے سے قوت برداشت پیدا ہو جاتی
ہے۔ اگر کسی کو رنج و غم، درد و مشقت، خوف و دہشت کے وقت۔ یا
دشمنان، حاسدان کی زبان بدگوئی کو بند کرنا چاہے تو بعد نماز عشاء ۱۰۳۰

مرتبہ اکیس روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاسدان، دشمنان کی زبان بدگوئی
اتہام والزام غیبت سے بند ہو جائیگی۔ اس اسم کے نقش کو بھی ان ہی امور
میں کام میں لانا فائدہ مند ہے گلے میں باندھے یا دو پتھروں کے درمیان
دبا کر رکھیں
مجرب ہے۔

۷۸۶ ۷۸۶

۷۴	۷۷	۸۰	۶۷	ر	و	ب	ص
۷۹	۶۸	۷۳	۷۸	۱	۹۱	۱۹۹	۷
۶۹	۸۲	۷۵	۷۲	۹۲	۴	۴	۱۹۸
۷۶	۷۱	۷۰	۸۱	۵	۱۹۷	۹۳	۳

منظوم اسمآر الحسنیٰ

ان اسمار مبارک کی زکوۃ کا طریقہ اس طرح سے ہے کہ عروج ماہ میں
بعد نماز عشاء اول و آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھنا ہے۔ اور تین
مرتبہ ان اسمار مذکورہ کو پڑھیں۔ چالیسویں دن شیرینی لادے اور ایصال
ثواب کرے بروح پاک حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور بخشش! حضرت
محبوب سبحانی قطب ربانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو۔
انشاء اللہ تعالیٰ زکوۃ پوری ہوگی۔

روزگار میں ترقی اور خیر و برکت ہوگی۔ تسخیرات کل مخلوق کی
حاصل ہوگی۔ امراء و حکام اعلیٰ عزت سے پیش آئیں۔ مقبول خلائق
ہو۔ روحانی علوم سے فیضیابی حاصل ہو۔ کشف کے باطنی رموز کی
حصولیابی ہووے۔ عاجزی و انکساری پیدا ہو جاوے۔ بعد ادائے
زکوۃ ایک مرتبہ بعد نماز فجر پڑھتے رہیں۔

مَنظُوم اَسمَاءُ الحُسنیٰ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

باسمِ الالٰہِ وَبِہٖ بدینا ✦ وَلَو عَبَدنا غَیرَہٗ شَقِینا
یا حَبَّذا رَبًّا وَحَبَّ دِینا ✦ وَحَبَّذا مُحَمَّدٌ ھادِینا
لَولاہُ ماکُنّا وَ لا بَقِینا
اَللّٰھُمَّ لَولا اَنتَ ما اھتَدَینا ✦ وَلا تَصَدَّقنا وَلا صَلَّینا
فَانزِلَن سَکِینَۃً عَلَینا ✦ وَثَبِّتِ الاَقدامَ اِن لاقَینا
نَحنُ الاُلیٰ جاؤکَ مُسلِمِینا
وَالمُشرِکُونَ قَد بَغَوا عَلَینا ✦ اِذا اَرادُوا فِتنَۃً اَبَینا
وَقَد نَدا عَلیٰ جَمعِھِم عَلَینا ✦ لِبوقِ الاَحادِیثِ الَّتِی رَوَینا
فارُدُّھُم اَللّٰھُمَّ خاسِرِینا
اَللّٰہُ یا رَحمٰنُ یا رَحِیمُ ✦ اَللّٰہُ یا حَیُّ وَ یا قَیُّومُ
یا اَللّٰہُ یا قَوِیُّ یا قَدِیمُ ✦ یا اَللّٰہُ یا عَلِیُّ یا عَظِیمُ
لا یَنبَغِی لِلقَومِ اَن یَعلُونا
یا اَللّٰہُ یا لَطِیفُ یا عَلِیمُ ✦ یا اَللّٰہُ یا رَؤُفُ یا حَکِیمُ
یا اَللّٰہُ یا تَوّابُ یا حَلِیمُ ✦ یا اَللّٰہُ یا وَھّابُ یا کَرِیمُ
ھَبنا العُلیٰ وَاجعَل عَلیٰ اَعدانا الدُّونا

يَا اَللّٰهُ يَا مَالِكُ يَا مُنِيرُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا مَلِيكُ يَا قَدِيرُ
يَا اَللّٰهُ يَا مَوْلیٰ يَا نَصِيرُ ؛ اَللّٰهُ اَنْتَ الْمَلِكُ الْكَبِيرُ
لَيْسَ عِدَانَا لَكَ مُعْجِزِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا شَكُورُ يَا شَاكِرُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا عَفُوُّ يَا غَفُورُ
يَا اَللّٰهُ يَا عَلِيمُ يَا خَبِيرُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا فَتَّاحُ يَا بَصِيرُ
لَا تَحْرِمْنَا فَتْحَكَ الْمُبِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا ظَاهِرُ يَا جَلِيلُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا بَاطِنُ يَا وَكِيلُ
يَا اَللّٰهُ يَا صَادِقُ يَا جَمِيلُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا حَافِظُ يَا كَفِيلُ
كُنْ حَافِظًا لَنَا وَكُنْ مُعِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا غَنِيُّ يَا حَمِيدُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا مُغْنِي يَا رَشِيدُ
يَا اَللّٰهُ يَا مُبْدِئُ يَا مُعِيدُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا عَزِيزُ يَا مَجِيدُ
بِعِزِّكَ التَّوْحِيدُ يَشْكُو الْهُونَا

يَا اَللّٰهُ يَا قَادِرُ يَا مُقْتَدِرُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا قَاهِرُ يَا مُؤَخِّرُ
يَا اَللّٰهُ يَا فَاطِرُ يَا مُصَوِّرُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا مُحْصِي يَا مُدَبِّرُ
وَدَبِّرْ لَنَا وَدَمِّرِ الْعَادِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا دَائِمُ لَا يَمُوتُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا قَائِمُ لَا يَفُوتُ
يَا اَللّٰهُ يَا مُحْيِي يَا مُمِيتُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا مُغِيثُ يَا مُقِيتُ
كُنْ غَوْثَنَا وَحِصْنَنَا الْحَصِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطُ اَنْتَ الْوَاسِعُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا قَابِضُ اَنْتَ الْمَانِعُ
يَا اَللّٰهُ يَا خَالِقُ اَنْتَ الْجَامِعُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا خَافِضُ اَنْتَ الرَّافِعُ
اِرْفَعْ مَعَالِينَا لِعِلِّيِّينَا

يَا اَللّٰهُ ذُو الْمَعَارِجِ الرَّفِيعُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا وَافِي يَا سَرِيعُ
يَا اَللّٰهُ يَا كَافِي يَا سَمِيعُ ؛ يَا نُورُ يَا هَادِي يَا بَدِيعُ
اَرْشِدْنَا بِمَا جَرٰی يَكْفِينَا

يَا اَللّٰهُ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ؛ يَا اَللّٰهُ ذُو الطَّوْلِ عَلَى الدَّوَامِ
يَا اَللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ ؛ وَالسَّيِّدُ الْمُطْلَقُ لِلْاَنَامِ
اِرْحَمْ عُبَيْدًا لَكَ عَابِدِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا اَوَّلُ اَنْتَ الْوَاحِدُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا آخِرُ اَنْتَ الرَّاشِدُ
يَا وِتْرُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا وَاجِدُ ؛ يَا بَرُّ يَا مُتَفَضِّلُ يَا مَاجِدُ
بِفَضْلِكَ اقْبَلْنَا عَلٰى مَا فِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا مُبِينُ يَا وَدُودُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا مُحِيطُ يَا شَهِيدُ
يَا اَللّٰهُ يَا مَتِينُ يَا شَدِيدُ ؛ يَا مَنْ هُوَ الْفَعَّالُ مَا يُرِيدُ
اِنَّا ضِعَافٌ لَكَ قَدْ لَجِينَا

يَا اَللّٰهُ يَا مُعِزُّ يَا مُقَدِّمُ ؛ يَا اَللّٰهُ يَا مُذِلُّ يَا مُنْتَقِمُ
يَا اَللّٰهُ الْبَادِئُ الْبَاقِي فَلَا يَنْعَدِمُ ؛ اَلْمُحْسِنُ الْوَالِي الْحَفِيظُ الْاَكْرَمُ
لَيْسَ لَنَا سِوَاكَ مَنْ يُلْجِينَا

یااللہ یا وارث انت الابد ❁ یااللہ یا باعث انت الاحد
یااللہ یامالک الملک الالٰہ الصمد ❁ لاکفو لا والد و لاولد
کف عن عنا فقد اوذینا
یااللہ یا غالب یا قہار ❁ یااللہ یانافع انت الضار
یااللہ یا باری یا غفار ❁ یارب یاذی القوۃ الجبار
قوم لنا الدنیا و قو الدینا
یااللہ رب العزۃ السلام ❁ المؤمن المہیمن العلام
ذوالرحمۃ الاعلی الاعز التام ❁ من دینک الحق ہوالاسلام
قیض لہ اللّٰہم نا صرینا
یااللہ انت المتعالی الحکم ❁ الفرد ذوالعرش الولی الاکرم
الغافر المعطی الجواد المنعم ❁ العادل العدل الصبور الرحیم
مکن لنا فی ارضنا تمکینا
یااللہ یاقدوس یا برہان ❁ یا بار یاحنان یا منان
یاحق یامقسط یادیان ❁ تبارک اسماءک الحسان
بہا فرعنا بابک المصونا
یااللہ یاخلاق یا منیب ❁ یااللہ یا رزاق یاحسیب
یااللہ یاقریب یا رقیب ❁ المستعان السامع المجیب
انادعوناک استجب امینا

آفتابِ عملیات مکمل

حصہ ششم

فہرست

تمہید

شروع کرتا ہوں ترے نام سے مشکل کشا ہے تو
رحیم و مہرباں ہے، صاحب جود و سخا ہے تو

امابعد۔ بندۂ فقیر پر تقصیر فقیر حافظ جمیل احمد جمیل سکندرپوری مقیم حال بیت الجمیل ۱۹۰۳/۱۲ بالمقابل اسلامیہ انٹر کالج عیدگاہ روڈ۔ سہارنپور ثَبَّتَ اللّٰہُ عَلیٰ صِرَاطِ السَّوِیّ عرض رساں ہے کہ فضل ربی سے اس کتاب کے پانچ حصے مکمل ہو گئے ہیں۔ اب چھٹے حصے "آفتاب عملیات موسومہ بہ تسخیر و رجوعات" کی ابتداء عنایت ربی سے اور توفیق خداوندی سے کرتا ہوں۔

جیسا کہ بندۂ فقیر نے اس کتاب کو سات حصوں میں مکمل کرنے کا ارادہ کیا ہوا ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے اور نبی کریم صاحب تعظیم سرور کائنات محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقہ سے تکمیل و تسوید فرمائے۔ آمین۔

مشتاقانِ عملیات و شائقین حاضرات و طالب تکسیرات کے مبارکباد دی

اِفتتاحیہ

نَحمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلیٰ رَسُوْلِہِ الکَرِیْم ؕ

اللہ کا نام لیکے کرتا ہوں ابتداء ؛ روح نبی کی نذر ہے تحفہ درود کا

امابعد۔ فقیر نے اس کتاب کو چند حصوں میں ترتیب دینے کا جو ارادہ کیا تھا، اللہ رب العزت نے اپنے فضل و کرم سے پانچ حصوں کو پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔

اب بندۂ فقیر نے اس چھٹے حصہ کی ابتداء کی ہے اللہ جل شانہٗ اپنی رحمتِ کاملہ سے اور فضل و کرم سے کامیابی عطا فرمائے آمین۔

پہلی پانچ کتابوں میں تاثیر عمل، ابجدات، مستحصلات، طریقہ زکوۃ، عمل و نقوش، علم الاٰثار، علم الحروف، شناخت امراض۔ سوالات مع حل الجواب، اسم باری کی خصوصیات، رموز و نکات، علم النجوم، زائچہ و لگن بنانے کا طریقہ، خاصیت الحروف مع زکوۃ، کشفِ قلوب، کشفِ قبور، حاضرات علوی و روحانی، موکلاتی و جناتی اور قل ہو اللہ احد کے متعدد حاضرات مجربہ، آسیب، جنات، خبیثات کلبیاں، جوگیان ثمرہان، کفتاران، بیابان عفربت، چڑیل مڑیل

خطوط نے اور عاملین کی طلب کتب نے اس فقیر کے حوصلہ کو تقویت پہونچائی تو ہمت سے کمربستہ کر کے یہ چھٹا حصہ آفتاب عملیات موسوم بہ تسخیر و رجوعات،، شائقین عملیات کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

جیسا کہ پچھلے پانچ حصوں میں مستند و مصدقہ و مجربہ قاعدے قوانین عملیات، نکات حاضرات اور طریقہ صحیحہ پیش کر چکا ہوں۔ اسی طرح حتی الامکان کوشش و سعی کے ساتھ اس حصہ میں بھی باطل و فرسودہ عملیات سے اجتناب کرتے ہوئے صحیح و مصدقہ و مستند و مدلل و مجربہ عملیات پیش کروں گا ناظرین کرام اگر کہیں کوئی غلطی لفظی یا معنوی پائیں تو عفو فرما کر اور اصلاح فرما کر مشکور فرمائیں اور نفع اٹھانے کی صورت میں دعائے خیر میں فقیر کو یاد فرمائیں۔

فقیر کے پاس جو خزینہ عملیات و نقوشات و عطیات و قلمی بیاضوں سے نیز بزرگان دین کی خدمت سے اکٹھا ہوئے ہیں۔ اس میں سے کچھ اور حصہ لے کر ترکیب و ترتیب کے ساتھ بندگان خدا کی نذر کرتا ہوں تا کہ خاص و عام فائدہ اٹھائیں۔ اور فقیر کو اپنی مخصوص دعاؤں میں یاد فرمائیں۔ وَھُوَ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَبِالْاِجَابَۃِ جَدِیْرٌ

جمیل احمد جمیل سکندر پوری

۲۰/۶/۹۱ء

پری، مری، دیو وغیرہ کو حاضر کرنا اور بھگانا، جلانا، کلام کرنا، قید کرنا، اور آسان طریقہ سے مکمل علاج کرنے کا طریقہ، مکمل علاج عقیم وعقیمہ (بانجھ مرد وعورت) کا کرنے کا طریقہ، مسان پختہ وخام، سوکھا مسان کا مکمل علاج، اولاد نرینہ کیلئے بذریعہ ادعیہ وادویہ علاج، حفاظت اطفال (بچوں کا علاج) مختلف انواع واقسام کے تجربات، اسم باری کی خصوصیات مع زکوٰۃ کے اور نقوش اعدادی وعربی وفوائدات وغیرہ

اب اس چھٹے حصہ میں تسخیر ورجعات کے متفرق عملیات تسخیر سلاطین، تسخیر امراء ووزراء، تسخیر خلائق، تسخیر مرد وزن، تسخیر زوجین تسخیر عوام الناس، چند عملیات بغض وعداوت کے جو جائز مقام پر استعمال ہوتے ہیں اور شر اعداء سے حفاظت وغیرہ پر یہ چھٹا حصہ مشتمل ہوگا۔

بامداد رب العالمین وصدقہ سرور کائنات فخر موجودات وآل وازواج مطہرات وصحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تابعین تبع تابعین، اولیاء کرام، بزرگان دین کی برکتوں سے یہ چھٹا حصہ پایہ تکمیل کو پہونچیگا۔ یہ مشکل کام آسان ہوکر منزل مقصود کو پہونچیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ فقط

فقیر حافظ جمیل احمد جمیل سکندر پوری

دعائے جامع التسخیر

اول اس دعائے تسخیر کی زکوٰۃ ادا کرے۔ طریقہ یہ ہے۔ اول شب پنجشنبہ عروج ماہ سے شروع کرے اور ۳۶۰ مرتبہ روز بعد نماز عشاء پڑھے۔ ایک لباس، ایک کمرہ، پاک صاف ہو، برابر چالیس روز تک۔ صرف مٹھائی کا پرہیز کرے۔ چالیسویں روز سوا سیر حلوا تیار کرے مغزیات ڈال کر۔ خود کھائے اور چھوٹے بچوں کو کھلائے۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

اسناد وفوائد

(۱) اس دعائے تسخیر کو بروز پنجشنبہ پڑھے اور دن میں روزہ رکھے اور رات میں تین سو مرتبہ پڑھے عجیب وغریب روحانیت کا معاینہ کرے۔

(۲) اگر کوئی چاہے کہ عوام الناس مخلوق خدا مرد وزن مسخر ہوں۔ تو چالیس دانہ چاول کے لاوے اور ہر دانہ پر چالیس مرتبہ پڑھے اور اس چوراہے میں ڈالے جہاں آمد ورفت عوام الناس کی زیادہ ہووے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا عوام الناس مرد وزن امراء حکماء سلاطین ووزیر مسخر ہوں۔

(۳) اگر کسی شخص کا دشمن قوی ہو تو اس کو چاہیئے کہ چاول کے چالیس دانہ لاوے بروز یکشنبہ بتعداد نام دشمن ہر ایک دانہ پر پڑھے اور دشمن

کے مکان کی چھت پر ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد خراب و برباد
ہوگا اور اذیت رسانی سے باز آئیگا۔

(۴) اگر کوئی شخص چاہے کہ پریوں کو مسخر کروں تو بعد نماز عشاء سات روز تک تین ہزار مرتبہ روز پڑھے۔ ایک کرتہ پیروں تک پہنے اور سر پر لال رومال باندھے کپڑا سوتی ہونا چاہیئے انشاء اللہ تعالیٰ سات پریاں حاضر خدمت ہو کر حکم بجالائیں گی اور اطاعت کریں گی۔

(۵) اگر کسی کو جن بھوت پریت کا اثر ہو تو اس عزیمت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔

(۶) اگر کوئی شخص چاہے کہ کسی کو اپنی محبت میں دیوانہ کرے تو اس عزیمت کو عود کی لکڑی پر سات مرتبہ پڑھ کر زیر دامن کمر بند میں باندھے انشاء اللہ مطلوب دیوانہ و فریفتہ ہوگا۔

(۷) اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو اس عزیمت کو ۴۰ مرتبہ شیرینی پر دم کر کے کھلائیں انشاء اللہ مطلوب دیوانہ و شیدائی ہوگا۔

عزیمت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ وَالْاَرْوَاحِ وَصَاحِبِ السِّتْرِ وَالْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ مِنْ کُنُوْزِ الْمَلٰئِکَۃِ بِحَقِّ مَیْمُوْنَ
زَنگی وَبِحَقِّ مَیْمُوْنَ حَبْشِیْ اَخْرِجِ الْجِنَّ وَ
الْجِنِّیْنَ اَخْرِجِ الْاَحْمَرَ وَالْاَفْرِیْتَ اَخْرِجُوْا
مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَ مَقَامٍ بِحَقِّ سُلَیْمٰنَ بْنِ دَاوٗدَ

عَلَیْہِمَا السَّلَامُ یَا قَوْفَلُ یَا قَوْفَلَانُ یَا ھِرَقْلُ یَا ھِرَقْلَانُ
یَا عَجُوْزُ اُمُّ الصِّبْیَانِ خَلِّ ھِلْتِ بِحَقِّ تَوْرِیْتِ
مُوْسٰی وَالْاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَ زَبُوْرِ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ
وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ
بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ۰ وَاَرَادُوْا بِہٖ کَیْدًا
فَجَعَلْنٰھُمُ الْاَخْسَرِیْنَ ۰

برائے فتوح و تسخیر

اگر کوئی شخص چاہے کہ فتوحات اکمل درجہ کی حاصل ہوں اور تسخیر خلائق اور عوام الناس کا متمنی ہووے تو زکوٰۃ سورہ مزمل شریف کی اس طریقہ سے ادا کرے تو تمام خلائق رجوع ہووے۔ اور اکمل الکمال فتوحات حاصل ہوویں۔ ترکیب زکوٰۃ:۔ اول درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ لِعَدَدِ مُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِصِ بعدہٗ سو مرتبہ یہ پڑھے۔ یا حنان وَسِعْتَ کُلَّ شَیْئٍ رَّحْمَۃً وَّعِلْمًا یَا حَنَّانُ بعدہٗ ایک سو گیارہ مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھیں بعدہٗ یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھیں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الشَّرِیْفَۃِ بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بعدہٗ ایک سو گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اول چلہ مکمل ہوا پھر دوسرا چلہ پڑھے۔ دعا و درود شریف سابق طریقہ سے پڑھے جائینگے۔ صرف سورہ مزمل شریف اکیاسی مرتبہ پڑھی جائیگی۔ پھر تیسرا چلہ

شروع کر دیا جائے اس میں دعاء و درود شریف سابق تعداد کے
مطابق پڑھے صرف سورہ مزمل شریف اکتیالیس مرتبہ پڑھی جائیگی۔
تین چلہ پورے ہونے کے بعد، روزآنہ گیارہ مرتبہ بعد نماز فجر یا بعد نماز
عشاء ورد میں رکھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی مجرب و مصدقہ عمل ہے۔

برائے رجوع خلائق

اگر کوئی شخص چاہے کہ مخلوق خدا مسخر اور رجوع ہووے تو اس شخص کو
چاہیئے کہ بعد نماز مغرب اس دعاء کو ستر مرتبہ پڑھے ہمیشہ، انشاء اللہ
بیشمار مخلوق خدا مسخر اور رجوع ہوگی اور تابعداری اختیار کریگی۔ عوام
کے ساتھ حسن ظن سے پیش آئے اور تواضع اختیار کرے۔ وہ دعا یہ ہے
اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُجِيْرُ وَاَنَا الْمُسْتَجِيْرُ وَمَنْ يَّدْعُ
الْمُسْتَجِيْرُ اِلَّا الْمُجِيْرُ يَا رَبِّ۔

برائے فتوح و تسخیر

اگر کوئی شخص سریع التاثیر فتوحات و تسخیر حاصل کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ
اس دعاء کی زکوۃ ادا کرے انشاء اللہ بیشمار فتوحات و تسخیرات و
رجوعات حاصل ہوں اور مرض دلی دور ہو اور یقین کامل حاصل ہو۔

ترکیب زکوۃ:۔ یہ زکوۃ الگ کمرہ میں یا جامع مسجد میں ادا کرے۔
اول بعد نماز فجر نماز والا درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اول آخر پڑھے
بعدہٗ عزیمت مندرجہ ذیل چار ہزار چار سو چوالیس مرتبہ پڑھے چالیس
روز تک انشاء اللہ زکوۃ پوری ہوگی۔ دوسرا اور تیسرا چلہ کرنا مستجاب
اور افضل ہے۔ عزیمت یہ ہے۔ یَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ

یَا اَللّٰهُ الْمَحْمُوْدُ بعدہٗ گیارہ مرتبہ روزآنہ ورد میں رکھے۔ فقط

برائے تسخیر و فتوح

اگر کوئی شخص چاہے کہ کمال درجہ کی فتوحات میسر آئیں اور تسخیر خلائق و جن و بشر و
وحوش و طیور و امراء و وزراء و سلاطین و فقراء سالکین و مجذوبین و
سیارگان و مؤکلان کی حاصل ہو تو اس عمل مذکورۃ الذیل کو عمل میں
لادے اور زکوۃ مندرجہ ذیل طریق سے ادا کرے انشاء اللہ تعالیٰ فتوحات
غیبی و ظاہری حاصل ہووے اور تسخیر میں درجہ کمال کو پہونچے وہ عمل یہ ہے
ترکیب زکوۃ:۔ عروج ماہ میں شب پنجشنبہ یا شب جمعہ سے شروع کرے
مگر ان دنوں میں چاند کی ۳ تاریخ نہ ہو اس کا خاص خیال رکھے۔ اور مقام
عمل پر کسی عورت یا امرد (بے ریش لڑکا) کا گذر بھی نہ ہو۔ اول ایک
مکمل کالے بکرے کا دل لادے اور اسی بکرے کا جگر بھی لادے۔ اور دونوں
کو الگ الگ رکھے۔ دل کے اوپر سات سو مرتبہ عزیمت الذیل پڑھے۔
وہ عزیمت یہ ہے:۔ یَا نُوْرَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدَاهُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقَ
الظُّلُمَاتِ بِنُوْرِهٖ یَا نُوْرُ بعدہٗ گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ یا
مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ
یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ دعائے من
اجابت کن و مراد رچشم بندگان محترم گرداں یا ارحم الراحمین۔ بعدہ
اس عزیمت کو مع دعا کے لکھ کر مشک و زعفران سے۔ دل کے اندر رکھے
اور وہ دل جامع مسجد کے دروازے میں دفن کرے۔ دل لیکر مسجد میں
آتے جاتے راستہ میں عزیمت مذکور کا ورد رکھے اور واپس گھر لوٹ

آئے اور پھر اکتیالیس مرتبہ پڑھ کر جگر پر دم کرے اور اکتیالیس مرتبہ ہی جگر پر چاقو مارے اس کے بعد اس جگر کو روغن زرد و زعفران میں بھون کر کھاوے اور دعا اپنے مقصد کی کرے بوقت عمل عطر جسم پر ملے اور عود و عنبر جلاوے عمل کرنے کے بعد چالیس مرتبہ ہمیشہ ورد میں رکھے انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔ ایک روزہ عمل ہے مجرب و مصدقہ ہے

برائے تسخیر و رجوع

اگر کوئی شخص کسی کو اپنی طرف رجوع کرنا اور تسخیر و مہربان کرنا چاہے تو اول زکوۃ اس صورت سے ادا کرے کہ بعد نماز عشاء ۴۱ (اکتیالیس) مرتبہ پڑھے اکتیالیس روز تک۔ جگہ ایک لباس ایک وقت معینہ پر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زکوۃ ادا ہوگی۔ وقت ضرورت سات مرتبہ پڑھ کر مطلوب پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً رجوع اور مخاطب ہوگا۔ وہ عزیمت یہ ہے

يَا عَزِيْزُ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ بِحَقِّ يَا عَزِيْزُ۔

برائے رجوع

اگر کوئی شخص چاہے کہ حاکم و ظالم امراء مسخر و رجوع ہوں تو اس عزیمت کو پڑھتا ہوا اس کے پاس جاوے انشاء اللہ ظالم و جابر حاکم بھی شفقت و الفت سے پیش آوے اور بات کو دلجوئی سے سنے وہ عزیمت یہ ہے "الٰہی بحرمت پیر دستگیر سید المرسلین خاتم النبیین سرور سروران سلطان پیغمبران احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین ؂ لاتعداد پڑھے مجرب ہے۔

برائے رجوعِ مطلوب

اگر کوئی شخص چاہے کہ میرا مطلوب رجوع و فریفتہ ہووے تو اس کو چاہیئے کہ کریہ تین دن کا عمل کام میں لاوے۔ وہ عمل یہ ہے۔ عروج ماہ میں شروع کرے اور تین روزے رکھے بعد نماز عشاء دریا کے کنارے بیٹھ کر پڑھے اور تین رکابی شیر تیار کرے کم از کم سوا پاؤ روزآنہ ایک رکابی ساتھ لیکر جاوے اور فاتحہ پڑھے اور حضرت علیہ السلام کو ایصال ثواب کرے اور خود کھائے اور دریا میں ڈالے بعدہ ۱۳ مرتبہ روز یہ عزیمت پڑھے۔ یہ عمل تین روز کا ہے۔ عزیمت یہ ہے

اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ "فلاں بن فلاں ہم سے رجوعات آس کست درد گرد مبتلا ہو مجرب و مصدقہ و آزمودہ ہے۔

دُعائے بشمخ یازدہ اسمی

برائے فتوح و تسخیر

اگر کوئی شخص چاہے کہ روحانی شے مثل پریاں، اجنہ موکلہ کی تسخیر حاصل ہووے تو اس شخص کو چاہیے کہ اس دعائے مذکورۃ کا عمل کرے تو ایک عورت جمیلہ نام کی پری حاضر ہوگی اور تابعداری کریگی اور تسخیر جن و بشر وحوش وطیور چرند و پرند کی مکمل حاصل ہوگی انشاءاللہ مجرب ہے وہ عمل یہ ہے۔ اوّل چالیس روز تک روزانہ استغفار، درود شریف و سورۂ اخلاص و سورہ فاتحہ ہر ایک ہزار مرتبہ پڑھے بعدہ چہار شنبہ کا روزہ رکھے اور بوقت شب پنجشنبہ غسل کرے اور سفید لباس پہنے اور بدن پر خوشبو ملے اور لوبان اگربتی وغیرہ جلائے کمرہ خالی ہو، الگ ہو، جہاں عورت کا سایہ نہ پڑے۔ ختم خواجگان پڑھے اور ایصال ثواب کرے بعدہٗ یہ دعا پانچسو مرتبہ پڑھے درمیان میں ایک عورت نوجوان حاضر ہوگی کلام نہ کرے پڑھتا رہے بعد تعداد پوری ہونے کے وعدۂ تسخیر و اطاعت کا کرے وہ وعدہ کرے گی اور وقت ضرورت حاضر ہوگی مختلف امور بجالائیگی مگر ناجائز کام کوئی نہ لے ورنہ ہذیان و نقصان ہوگا۔ دعا یہ ہے:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

یَا بُشۡمُخُ بَشۡمَخُ دَنُہَا مُوۡنَ شَیۡءٌ تَیۡشُوۡنَ۔ اَللّٰھُمَّ یَادَالُوۡنُ مَلۡخُوۡتُوۡ اِیۡمُوۡنَ ط اَللّٰھُمَّ یَا رَغِیۡثُ اَرۡغِیۡثُ اَفۡلَامُوۡنَ اَللّٰھُمَّ یَارَحۡمُوۡنَہٗ وَارۡضِیُ الرَّحِیۡمُ وَارۡدِیۡ سُوۡنَ اَللّٰھُمَّ یَاحَیۡصُوۡرًا مَیۡسُوۡرًا اَرۡخَصُ وَارۡمَلۡیُوۡنَ اَللّٰھُمَّ یَااَھۡیَا شَرَاھِیَا اَرۡوَنِیۡ اَسۡبَاۡوُنَ اَمۡبَا وَتُوۡتُ اَللّٰھُمَّ یَارَغِیۡثُ سَیۡفۡتُوۡنَ اَللّٰھُمَّ یَااَشۡیَرًا اَشۡمَخۡ اَسۡمَآءُ اَسۡمَاءُوۡنَ ط اللھم یَا مَلۡکُوۡنُوۡ اَمۡلُوۡنَا سَلۡخَا مَاسُوۡنَ ط اَللّٰھُمَّ یَا عَلَّامُ اَرۡعِیۡ بَرۡنُوۡنَ اَللّٰھُمَّ یَااَشۡمَخۡ سُسۡخِصُ مَلَامُوۡنَ ط یَامَنۡ اَمۡرُہٗ بَیۡنَ الۡکَافِ وَالنُّوۡنِ ط اِنَّمَا اَمۡرُہٗ اِذَا اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنَ ط فَسُبۡحَانَ الَّذِیۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّاِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ط

خواص دُعائے بشمخ

برائے فتوح و تسخیر

اس دعائے مبارکہ کے خواص بیشمار ہیں مختصراً مجرّبہ و مصدّقہ آزمودہ تحریر کرتا ہوں۔

خاصیّت اوّل

حضرت غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی قمر و مریخ و مشتری کو تسخیر کرنا چاہے تو پندرہ روز تک روزہ رکھے اور رات میں پچیس مرتبہ پڑھے۔ چودہ روز گذرنے کے بعد جو پندرہویں شب آئیگی

غسل کرے اور سفید لباس پہنے اور خوشبو لگائے اور ترک حیوانات
جمالی و جلالی کرے بعدہ' دو رکعت تحیۃ الوضو پڑھے اور بحضور رب العلمین
بعاجزی و انکساری رقت و آہ و زاری کے ساتھ پڑھے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ
تینوں ستارے مسخر ہوں گے۔

خاصیت دویم

اگر کوئی شخص از حد تنگ دستی میں مبتلا ہو
تو دس روز روزے رکھے اور بعد نماز
عشاء پندرہ مرتبہ روز پڑھے ۔ اور دسویں شب کو غسل کرے ۔ جامہ
سفید پہنے اور نصف شب کو پڑھے اول چار رکعت نفل ادا کرے
بعدہ استغفار دس مرتبہ پڑھے ۔ اور دس مرتبہ درود شریف اور چہ
بار سبحان اللہ پڑھے ۔ درمیان میں ایک مرد اور ایک عورت حاضر ہوں
گے ۔ پڑھنے کے دوران ان سے قطعاً بات نہ کرے بلکہ پڑھتا رہے بعدہ
دعا لیوے انشاءاللہ مرد و عورت مسخر و تابعدار ہوں گے۔

خاصیت سویم

اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن درپئے آزار ہو
اور شرعی اعتبار سے وہ سزا کا مستحق ہو تو اس
طریقہ کو کام میں لاوے ۔ سات روز تک روزے رکھے اور نیم شب غسل
کرے اور دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور دس مرتبہ دعائے مذکورہ
کو پڑھے اور دشمن کے دفع ہونے کا خیال رکھے انشاءاللہ دشمن تائب
ہوگا ۔ معذرت چاہیگا ۔ اور دشمنی سے انشاءاللہ تعالیٰ باز آئیگا۔

خاصیت چہارم

اگر کوئی شخص مطلوب کو تابعدار بنانا چاہے
تو چودہ روز تک روزے رکھے اور زہر

نماز کے بعد چودہ مرتبہ دعائے مذکور پڑھتا رہے اور چودہویں روز
نصف شب کے وقت غسل کرے عطر لگائے اور لوبان وغیرہ جلائے اور
دعائے مذکور چودہ مرتبہ پڑھے بعدہ' یہ کہے ۔ یا بار خدا یا بزرگ تر ازیں
نامہا ندیدم کہ ترا شفیع آرم ۔ ایں نامہا بزرگ اند مراد در دل فلاں ابن
فلاں مقبول و بزرگ گرداں " ستر مرتبہ تکرار کرے انشاءاللہ تعالیٰ ۔
مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

خاصیت پنجم

اگر کسی شخص کو تنگیٔ معاش کی شکایت ہو
تو ہر روز سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ
روزی فراخ ہووے۔

خاصیت ششم

اگر کسی شخص کو کسی بھی قسم کا خطرہ لاحق
ہووے تو اس دعائے مذکورہ کو
گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء بحضوری قلب پڑھے انشاءاللہ ہر قسم کا خطرہ دور ہو

خاصیت ہفتم

اگر کوئی شخص شوق و ذوق مزید چاہے یا
بوقت عمل خواب بند ہوں تو اس دعائے
مذکور کو سات مرتبہ پڑھے تو خواب کشادہ ہوں اور شوق و ذوق میں
پختگی آوے اور زیادتی ہووے۔

خاصیت ہشتم

اگر کوئی ہمیشہ ستر مرتبہ روزانہ بعد نماز
فجر ورد رکھے محبت و عداوت و عقد
اللسان یعنی زبان بندی میں کمال حاصل ہووے اور چوٹ سے
جلنے سے ، زہر سے اور موذی جانوروں کے کاٹنے سے و زہر سے محفوظ

رہے۔ اور آب رواں میں ڈوبنے، آتش سوزاں کے جلانے سے محفوظ و مامون رہے اور آفات و بلایات ارضی و سماوی و ناگہانی سے سلامت رہے دیو، پریاں، آسیب، جنات و جادوگران کے شر سے ضرر سے محفوظ رہے انشاءاللہ تعالیٰ۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

خاصیت نہم | اگر کوئی شخص اطاعت و تسخیر جنات کی خواہش رکھے تو بپرہیز جمالی و جلالی کے ساتھ چالیس تک یکسوئی و تنہائی میں تین ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تسخیر جنات حاصل ہووے۔ اور اجنہ اطاعت و فرمانبرداری بجالائیں۔

خاصیت دہم | اگر کسی شخص کو سانپ کاٹ کھائے تو اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اور اسی دم شدہ پانی کے چھینٹے ماریں انشاءاللہ تعالیٰ زہر جلد اتر جائیگا۔

خاصیت یازدہم | اگر کوئی شخص بہ نیت اعدا اس دعا کو تین ہزار مرتبہ ۱۱ روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سخت سے سخت دشمن بھی معذرت چاہے گا اور غلام بنا رہیگا۔

خاصیت دوازدہم | اگر کوئی شخص بہ نیت حفاظت بیندہ مرتبہ روز پڑھے تو چار مؤکل نگہبانی پر مامور ہوں اور عامل کو کسی قسم کا گزند نہ پہونچے۔

خاصیت سیزدہم | اگر اس دعائے مذکور کو لکھ کر دیوانہ و مصروع کے گلے میں باندھے تو انشاء

اللہ تعالیٰ صحت کامل حاصل ہووے

خواص اسماء دوازدہ

اس دعائے دوازدہ اسمی کے علیحدہ علیحدہ خواص اس صورت سے ہیں

اسم اول | اگر دعائے مذکورہ کے اول اسم کا ورد ۱۴ مرتبہ روز کرے تو وساوس شیطانی سے سلامت و محفوظ و مامون رہے

اسم دویم | جو شخص اسم دویم کا ورد کرے گا وہ رنج و الم سے مصیبت و صعوبت سے امراض جسم سے نظر بد سے محفوظ و سلامت رہے تعداد سابق ہے اور وقت سب کے پڑھنے کا بعد نماز عشاء رہی ہے

اسم سوئم | اس اسم کا ورد کرنے والا شخص سستی و کاہلی و غفلت و نسیان سے محفوظ رہیگا۔

اسم چہارم | اس اسم کا ورد کرنیوالے شخص کو سانپ کے کاٹے اور بچھو کے کاٹے کا اثر نہ ہوگا۔

اسم پنجم | اس اسم کا ورد کرنے والے شخص پر قوی سے قوی شخص بھی غالب و قادر نہ ہوگا۔

اسم ششم | اگر کوئی شخص اس اسم کا ستر مرتبہ ورد کرے تو وہ شخص اہل کمال و باکرامت ہوگا مجرب ہے۔

اسم ہفتم — اگر کوئی اس اسم کو پچاس مرتبہ روز پڑھے تو دل کا زنگ دور ہووے اور روشن قلب ہو اور حافظ ہووے۔

اسم ہشتم — اگر کوئی شخص اس اسم کو پندرہ مرتبہ روز پڑھیگا تو قوی سے قوی دشمن بھی زیر و مقہور و مغلوب ہوگا اور بارعب عامل ہوگا

اسم نہم — اگر کوئی شخص اولاد نرینہ کا طالب ہووے تو اس اسم کو زعفران سے لکھ کر تین ماہ کی حاملہ کی کمر میں باندھے تو انشاء اللہ حمل بھی محفوظ رہے اور اولاد نرینہ پیدا ہووے۔

اسم دہم — اگر کوئی اس اسم کو لکھ کر مطلوب کو میٹھی شے میں کھلائے یا پڑھ کر دم کر کے پلائے تو محبوب مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

اسم یازدہم — اگر کوئی اس اسم کو لکھ کر تپ لرزہ والے مریض کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ صحتیاب ہووے۔

اسم دوازدہم — اگر کوئی شخص اس اسم کو سات مرتبہ روزانہ پڑھے جمیع آفات و بلایات سے محفوظ و مامون رہے۔ اور خلائق عوام الناس مرد و زن دوست ہوں۔

دعائے دوازدہ اسمی

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝

(۱) اللھم یا بشمخ بشمخ ذالھا موشیطون ۝

(۲) اللھم یا ذانوملخو ارموتون اداشون ۝

(۳) اللھم یا خیثو میمون ارقس و ارعلیون ۝

(۴) اللھم رحمتا دھلیلون میتطرون ۝

(۵) اللھم یا برختیثو افلاطون ۝

(۶) اللھم یا رخموث ارخیم ارخیمون ۝

(۷) اللھم یا اھیا اشراھیا اذونائی اصباؤت اصباؤثون ۝

(۸) اللھم یا نور ارغیش رغی تثلیثون ۝

(۹) اللھم اشبر اسماء اسما ؤوت ۝

(۱۰) اللھم ملیعوثا املیخا ملخون ۝

(۱۱) اللھم یا علام ارعی برنون ۝

(۱۲) اللھم یا مشمخ مشمخیثا مثلامون واللہ اعلم بین الکاف والنون انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون ۝ فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شیء والیہ ترجعون ۝ اللھم انی اسئلک ان حفظنی من بلاء و آفۃ و عاھۃ و وجع و کل علۃ و من کل فتنۃ و من کل شدۃ و بلیۃ و زلزلۃ و زلزلہ و من شر کل شیطان الرجیم و من شر الشیطان الجابر و من شر الجن والانس و من شر حاسد اذا حسد الٰھی بحق ھذہ الدعاء و بحق ھذہ الاسماء و بحق ھو یا من ھو یا من ھو ھو یا من ھو

هُوَ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَحْفَظْنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَایَاتِ
وَالْاٰفَاتِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ سَیِّدُ النَّبِیِّ وَاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؕ

برائے رجوع وفتوح

اگر کوئی شخص روزگار سے معزول ہو یا کسی شخص کو رجوع کرنا چاہے
یا مطلوب کو اپنی محبت میں بیچین کرنا چاہے تو وہ شخص اس عمل کو پڑھے
اوّل زکوۃ ادا کرے۔ ترکیب زکوۃ یہ ہے۔ اوّل و آخر
۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک ہزار اکیاون مرتبہ عزیمت
مندرجہ ذیل پڑھے چالیس روز تک انشاءاللہ زکوۃ ادا ہوگی
بعد ادا کرنے زکوۃ کے طلب روزگار کیلئے گیارہ روز تک پڑھے
تو روزگار حاصل ہو۔ اگر نوکری سے معزول شخص ۱۱ روز تک
سات مرتبہ روز بعد نماز عشاء پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ نوکری
بحال ہوجائے۔ اگر کوئی تبادلہ چاہے تو اکیس روز ۹۰۰ مرتبہ بعد
نماز عشاء پڑھے اور حاکم کا تصور رکھے۔ انشاءاللہ تبادلہ ہوجائے
اگر کوئی شخص مطلوب کو بلانا چاہے تو پانچ سو ایک مرتبہ بعد نماز عشاء
سات روز یا گیارہ روز تک پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب حاضر
ہوگا۔ وہ عزیمت یہ ہے "اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَنِیُّ وَاَنَا الْفَقِیْرُ دو
فَمَنْ یَدْعُ الْفَقِیْرُ اِلَّا الْغَنِیَّ یَا رَبِّ بِحَقِّ یَالُوْمَایِیْل
مجرب و آزمودہ ہے۔

برائے حب

اگر کوئی شخص چاہے کسی مطلوب کو اپنے عشق
میں دیوانہ کرنا تو اس عزیمت کو سات کاغذ
کے ٹکڑوں پر لکھے دوشنبہ یعنی پیر کے دن بعد نماز ظہر الگ الگ
لکھ کر تیار کرے اور مطلوب کا نام لیکر مقصد کہہ کر ایک ایک آگ
میں جلائے تین پیر تک ایسا ہی کرے انشاءاللہ مطلوب اگر ہزار
کوس بھی دور ہوگا فی الفور حاضر ہوگا۔ اور ہمیشہ تابعدار رہیگا۔

عزیمت یہ ہے

سجود	عجو	صافع	سمع	سمغ	صیح	صهمه

طالب فلاں بن فلاں مطلوب فلاں بن فلاں مبتلا شود عاشق گردد حاضر آید۔

برائے حب وتسخیر

یہ عمل صوفی لعل محمد باشندہ نارنولی سے حاصل ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی
شخص کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے۔ تو عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ
بوقت اشراق سوا کلو مٹھائی لائے اور چار حصہ کرے اور فاتحہ ختم خواجگان
کرے ایک حصہ پر بنام اللہ دوسرے حصہ پر بنام محمد رسول اللہ تیسرے
حصہ پر بنام پنجتن چوتھے حصہ پر بنام حضرت یوسف و زلیخا پڑھے۔
بعدہٗ درود شریف (اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھے) اور پانچسو مرتبہ
عزیمت مذکورۃ الذیل پڑھے اور یہ عمل چالیس روز پڑھے۔ پرہیز
ہر قسم کے گوشت سے کرے۔ پڑھنے کے دوران دیگر کوئی کلام نہ کرے
اور مطلوب کا تصور رکھے۔ کیسا ہی سخت متکبر و صاحب جلال مطلوب ہو
زیر ہوگا تائب و نادم ہوگا اور فرمانبردار ہوگا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔
مِلْ نِیُوْ مِیْکَائِیْلُ مَالِیُوْ مِیْکَائِیْلُ لَا اِلٰہَ اِبْلِیْسُ اِلَّا اللّٰہُ
بَلِیْسُ بِبَرَکَتِ کلمۂ خاص۔ لاموکل فلاں بنت فلاں کو ہمارے پاس

بحقِ محمد رسول اللہ

برائے تسخیر و رجوع KMK

اگر کوئی شخص کسی شخص کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ عروج ماہ میں بعد نماز عشاء پڑھے اکیس مرتبہ ہر ایک سیاہ مرچ پر اور اکیس ہی سیاہ مرچ روزانہ پڑھے اور آگ سامنے رکھے ساتھ ہی پڑھ کر جلاتا جائے یہ عمل تین یا سات روز یا پھر گیارہ روز تک مسلسل کرتا رہے انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا مطلوبہ شخص دیوانہ و فریفتہ ہو کر تابعداری کریگا عزیمت یہ ہے تلی ملی لگا دے اللہ، سانس نہ لینے دیوے محمد رسول اللہ، جلدی سے ملا دے محبوب کا پتہ جوں جوں مرچ جلے فلاں بنت فلاں کا کلیجہ جلے جلد آملے ورنہ عشق کی آگ میں جلے۔

برائے تسخیر و محبت

اگر کوئی شخص کسی شخص کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ اس عمل و نقش کو کام میں لادے انشاءاللہ تعالیٰ سخت دل بھی دیوانہ وار عاشق ہوگا۔ عروج ماہ میں آخر شب یعنی تہجد کی نماز کے بعد اکتالیس نقش لکھے اور ہر نقش پر ایک ایک مرتبہ الحمد شریف پڑھے بعدہٗ گولیاں بنائے ایک گولی خود کھائے دوسری کنوئیں یا نل کی جڑ میں گاڑ دیں اور باقی گولیاں آبِ رواں میں بہائے

نقش یہ ہے:

١ ٤ ٢ ٣ ٩ ٦ ٨ ٧ ١٠

طالب فلاں بن فلاں مطلوب فلاں بنت فلاں مبتلا شود

برائے حُب و تسخیر KMK

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے مطلوب کا جلال و غرور ٹوٹے اور عاجز آوے مسخر و مہربان ہو کر تابعداری کرے تو اس کو چاہیئے کہ سورہ ہمزہ "ویل لکل" پوری نان پر لکھے یعنی جو کا آٹا لادے اور گوندھ کر نان بنادے اور زعفران سے لکھے پھر تنور میں لگا کر پکا دے اور لال رنگ کی گھوڑی کو کھلائے یہ کام عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ کرے انشاءاللہ کامیابی ہوگی مجرب ہے

برائے تسخیر و حُب KMK

اگر کسی شخص کا مطلوب یا زوجہ بگڑ کر چلی جائے تو اس شخص کو چاہیئے کہ اس عمل کو کام میں لائے عروج ماہ میں شنبہ و یکشنبہ و دوشنبہ روزہ رکھے اور جنگل جا کر تنہائی کی جگہ عزیمت مذکورہ کو آٹھ سو چھ بار پڑھے روزانہ تین روز میں زکوٰۃ ادا ہوگی بعدہٗ وقت ضرورت شنبہ و یکشنبہ و دوشنبہ دن میں روزہ رکھے بعدہٗ رات کو ۴۱ مرتبہ روز سیاہ مرچوں پر پڑھ کر دم کرے اور ہر مرچ پر پڑھ کر آگ میں جلاتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ دلی مقصود تین دن میں حاصل ہوگا۔ عزیمت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ یَا مُسَخِّرُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سَخِّرْ لِیْ اَللّٰھُمَّ لَیِّنْہُ عَلَیَّ وَوَلَدِیْ اَللّٰھُمَّ اَلْقِ مَحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِہٖ وَاجْعَلْہُ عَلَیَّ مَصْرُوْفًا بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ؕ

برائے حب و تسخیر عطر

اگر کوئی شخص چاہے کہ فلاں شخص میرا تابعدار ہو وے تو اس کو یہ عمل عطر کرنا چاہیئے عروج ماہ میں شروع کرے دریا کے کنارے

افضل ہے ورنہ کسی تالاب یا کنوئیں کے کنارے پڑھے یا ایک طشت میں پانی بھر کر رکھے اور عزیمت مذکورہ ۳۱۲۵ مرتبہ روز پڑھے۔ اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ مرتبہ پڑھے چالیس روز کا یہ عمل ہے روزانہ عطر پر دم کرتا رہے چالیسویں روز شیرینی پر دم کرے انشاءاللہ زکوۃ ادا ہوگی۔ وقت ضرورت مع چہار کس نام طالب و مطلوب کے پڑھ کر دم کرے اور عطر کپڑوں میں لگائے وہ شخص فوراً رجوع ہوگا اور تابعداری کریگا۔ وہ عزیمت یہ ہے: یَا اَللّٰہُ یَا کَرِیْمُ یَا عَزِیْزُ یَا رَحِیْمُ۔

برائے تسخیر زوجین

اگر کسی عورت سے اس کا شوہر یا مرد سے اس کی بیوی ناراض و خفا ہوں تو اس نقش کو لکھ کر دیوے۔ ۸ عدد نقش تیار کرے ایک نقش عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے باقی سات نقش کسی میٹھی چیز میں گھول کر پلائیں اسی طرح مرد کرے یعنی ایک نقش اپنے بائیں دائیں بازو پر باندھے اور سات نقش بیوی کو پلائے انشاءاللہ مسخر و مہربان ہوگی۔

و	ب	ا	ه
ا	ه	و	ب
ه	ا	ب	و
ب	و	ه	ا

طالب فلاں مطلوب فلاں ابن فلاں مبتلا شود و عاشق گردد

برائے تسخیر

طریقہ زکوۃ اس نقش عظیم کا یہ ہے کہ چالیس روز تک ۶۰ عدد نقش روز لکھ کر ندی یا نہر میں بہائے۔ روز بھی بہا سکتے ہیں اور کئی روز کے اکٹھا کر کے ہفتہ دو ہفتہ کے ایک ساتھ بھی بہا سکتے ہیں لکھتے وقت شیرینی منہ میں رکھنا چاہیئے دوران زکوۃ

۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱ یابدوح نام ہر چہار کس	۳

پرہیز جمالی کرنا ضروری ہے تسخیر و محبت التفات و شفقت کے علاوہ کسی بھی حاکم وامیر و دوست کے بلانے کیلئے اکسیر ہے موم جامہ کر کے دھونی دیکر ۲ پتھروں کے بیچ میں دبا کر رکھنا ہے۔ مقصد و مطلب براری کے بعد تعویذ کو پتھر کے نیچے سے نکال کر الٹا کر کے دبا دو۔ جس دوست کو بلایا تھا وہ چلا جائیگا۔

برائے حُب

اس عزیمت توریتی کو سفید کاغذ کے اوپر لکھیں باقاعدہ شرائط کے ساتھ یعنی اس کو جمعرات کے دن اول ساعت میں لکھیں۔ شیرینی منہ میں رکھیں اور منہ مغرب کی طرف کر کے لکھیں با غسل ورنہ باوضو ہونا ضروری ہے

عجحح عجحح عجحح

ا ۱۱۱۱۱ ععع ۹۹۵ ۱۱ ۱۱ مسسم ماور امجلا امجلہ

